شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً لله

لوب در سیر و شمایل حضرت محبوب سبحانی من توالیف عالم آگاه دل

منقبت دستگاه مولانا مولوی محمد باقر آگاه قدس سره المسمی

کتاب بملک الله تعالی مزاجی حاجی محمد روشن

وب القلوب

شهر ربیع الاول سنه ۱۲۸۱ هجری نبوی علی صاحبها افضل

و سلام باهتمام عاصی پر معاصی سید محمد مودود عفی عنه سیئاته

مطبع معدن فیض بحلیه طبع محلی گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد و نعت کے محمد باقر آگاہ شافعی قادری ویلوری توفیق دیو اُ
حق سبحانہ و تعالی کہتا ہی کہ مناقب حضرت محبوب سبحانی کے علی جد
الصلوۃ والسلام بے حساب ہین اس مناقب شریف کو علما اور اولیا چار قسم پر
ہین قسم اول یہہ ہی کہ وہ مناقب اقدس نسب کے کتابون ین لکھے
یعنی وہ کتابان کہ انمین ذکر اہل بیت کرام کا ہی علی جدہم و علیہ الصلوۃ والسلام
قسم ثانی یہہ ہی کہ وہ مناقب مقدس اسماء الرجال کے کتابان ین
ہین یعنی وہ کتابان کہ جن ین اکابر اولیا اور علما کا کہ اہل روایت و حدیث

رہی قسم تیسرا یہہ ہی کہ وہ مناقب اشرف کتب تواریخ وطبقات
بیا ہین لکھے ہین قسم چوتھا یہہ ہی کہ مناقب اس جناب انورکے علیحدہ
کرکے ہین یعنے خاص احوال اس جناب کے کتابان لکھے ہین ایسے مخصوص کتابان
بہت ہین اول انوار الناظر فی مناقب سید عبد القادر تصنیف شیخ ابو بکر
عبد اللہ بن نصر صدیقی شافعی کے قدس سرہ کہ مرید اس جناب اقدس کے تھے اور
دوسر کتاب روضۃ النواظر ونزہۃ الخواطر فی مناقب السید عبد القادر تصنیف
امام محمد بن سعید زنجانی شافعی کے قدس سرہ اور تیسری بہجۃ الاسرار ومعدن
الانوار تصنیف شیخ نور الدین علی شطنوفی شافعی کے قدس سرہ اور چوتھی خلاصۃ
المفاخر فی مناقب السید عبد القادر تصنیف امام عبد اللہ یافعی شافعی کے قدس سرہ
اور پانچوین روض الناظر فی مناقب السید عبد القادر تصنیف شیخ مجد الدین فیروز آبادی
شافعی قدس سرہ کے کہ مصنف قاموس کے ہین اور چھتی روض الزاہر فی مناقب
السید عبد القادر تصنیف حافظ قسطلانی شافعی کے قدس سرہ اور ساتوین عقد المفاخر
فی مناقب السید عبد القادر تصنیف سید عبد القادر عید روسی شافعی کے قدس سرہ ہیہ

سب کتابان عربی ہین اور سوا اُنکے اور کتابان بھی اُس جناب کے مناقب مین مرقوم
ہوے ہین لیکن اُن سب کتابون مین بہجۃ الاسرار نہایت دلکش و دلکشا اور طرب انگیز
اور جانفزا ہی الفاظ و معانی اُسکے جان فصاحت اور بلاغت اور مضامین دلنشین
اسکے لباب محبت و مودت ہین ہر حرف سے اسکے جوشش عشق کی ٹپکتی ہی اور رنگینی
اسکی وجد مین لاتی ہی غرض اسباب مین عجب نسخہ نفیس و نادر اور اول سے آخر تک لبریز
جواہر ہی اور بہت مبسوط و مطول اور بطور احادیث کی اسناد کے ساتھہ مدلل لکھا ہے
حق سبحانہ و تعالی اسکے مصنف کو تمام قادریہ کے طرف سے جزاے خیر دیوے اور فارسی کتابان
بھی اس مناقب قدسی مین بہت ہین جیسا ترجمہ خلاصۃ المفاخر کا کہ اسکے تکملہ بھی ہوتے
ہین اور نسایم اور تحفۃ القادریہ اور مناقب غوثیہ اور محبوب المعانی ای بھای ان
سب کتابون مین محبوب المعانی مبسوط و جامع ہی مصنف اسکے میر محمد صادق قادری اورنگابادی
قدس سرہ کہ حضرت کے جناب مین محو و فدا تھے تمام کتب کا خلاصہ اسمین لاے ہین اور سارے
سلسلونکی کتابونمین جہان ذکر حضرت محبوب والاقدام کا تھا سو اسمین نقل کئے ہین
ان کتابون سے اکثر اس غلام قادری کے مطالعہ مین آئے ہین لیکن محبوب المعانی بتمام و کمال

کرے جب جلوہ تیرا تکہ ظہورا — جبل ہیبت سے جل ہر مہ ہو پورا

پڑے موسی سریکا ہوش کہو تب — ہمین کس باغ کی مولی ہین یارب

وہلے مانند آن چوپان کہ نادان — ہوا تھا جہل سے تیرا ثنا خوان

اگرچہ ہین سب سمجھنے مین تیرے ہیچ — تری توصیف مین کہتے ہین کچھ کچھ

کرین ہم کیون ثنا تیری نہ دن رین — کہ ہی جی کو ہمیشہ اس سے سکھ چین

نہ کیون کر ہووے وہ نت یارجانی — کہ ہی بے شبہہ محبوب ربانی

ہی تیرا حمد دل کا روض ناضر — تیری تعریف ہی انوار ناظر

ثنا سے تیرے ہی سینے کو بہجت — ثنا سے تیرے ہی خاطر کو نزہت

ہی جانکا روضۂ زاہر ترا شکر — ہی دلکا تحفۂ نادر ترا شکر

ہی بحر زندگی کا در فاخر — خلاصہ دم کا ہی در سر وظاہر

ہی تیرا شکر ہر ذرے پہ واجب — نہ ہرگز ہون ادا اسکے مراتب

ہی سب پر فرض عین ای رب اعلا — خصوصاً ہم پہ ہی آن سب سے اگلا

کہ ہمکو امت خاتم کیا تون — بڑا فخر و شرف ہمکو دیا تون

کیا اتباع اس روح القدس کے — کہ رسل و انبیا امت ہیں اُسکے
دیا ہمکو کلام اپنا تو ایسا — کہ نین نتر سے کتابان بیچ ویسا
دیا تو ہمکو بعد اسکے برحمت — سب اُسکے آل و یاران سے محبت
عنایت کرکے ہمسکو یہہ تمامی — دیا تو ہمسکو ایسے کی غلامی
کہ سلک آل کا وہ واسطہ ہی — امامت اسے جسے نت رابطہ ہی
کیا تو جسکو محبوبان کا سلطان — کیا تو جسکو روح عالم جان
کیا تو اسکتین در ارض و افلاک — بلاشک شیخ جن و انس و املاک
دیا تو اسکو ایسی شان قدسی — ہی گردن اولیا کی جسکی کرسی
کیا یون قرب مین اسکو زبردست — کہ عالی منصبان وہان سب ہوے پست
دیا یون وصل مین اسکو تو مایہ — کہ نور اُسکا ہی اسکے جد کا سایہ
دیا ہی تو کرامات اسکو بیحد — دیا جون معجزات احمد کو بیحد
دیا سب اولیا اوپر اُسے راج — کیا جون انبیا اسکو سر تاج
کیا سب اصفیا کو اس سے کمتر — کیا نبیون کو جون اس سے بہتر

غرض وہ کچھہ دیا تو اسکو یارب — کہ نہین پایا اسے کوئی مقرب
کیا اس اوج رحمت کا اُسے سرور — کہ عالم حشر تک اس سے ہی پر نور
تو اُسکا فیض یون جلوے مین لایا — کہ لاکھون اولیا اس سے بنایا
ہی تیرا شکر یارب حد سے باہر — ادا کرنے مین اسکے ہم ہین قاصر
ہی تیرا حمد جون بے حد و غایت — ہی نعت مصطفی یون بے نہایت
ہی کیا طاقت قلم کی خس مین تیرے — کہ اسکی نعت کے دریا مین تیرے
ہی کیا یارا زبان نارسا مین — کہ بولے ایک سخن اسکے ثنا مین
جب اسکا نور چشم و پارۂ دل — کہ اسکے شخص کا ہی ظل کامل
ہوا ہی یون کمالون مین رسیدہ — کہ دیکھا نین کسیکا انکو دیدہ
تھکے ہین اولیا کے اسمین انظار — پڑے دیکھہ اسکو سب حیرت مین ایکبار
ہی یون محبوبیت مین اسکا پایا — کہ کوئی خواب مین اسکو نہ پایا
قسم دے حق اسے کھانا کھلایا — قسم دے حق اُسے کپڑے پنایا
کہا اسکو قسم دے کر تو کر بات — مین سنتا ہون تیری باتونکو خوشدہ صفات

جب اسکے عکس کا ہی رتبہ اسطور
ولے یہہ عکس یارب بو العجب ہے
نہ بول اسکو تو عکس سید کل
اسے سب اوپر لیا اوپر ہی شاہی
ہی اسکو او لیا مین شان نادر
نہین ہی مرتبون کو اُسکے کرتا کا
ولے سب اول و آخر کے ای یار
کئی ارباب و کشف و اہل عرفان
بھی اکثر اہل علم و فضل ای یار
کتابان اسمین ہین تعداد آنسے بہار
مصنف اسکا ہی از شہر شطنوف
تہا علم و فضل مین وہ بہت نامی
جناب غوث مین اور اسمین ای یار

مین نعت شخص بولون کیون تو کر غور
کہ اس مین شخص کے آثار سب ہے
کہ اسس جان جہان کا ہی تمثل
ولایت اُسکی ہی مہر تا جا ہی
سبہج مین اُسکے ہین الباب قاصر
ہی ہر ہر منتہی اسس پاس لڑکا
ہوے ہین وصف مین اسکے شکر بار
لکھے احوال مین اُسکے کتابان
لکھے اسکے مناقب کو بیان وار
نہین کوئی بہجۃ الاسرار کے سار
ہی نور الدین علی نام اسکا معروف
تہا کشف و معرفت مین بھی گرا
ہین بیشک واسطے دو تین او چار

ایضاً ۱۱۴

جلوہ اول ابتدا وعظ کے بیان مین جلوہ دوسرا کیفیت وعظ کے

۱۲۴

بیان مین جلوہ تیسرا بیچ بیان نفع پانے خلق کے اس وعظ شریف سے

۱۲۷

جلوہ چوتھا بیانمین تشریف لانے سید رسل اور انبیا اور ملایک کے بیچ

۱۳۴

مجلس وعظ حضرت کے صلی اللہ علیہ وعلیہم وسلم جلوہ پانچوان بیچ بیان

۱۳۶

خاموش ہونے سب اولیا کے وقت وعظ اس جناب کے جلوہ چھٹا بیچ

۱۴۵

بیان حالات نادرہ کے کہ وقت وعظ کے ظاہر ہوتے تھے جلوہ ساتوان بیچ

۱۵۵

بیان کلمات فخر و مباہات کے وصل ساتوان بیچ بیان قول قدمی ہذا علی رقبۃ

ایضاً

کل ولی اللہ اس وصل مین چھے جلوہ ہین جلوہ اول بیچ بیان اس قول شریف

۱۵۸

کے جلوہ دوسرا بیچ بیان گردن رکھنے اولیا کے کہ مجلس مین حاضر تھے

۱۶۵

جلوہ تیسرا بیچ بیان گردن رکھنے اولیا کے کہ مجلس سے اس جناب کے غایب تھے

۱۷۴ ۱۸۰

جلوہ چوتھا بیچ بیان حقیقت حال اس قول شریف کے جلوہ پانچوان بیچ

۱۸۵

بیان خبر دینے اولیا کے کہ یہ قول شریف امر الہی تعالیٰ سے تھا جلوہ چھٹا

بیچ بیان تعظیم کرنے اولیا کے اس جناب اقدس کی تین بعد صادر ہونے اس قول کے

وصل نوان شرف و فضیلت مین سلسلہ قادریہ کے اس وصل مین چار جلوہ ہین
ایضاً
جلوہ اول فضیلت مین اس سلسلہ شریف کے اقوال سے اس جناب اقدس کے
١٩٩
جلوہ دوسرا فضیلت مین اس سلسلے کے اقوال سے اکابر اولیا کے
٢٠٣
جلوہ تیسرا بیچ بیان ان روایت کے کہ اس سلسلے کے شرف پر دلالت کرتے
٢١٢
ہین جلوہ چوتھا بیچ بیان کے اس بیان کے ہی کہ توسل اس کے جناب اقدس کا
٢٢١
دو نو جہان مین فواید دیتا ہے وصل نوان بیچ بیان کرامات اس جناب کے
ایضاً
اس وصل مین گیارہ جلوہ ہین جلوہ اول بیچ بیان کثرت اور تواتر کرامات
٢٢٥
کے جلوہ دوسرا بیچ بیان اُن کرامتون کے کہ ذات اقدس سے علاقہ رکھتے
٢٢٨
ہین جلوہ تیسرا بیچ بیان اُن کرامتون کے کہ انوار و لبسایط سے علاقہ
٢٣٦
رکھتے ہین جلوہ چوتھا بیچ بیان ان کرامتون کے کہ کمک سے شریعت غرا کے
٢٥١
علاقہ رکھتے ہین جلوہ پانچوان بیچ بیان اُن کرامات کے کہ بخشش ظاہر
٢٧١
و باطن سے علاقہ رکھتے ہین جلوہ چھٹا بیچ بیان اُن کرامتون کے کہ حل
٢٧٦
مشکلات سے ظاہر و باطن کے علاقہ رکھتے ہین جلوہ ساتوان بیچ بیان

قبولیت سے اسکے اسکو دے جاہ ۔ کر اسکو ورد جان ہر دل آگاہ

رکھہ استغنا کا میرے سر اوپر تاج ۔ نکر یارب مجھے کسکا تو محتاج

مجھے دنیا سے دے یارب رہائی ۔ عنایت کر اپنی آشنائی

ہمی رکھہ ارباب دنیا سے مجھے دور ۔ مرا دل فیض سے کر اپنے معمور

ہمیشہ رکھہ مجھے تو عافیت ساتھہ ۔ لیجا مجھکو تو حسن عاقبت ساتھہ

شروع کرتا ہون ذکر غوث یہان سے ۔ اُسکو بھائی میرے گوش جان سے

وصل اول در بیان بشارت دادن اولیای عظام رضی اللہ عنہم از ظہور حضرت غوث الانام علی جدہ وعلیہ الصلوۃ والسلام و درین وصل دو جلوہ نورانی است جلوہ اول در ذکر بعضی بشارات کہ پیش از ولادت باسعادت آنجناب بثبوت رسیدہ

محمد بن مہلبید وہ شیخ زنجان ۔ کہ تھا بحر محیط علم و عرفان

لکھا روض النواظر بیچ اسنے ہات ۔ رکھہ اپنے جان و دل مین یاد یہہ بات

زمانے سے حسن کے ای مکرم ۔ بلاشک تا ظہور غوث اعظم

نہ بیٹھا کوئی ولی نور فر ۔ کبھی سجادۂ شیخی کے اوپر

مگر اُس شاہ کی بولا خبر وہ | کیا ہی اُس سے سبکو باخبر وہ
بشارت اُسکے آنے کی دیا ہی | بیان اُسکے مقامون کا کیا ہی
کرامات اُسکے بولا ہی بیان وار | نہیں اِس بات مین کچھہ ریب و تکرار
کہ جیون آنے سے اُسکے جدکے ای یار | دئے تھے انبیا آگے سے اخبار
ہی زنجانی ستی اِس مطلب اندر | قصیدہ یک طویل ای نیک محضر

بشارت دادن سرحلقۂ اولیاے عراق شیخ ابوبکر ابن ہرارہ رضی اللہ عنہ از

ظہور حضرت غوث ہر دوسرا علی جدہ و علیہ الصلوٰۃ والسلام

امام دین ابوبکر ہرارہ | کہ تھا فرد انیت کے گگن کا تارا
جو تھا محبوب حق سے سو برس پیش | خبر سبکو دیا یون وہ صفا کیش
کہا ملک عراق اندر جوان یک | عجم کے ملک سے آویگا بیشک
خدا کے پاس اسے عظمت بڑی ہی | بھی لوگو مین اسے حشمت بڑی ہی
ہی نام پاک اُسکا عبد قادر | مقام اُسکا ہی در بغداد فاخر
ہی اپنے وقت کا وہ فرد بیشک | کہینگا منبر اوپر وہ یکا یک

که ہیں اولیوں کی گردن پر مرا پاؤں — کرینگے سب اطاعت اسکی ہر ٹھاؤں
بھی فرمایا ہی وہ سبکو یہہ ارشاد — که ہیں اس ملک کے سب ہشت اوتاد
جنید و احمد و معروف و منصور — سری و سہل و بشر ای خوب مستور
ہی ہشتم بے تردد عبد قادر — کہے لوگ اسکو ای دانا ہر سر
یہہ ہشتم کون ہی اور کہاں ہی — کہا ملک عجم سے یک جوان ہی
ہی سید وہ امام جمع اوتاد — رہینگا آگے اندر شہر بغداد
ظہور اسکا ہی قرن پنجم اندر — ہی وہ صدیق اور افراد کا سر
ہی وہ قطب زمان و فخر عالم — ہی وہ اتا اکمل اصحاب خاتم

بشارت دادن سر دفتر اصفیا شیخ ابو محمد شنبکی خلیفہ اعظم شیخ ابو بکر ہوارا رضی اللہ عنہما از ظہور جناب محبوبیت مقام علی جدہ وعلیہ الصلوٰۃ والسلام

کہا ہی بو محمد شیخ شنبک — که اوج قرب کا تھا ماہ بیشک
سنا ہو کے شیخ سے اپنے یہی بار — ابو بکر ہوارا شیخ ابرار
که کرتا بہت ذکر غوث اعظم — مناقب اسکے کہتا تھا ہر دم

ہونیگا قرن پنجم مین وہ فاخر
کمال اسکا بہت کرتا تہا طاہر

تجاوز بین کیا ہر گز مراکبان
وہ سر ہے جو سنے اسکو مرے کان

کھلے میرے پہ قطبون کی مقامات
دیکھا بالانشین وہان اسکو خوشحالات

کھلے میرے پہ احوال اولیا کے
ہین دیکھا اسکو وہان بالا ہی سب سے

کھلے ہر ہر مقرب کے مراتب
ہین دیکھا اسکو دراعلی مناقب

کھلے میرے ابرار نیک کردار
سب اہل کشف کے اطوار و اسرار

اسے وہان سب سے بھی پایا مین اعلی
ظہور ایسا اُسسے دیوینگا مولا

کہ وہ قربت نہ پاوینگے بہ تحقیق
مگر یک دو مقرب اور صدیق

ہی اُن فردون سے بے شک وہ معظم
کہ ہوویں اسکے تابع جملہ عالم

ہی قول و فعل اس اکمل کا حجت
ہی اُنکی پیروی محض ہدایت

طفیل اُسکے بہت لوگان کو مولا
عطا فرماوینگا درجات اعلا

کرینگا حشر مین اس سے مباہات
خدا سب امتون کے کاملان پہ

بشارت دادن مقتدای مجمع حق آگاہ ابو احمد عبد اللہ ملقب بخجنی قدس اللہ

سرہ النفی از ظہور حضرت محبوب اعظم صلی اللہ علی جدہ و علیہ وسلم

کہا ہی شیخ ابو یعقوب یوسف
که تھا سر حلقۂ اہل تصوف

سنا ہین شیخ عبد اللہ سے یہہ بات
کہ میرا پیر تھا وہ کامل الذات

کہا میرے سے یکدن وہ معظم
کہ حق مجھہ پر کیا ہی کشف اسدم

کہ ہونگا عنقریب از فضل معبود
عجم کے سرزمین ہین ایک مولود

پڑا ہووینگا اُسکتین ظہور را
قبول اُسکو ہی عالم پاس پورا

کہینگا یہہ قدم میرا بلاشک
ہی سارے اولیا کا تاج تارک

ہین جتنے اولیا اُسوقت اندر
رکہینگے اُسکے نیچے آپنا سر

زمانہ اس سے پاوینگا کرامت
جو دیکھا اسکو پاوینگا ہدایت

روایت ایسے ہین تعداد سے بہار
ہی در کار انکتین لکھنے کو طومار

جلوۂ دوم در ذکر آن بشارات فیض آیات کہ در زمان طفلی و نوجوانی حضرت محبوب سبحانی علی جدہ و علیہ الصلوۃ والسلام النورانی بہ ثبوت رسیدہ بشارت اول از حضرت تاج العارفین ابو الوفا کردی رضی اللہ عنہ

کہا یون بو محمد عبد رحمان | کہ جب تھا نوجوان محبوب سبحان

مرے مرشد کے پاس آتا تھا اکثر | لقب جسکا ہی تاج العارفین کر

مبارک نام اسکا بو الوفا تھا | وہ اپنے وقت سبکا مقتدا تھا

جب اسکو دیکھتا تھا وہ معظم | شتابی اُٹھہ کھڑا رہتا تھا ہمدم

بہت کرتا تھا وہ اجلال اُسکا | کبھی کرتا تھا استقبال اُسکا

بھی کہتا سب کو وہ تاج اکابر | اُٹھو تم سب ولی اللہ کے خاطر

ہوی جب اس سے یہہ صورت کئی بار | مریدان اس سے پوچھے ای صفا کا

تو اب سب اولیا کا مقتدا ہی | یہہ لڑکے کے ادب کا وجہ کیا ہی

کہا ہوینگی اُسکو شان اعظم | وہ اپنے وقت کا ہی قطب اکرم

ہوینگے خاص او رعام اُسکے محتاج | اسے سب اولیا پر ہوینگا راج

ہین گویا دیکھتا ہون اُسکو یہہ یاد | کہ کہتا ہے علانیہ بہ بغداد

ہی سب ولیون کے گردن پر مرا پا | کہ اس کہنے منے با صدق و ہمتا

تمامی خلق مین جتنے ہین اکمل | رہینگے گردن اوسکے پانو تل

جو پاوے تم سے وہ عہد مبارک ‏ — ‏ کرے خاک اسکی اپنا تاج تارک

کرے اپنے پہ لازم اسکی خدمت ‏ — ‏ کہ خدمت اسکی ہی محض سعادت

بھی فرمایا وہ سب کو وقت دیگر ‏ — ‏ مین دیکھا ہون دو کامل اسکے سر پر

اسیر اپنا کئے عالم کو یکسر ‏ — ‏ ز مشرق تا بمغرب بحر تا بر

بھی بولا شاہ سے ایکدن وہ خوش ادب ‏ — ‏ ولایت کا تمہارے وقت ہی اب

قریب ہی یہہ کہ ہووینگا وقت تیرا ‏ — ‏ ظہورا ہووینگا تیرا اکھنیرا

بلاشک ہر ولی کا مرغ دمساز ‏ — ‏ نت اسکے وقت مین کرتا ہی آواز

پیچھے ہوتا ہی خاموشی سے ہمسر ‏ — ‏ مگر مرغا ترا ای نور اسفر

کرینگا تا قیامت خوب آواز ‏ — ‏ ہی دایم یعنے تیرے فیض کا ساز

کہا پھر شاہ سے وہ فرد اکبر ‏ — ‏ مبارک اپنی داڑھی کو پکڑ کر

جب آوینگا ترا وقت خداداد ‏ — ‏ تو اس بوڈھے کو تب البتہ کر یاد

حکایات اسکی محبوب خدا سات ‏ — ‏ بہت ہین پن کہا مین مجمل اسدہات

بشارت دوم از حلقۂ اصفیا شیخ عقیل منبجی رضی اللہ عنہ

کہا ہی شیخ موسی ابن ماہین	کہ تھا سر حلقۂ ارباب تمکین
کہا ایک شخص نے اپنے شوق جی سے	امام دین عقیل منبجی سے
کہ وقت قطب سے دیوے وہ پتا	جواب اسکو دیا یون شیخ والا
کہ وہ اسوقت مکے مین نہان ہی	بہت ولیونکو نین اس سے نشان ہی
ہی نزدیک اب کہ ظاہر ہوینگا یہان	عجم سے یک جوان سیدای جان
کرینگا خلق کو در شہر بغداد	طرف حق کے ہدایت اور ارشاد
کرامات اسکے جابین خاص او رعام	ہی قطب وقت وہ ای نیک فرجام
کہینگا یہہ قدم میرا مبارک	ہی یکسر اولیا کا تاج تارک
تمامی اولیا خوف و ادب سے	رکھینگے گردن اسکی پاون نیچے
اگر ہوتا مین اسکے وقت اندر	تو رکھتا اسکے نیچے اپنا سر
جوکوی جانیگا سچ اسکے کرامات	اسے دیوینگا مولا نفع خوشدحالات

بشارت سیوم از مقرب باری شیخ علی بن وہب سنجاری رضی اللہ عنہ

کہے ہین قیس اور بوبکر نامی	کہ دو نو اولیا مین تھے گرامی

ہمارے شیخ کی خدمت مین تھے ہم
علی ابن وہب وہ فرد عالم

تب آئی یک فقیرون کی جماعت
کہا ان سا تہہ وہ کان کرامت

کہان سے آئے تم بولے عجم سے
کہا تم ہین عجم سے کس بلد کے

کہے جیلان کے ہین شہر سے ہم
کہا تب اُن سے یون وہ شیخ اکرم

تمھارے شہر کے یک مرد سے رب
منور کردیا عالم کتین سب

ہوینگا عنقریب اُسکا ظہورا
خدا سے ہوینگا قرب اُسکو پورا

ہی نام پاک اُسکا عبد قادر
ظہور اُسکا عراق اندر ہی ظاہر

کرینگا بے تردد وہ بہ بغداد
علانیہ سبہو کتین یہہ ارشاد

کہ میرا پاون یہہ از لطف د اور
ہی سارے اولیا کے گردن اوپر

سب اُسکے پاون تل ابرار قدسی
کرینگے گردنون کو اپنی کرسی

کرینگے فضل پر سب اُسکے اقرار
رہینگے اُسپہ جان و دل سے بلہار

بشارت چہارم از امام اہل القیاس شیخ حماد دباس رضی اللہ عنہ

امام سہروردی عبد قادر
شہاب الدین کا عم و شیخ فاخر

کہا یکروز تھا مین پیر کے پاس
تھا جسکا نام خوش حماد دباس

تھا اسوقت مین کوئی اسکا ممتاز
تھا سارے اصفیا کے بیچ ممتاز

رئیس اولیا در نوجوانی
تھا محبوبیت مین جسکا ثانی

پہنچا یکروز آ جبھہ پیر کے پاس
گیا وہ جب کہا حماد دباس

کہ ہی اس نوجوان کتنین قدم یک
بلند ہوینگا اپنے وقت بیشک

چڑیگا گردن اوپر اولیا کے
ہوینگا تاج سر پر اصفیا کے

کہینگا یون بحکم رب اکبر
ہی میرا پا دل و دیدۂ اولیا اوپر

رہینگے جتنے ہین دنیا مین اکمل
سب اپنی گردن اُسکے پاؤن تل

بجی فرمایا ہی یون وہ شیخ انور
جناب غوث کے تعریف اندر

مین دیکھا ہون عیان ہووینگا اگ بہک
کہ فوق عرش سے تحت الثری لگ

علم اسکے ولایت کا کہڑا ہی
جہا نمین ولولہ اُسکا پڑا ہی

جو ہین ملکوت اعلی کے نقیبان
ہوے ہین سر بسر اسکے ثنا خوان

نقب صد نقبت کا اسکو دیکر
سر اتے ہین اُسے ہفت آسمان پر

حکایات اسکے با محبوب سبحان	بہت ہین پن کہا ہین مختصر یہان

بشارت پنجم از مقرب باہر النور شیخ منصور بطایحی رضی اللہ عنہ

دلیل سالکان عالم نور	سراج اہل تمکین شیخ منصور
تھا جسکا سید احمد ای نیکوکار	مرید و بھانجا بے ریب و تکرار
کہے ہین اکمل اصحاب اسکے اکثر	کہ یکدن در حضور شیخ انور
کیا کوی ذکر محبوب خدا کا	وہ سرور دان دنو مین نوجوان تھا
کہا تب سبکتین شیخ یگانہ	کہ آوینگا شتابی یک زمانہ
کہ اسمین ہووینگی سب اسکے محتاج	اسے سب عارفان پر ہوینگا راج
جب اس دنیا سی وہ محبوب فاخر	طرف عقبی کے ہوینگا مسافر
خدا اور مصطفے کن وہ مبارک	احب اولیا ہووینگا بیشک
جو کوی پاوینگا تمسی اس زمان کو	پچھانے اسکی قدر و عظم و شانکو
کرے جون چاہئے تعظیم اسکی	بجالاوے بہت تکریم اسکی

بشارت ششم از مقتدای اہل راز شیخ عزاز بطایحی رضی اللہ عنہ

نظام اصفیا کی ہای بدر النور — تھا جسکا نام عزازی یا کہ شہور

تھے بیحد جسکے احوال و مقامات — تھے بیحد جسکے اوصاف و کرامات

کہا یاروں سے یکدن وہ مقرب — کہ آیا شہر مین بغداد کے اب

عجم سے یک جوانِ خوب فاخر — ہی سید نام اسکا عبد قادر

منور ہووینگے اس سے مقامات — ہویدا ہووینگے اُس سے کرامات

ہوینگا حال کے اوپر وہ غالب — محبت مین ہی وہ عالی مناقب

جہان اور سبہین جو ہین فضل والے — کرینگا انکو حق اُسکے حوالے

رہینگا بہت مدت لگ وہ اکرم — بغیرِ شبہہ ہوکر قطب عالم

تھی تمکین مین بہت راسخ قدم او — کہ پایا ہی یہہ رتبہ درِ قدم او

ید بیضا ہی اُسکو در حقایق — ازل مین وہ ہوا ممتاز و سابق

اُسے ہی یک زبان در حضرت حق — کہ نین پایا اُسے کوی فرد مطلق

ہوا ہی لیسے رتبون کا وہ والی — کہ یکسر اولیا پر ہین وہ عالی

بشارت ہفتم از قطب ربانی ابو یعقوب یوسف ہمدانی رضی اللہ عنہ

ابو یعقوب یوسف شیخ ہمدان | کہ تھا سرحلقۂ سب نقشبندان
ہوا جب وارد بغداد ای یار | گیا ملنے کو اُسکے غوث ابرار
وہ دیکھا شه کو جب جلدی اُٹھا ہے | بہت تکریم سے اسکو ملا ہے
کہا تب حضرت محبوب سے یون | تو نین ارشاد کرتا خلق کو کیون
کہا شه اسکو مین ہون اعجمی زاد | کرون بغدادیان کو کیونکر ارشاد
کہا محبوب سے یون شیخ دین تب | پڑا فقه و اصول و نحو تو سب
پڑا بہی تو بہت سے علم دیکر | گیا قرآن کی تو تفسیر از بر
تو کر لو کون کو ارشاد ای معظم | کہ مین تیرے منے پاتا ہون اسلم
ذرا سا ایک ریشہ ای منور | کہ ہووینگا درخت بارآور

بشارت ہاشتم از ولی مقربے مشہور بہ غوث بود رضی اللہ عنہ

کہا یون شیخ عبداللہ رکھ یاد | کہ آیا مین جوانی مین بہ بغداد
طلب کرنے کے تئین علم مصفا | اتھا ہمراہ میرے ابن سقا
نظامیہ مین ہم کرتے تھے تحصیل | بہی ہم جاتے تھے ولیون پاس سے قبل

ولی تھا ایک تب در شہر بغداد | کہ کہتے تھے اسے سب غوث افراد
بھی کہتے تھے کہ جب چاہتا ہی وہ سور | عیان ہوتا ہی جو چاہتا ہی مستور
گئے ہم دیکھنے کو اسکے باہم | چلا ہم ساتھ بھی محبوب عالم
اٹھا تب نوجوان محبوب مولا | میرے سے ابن سقا رہ مین بولا
کرونگا مین سوال اس غوث سے یک | کہ نا جانے جواب اسکا وہ بیشک
کہا مین اس سے پوچھونگا کچھہ جبا | کرونگا مین نظر کہتا ہی وہ کیا
کہا محبوب حق اُن دونوں کے تین | معاذ اللہ نہ پوچھوں اس سے کچھہ مین
رہونگا اس کنے ہو گوش شنید بات | مین دیکھوں اُسکی تا رویت برکات
کہا راوی گئے اُس پاس جب ہم | نتھا منزل مین اپنے وہ معظم
رہے ہم ایک ساعت منتظر وہان | یکایک اسکو بیٹھا پاس اس آن
پس اُس دم وہ جلال حق کا سایا | غضب سے ابن سقا کو نجھایا
کہا تب اسکو ویلک ابن سقا | تو مجھہ سے پوچھتا تھا مسئلہ ایسا
کہ مین اسکے جواب نادر ہوں انجان | وہ مسئلہ یہہ جواب اسکا ہی یہہ جان

مین بیشک دیکھتا ہون ای بد اطوار — بھڑکتی ہی ترے مین کفر کی نار

تجھے وہ غوث تجھہ سے یون کہا ہی — کہ تو یک مسلہ مجھہ سے پوچھتا ہی

کرے یا تو نظر کہتا ہون کیا مین — وہ مسلہ یہہ جواب اسکا ہی بوجھ سکتے ہین

مین پاتا ہون تجھے رکھیا دار ہوش — کہ دنیا بیچ دو یا ہی تو تا گوش

تجھے اس حال کے وہ غوث والا — طرف محبوب سبحانی کے تو دیکھا

کیا نزدیک اپنے اسکتن تب — کیا تکریم اسکی بہت خوشنود تب

کہا بعد اسکے شاہ اولیا کو — رکھا راضی خدا اور مصطفی کو

ادب کرنے سے میرے ای معظم — مین تیری شان کو پاتا ہون اعظم

مین تجھکو بے تردد دیکھتا ہون — کہ جب بغداد مین کرسی اوپر تون

کریگا بر ملا عالم کو ارشاد — بھی یون بولیگا از فضل خداداد

کہ یہہ میرا قدم از فضل داور — ہی حق کے ہر ولی کی گردن اوپر

مین بیشک دیکھتا ہون سب مکمل — رکھین مین گردنان تیرے قدم تل

یہہ فرما کر ہوا وہ غوث غایب — نہ آیا پھر نظر وہ ذو المناقب

کہا راوی کہا جون غوث والا | ہوا محبوب کا دون رتبہ بالا
ہوی قرب و کرامت اسکی اظہر | کئے اجماع خاص و عام اس پر
کہا کرسی پہ چڑھ ہی یہہ میرا پاؤن | سبھی اکمل کے گردن پہ بہر ٹھاؤن
ہو ابن سقا ہو فارغ تحصیل | ہوا ہر علم مین مشہور بے قیل
ہوا فضل و ہنر مین وہ سبھون پر | بھی ہوتا بحث مین وہ سب اوپرور
رسائی اور بلاغت اسکو بھی بہت | وجاہت اور فصاحت اسکو بھی بہت
خلیفے کا ہوا تھا وہ مقرب | تھا اسکے پاس اسکو جاہ و منصب
خلیفہ ایلچی کر اسکو اپنا | نصاریٰ کے ملک پاس اسکو بھیجا
وہ جب اس بادشہ کے پاس آیا | بہت توقیر اور اعزاز پایا
وہ قسیسان کو سب اپنے بلا کر | کرایا بحث اس سے ای برادر
ہوا وہ بحث مین ان سب اوپرور | ہوا اس پاس رتبہ اسکا اکبر
وہ دیکھا دختر اسکی اسکے درمیان | ہوا مفتون اسکا از دل و جان
کہا اس بادشہ سے آپ اس دھات | کہ دیوے بیاہ کر اسکو اس بہات

وہ لایا عذر اسلام اسکا درپیش ۔ فرنگی ہو گیا آخر وہ بدکیش

گیا جب دین و ایمان اسکا برباد ۔ کلام غوث کو وہ تب کیا یاد

بھی راوی بولتا ہے یون ولے مین ۔ گیا کی سال پیچھے شام کتین

جبھی سلطان نور الدین بلاکر ۔ دیا تولیت اوقاف یکسر

کیا مین عذر و حیلے بہت پر وہ ۔ رکھا یہہ بوجھ مجھہ گردن اپر وہ

کہا تھا جسطرح وہ غوث نامی ۔ لپیٹی مجھکو دنیا ای گرامی

وصل دوم دربیان نسب آن سید عجم و عرب و دیگر احوال آن عالی مقام علی جدہ و علیہ الصلوۃ والسلام و درین وصل پنج جلوہ است جلوہ اول در ذکر نسب آبای پدری غوث الانام علی جدہ و علیہ و علیہم السلام

دو نو جانب سے وہ سالار ابرار ۔ پہنچتا ہے نبی اللہ کو ای یار

کسیکو یہہ نسب ہرگز ملا نین ۔ تو دیکھہ انساب کے طومار کتین

ہے نور اولین کا قرۃ العین ۔ ہے اسکا وارث کامل طرفین

نبی کے باغ کا او تازہ پھل ہے ۔ علی کے گھر کا شمع بے مثل ہے

گل خندان ہی زہرا کے چمن کا
سرو جان و ہیکل اسکے من کا

خلاصہ حضرت سبطین کا ہی
دُر بے قیمت اُس سبطین کا ہی

حسن داد احسین اسکا ہی نانا
تو ہو تفصیل سے اب اسکے دانا

جلا ہے گوہر قدس و طہارت
صفا ہے منظر فضل و کرامت

ولایت کے بدن کا نازنین جان
امامت کے گلگن کا ماہ تابان

تھا موسی جسکا نام باسعادت
ابو صالح تھی جسکی خاص کنیت

ہی والد غوث حق کا ای برادر
مناقب جسکے ہین لکھنے سے برتر

ابو عبد اللہ کا بیٹا وہ سالار
وہ ہی فرزند یحیی زاہد ای یار

وہ تھہ سید محمد کا پسر ہی
وہ داؤد مجید کا پسر ہی

وہ سید موسی ثانی کا فرزند
وہ عبد اللہ ثانی کا ہی دلبند

وہ موسی الجون کا بیٹا ہی ای یار
کرامات و کمال اسکے ہین بسیار

وہ عبد اللہ کا بیٹا نول ہی
لقب اسکا شاہ کا محض و مجل ہی

وہ بیٹا ہی امام دین حسن کا
لقب جسکا ہی شبہہ مثنا

وہ ہی فرزند خاص سبط اکبر
امام کل حسن جان پیمبر

وہ بیٹا ہے علی مرتضے کا
کہ ہے وہ عین ذات مصطفے کا

جلوۂ دوم در ذکر معانی القاب این اسماء عظام و بیان تتمہ از اوصاف این ائمہ کرام علے جدہم وعلیہم الصلوۃ والسلام

ہی معنای مثنای نیکو کار
لغت مین دوسرا بی ریب و تکرار

جب اوس سرور بشکل و سیرت و نام
تھا ثانی حسن ای فرخ انجام

لقب یہہ اسکو لایق بی سخن ہے
بل وہ سالار دین مین حسن ہے

امامت کی فلک کا سور ہی وہ
محیط اصطفا کا پور ہی وہ

جو ہووے ختم مرسل کا نواسا
علی اور فاطمہ کا ہووے پوتا

حسن ہے مجتبا کا ہو کلیجا
حسین مقتدا کا ہو بھتیجا

لکھے کیا کوی فضایل اسکے یار
مناقب اسکے ہین بیتعداد بسیار

امام دو جہان شاہ شہیدان
کہ تھا اوج عبا کا بدر تابان

دیا تھا اسکو اپنی پاک دختر
ہی جسکا فاطمہ نام ای برادر

بشکل و نام و خلق وہ نور پیوند — بہت تھے اپنے دادے کے مانند
لقب اسواسطے اسکا ہی صغری — اور اسکے جدۂ والا کا کبری
وہ رہتا تھا خوش اس خاتون کے سات — ہمیشہ خانۂ زہرا مین دن رات
ہیں بیحد اسکے اوصاف و کمالات — حدیثون مین ہی اس سے کی روایات
جو اسماء الرجال اندر کتب ہین — ہی جو احوال آل اندر کتب ہین
لکھے ہین انمین یکسر ای شناسا — کہ مرد اسکا حسن ابن حسن تھا
جو شیعہ کی کتب ہین معتبر تر — بھی انمین اسطرح سے ہی محرر
لکھا ہی دکھنی روضے مین کہ سرور — دیا کر بیاہ قاسم کو یہہ دختر
یہہ لکھنا اسکا سرتا پا غلط ہی — نہ ہرگز کوئی غلط اسکے نمط ہی
عجب ہین اسکے ناظم سے یہہ بہتان — کہ ہی اس قوم مین بہتانکا طوفان
سن اب تفسیر مخض ای یار مخلص — کہ ہی معنی لغت مین اسکے خالص
نسب جب اسکا تھا خالص از اغیار — ہوا ہی یہہ لقب اسکو سزاوار
کہ ماں اسکی تھی بنت شاہ شہدا — تھا باپ اسکا پسر حضرت حسن کا

بھی اس خاطر لقب اسکا مجل ہی | کہ معنی اسکی بزرگ بے وجل ہی
ہین بہت اسکے مناقب اور مقامات | ہین بہت اسکے فضایل اور کرامات
بنی ہاشم کا وہ صاحب نشان تھا | جلال و جاہ و اسکا بے کران تھا
جمال مصطفی کا تہا وہ مظہر | بہت تھا اس سے مانند ای برادر
تھا اس قران کا وہ آیۃ النور | تھی اسکی شکل سے شکل اسکی معمور
اگر اسوقت ہوتا کوی سرفراز | نبی اللہ کی رویت سے ممتاز
حسن اور ابن سیرین پاس کر | بیان کرتا تھا یہہ خواب ای برادر
تو کہتے اسکو اس سرور کا دیدار | تو کسکے شکل سے دیکھا ہی ای یار
اگر کہتا کہ دیکھا ہین وہ جھلکار | بعینہ شکل عبد اللہ کی سار
تو کہتے اسکو بیشک ای مصفا | نبی کو صورت اصلی سے دیکھا
وگر کہتا کہ اسکا روے انور | بجہایا اور ہی صورت کے اندر
تو وہ اس خواب کی کرتے تھے تعبیر | بحسب حال اسکی یوج ای میر
تو اب جونکا ای دوست معنا | لغت کے بیچ ہے کالا و اجلا

دونوکو جون کہتے ہینگے ای یار
ولے کالے مین مستعمل ہی بسیار

تھا موسی بھی تردد سا نولا جب
ہوا ہی اس لقب سے وہ ملقب

امامت مین آسے شان ولی ہے
ولایت اسکی سب او پہ جلی ہے

کرامات اسکی ہین لکھنے سے افزون
گل خورشید مین ہین کچھ لکھا ہون

اور اسکی مان ہے بنت ابو عبید
تہی سب اوصاف خوبی مین حمیدہ

فصاحت اور بلاغت مین تھی کامل
تھی تقوی و فراست مین بھی کامل

پدر اسکا قبیلون مین تھا بہتر
تھی اسکو شان و شوکت ای برادر

جنہی ہے حضرت موسی کہتین جب
تھی یکبست سال کی بے شبہہ تب

لقب یحیی کا زاہد اس بدل تھا
کہ وصف زہد مین وہ بی بدل تھا

بھی محبوب خدا کے دیگر اجداد
تھے سب ممتاز از فضل خداداد

نسب مین جسطرح تھے سب سے ممتاز
حسب مین اسطرح تھے وہ سرافراز

فضایل انکے ہین بیحد و غایت
مناقب کو نہین انکے نہایت

نسب کے جب تو دیکھینگا دفاتر
ترے پر ہوینگا فضل انکا ظاہر

تھا محبوب خدا کو یک برادر ‏ تھا سید محمد اسکا نام انور
ہوا تھا صاحب علم و فضائل ‏ نتھا تقوی مین اسکا کوی مقابل
کیا ہی نوجوانی مین وہ رحلت ‏ خدا سے اسپہ ہو رضوان رحمت
پھوپی اس شاہ کی ام محمد ‏ تھا جسکا عایشہ نام مجمد
تھی بے ریب و گمان کامل ولیہ ‏ تھے اسکتین کرامات جلیہ
روایت ہی ہوا تھا قحط السما ‏ تمامی ملک جیلان بیچ یکبار
ہوا تھا آسمان سے بند پانی ‏ ہوئے تھے سب پریشان از گرانی
گئے اس شہر کے سارے اکابر ‏ نماز و دعوت استسقا کے خاطر
ولیکن نہین پڑا ایک بوند پانی ‏ پڑے حیرت مین سب انجان گرانی
تب آئے سب اکابر وہان بے قیل ‏ طرف ام محمد کے بہ تعجیل
وہ خاتون سے کئے ہین التجا او ‏ کہ باران کے لئے مانگے دعا او
وہ خاتون گھر سے آئی صحن مین تب ‏ اور اپنی ہاتھ سے جھاڑی انگن سب
کہے بعد اسکے ای خلاق اکبر ‏ مین جھاڑی تو چھڑک اب اسکے اوپر

دعا کرتی تھی یون وہ باکرامت — لگی بارش برسنے کو بشدت
گویا مشکون کے منہہ کہولے ہین یکسر — وہ آئے بھیکتے سب اپنے گھر
ہوی تھی عمر اس خاتون کی بسیار — ہوے آخر وہ جیلان بیچ ای یار
رضا مندی حق سے ہوکے معمور — اچھو ہنت قبر اسکے نور در نور

جلوہ سیوم در بیان اجداد مادری انحضرت علی جدہ وعلیہ وعلیہم الصلوۃ والسلام

تہی محبوب خدا کی مادر پاک — فروغ نور بدر اوج لولاک
تھی بحر اصطفا کے در مکنون — تھی باغ ارتضا کے سرو موزون
تہی قرآن شرف کی آیۃ النور — تہی تفسیر حسب کے رمز مستور
ولایت تھی عالی منقبت او — کرامت مین تھی والا منزلت او
مقام صدق مین تھی پاک دم او — تھی راہ قرب مین ثابت قدم او
مبارک نانون اسکا فاطمہ ہے — ہی جسکی نور مین خورشید جون فے
ہی ام الخیر اس خاتون کی کنیت — عیان ہوی اس سے کیسی خیر و برکت
کہ ایسی غوث اعظم کو جنی وہ — کہ سارا اولیا کا ہے دہنی وہ

امت جبار کے اسکا لقب ہے
یہہ القاب و شرف دو سرکو کب ہے

ہی جبار اسم پاک رب اکبر
کنیز ہی معنی امت ای برادر

تھا باپ اسکا ابو عبد اللہ ای سور
ہوا تھا صومعی سے جگ مین مشہور

اقامت اسکی تھی در صومعہ جان
کہ ہی یک قریہ وہ نزدیک جیلان

وہ سارے زاہدان کا پیشوا تھا
تمامی عارفان کا مقتدا تھا

ولے جب زہد مین تھا بہت نامی
لقب زاہد ہی اسکا ای گرامی

تھا بیشک وہ چراغ ال اطہار
زاولاد امام جعفر ای یار

جب آتا تھا غضب مین وہ معلا
حق اسکے واسطے لیتا تھا بدلا

جب وہ چاہتا تہا کرنیکو کوی کام
تو آسان اسکو کرتا رب علام

بھی تھا وہ مستجاب الدعوت ای یار
تھے بہت اسکے نوافل اوراذکار

وہ کرتا تھا بلا حد پاس انفاس
بھی حال و وقت کا کرتا بہت پاس

یہی کرتا تھا سبھون کو وہ صفا کار
امور غیب سے آگا ای یار

عیان ہوتے تھے وہ اخبار یکیک
کہا تھا جس طرح وہ فرد بیشک

جبھی قافلہ یک اپنے نکو فال — تجارت کو چلا لیکر بہت مال
وہ پہنچا جب بصحرائے سمرقند — کئے رہزن سواران راہ کو بند
مریدان شیخ کے تھے اسمین بسیار — پکارے پیر کو ہو سخت لاچار
گیا اسوقت وہان وہ قرب ناکوس — لگا کہنے کہ ہین سبوح وقدوس
کیا تب یون ندا وہ اہل احسان — کہ ای خیل خدا ہو و پریشان
یہ سنتے ہی وہ گھوڑے منتشر ہو — لگے ہین بھاگنے اوسان کو کھو
سواران تھامتے تھے انکو ہر چند — ولیکن ہو گئے تھے سب وہی بند
گئے لے انکو در کوہ و بیابان — نہ پھر یکجا ہوئے لشکر اُس آن
مریدان اسکے کہتے ہین کہ ہم سب — گئے تھے دیکھنے کو شیخ کے تب
نہ پائے کچھ ہم اُسکے مطلق آثار — پھر آئے جانب جیلان ہو ناچار
کئے ہم سبکو اس حالت سے آگاہ — لگے وہ بولنے ہم سے کہ واللہ
گیا نہ وہ شیخ عالم ہمسے باہر — کرامات اسکے ہین بہت ایسے دگر

جلوۂ چہارم دربیان ولادت باسعادت حضرت محبوبیت منقبت وبعض

احوال و کرامات آنحضرت رضی اللہ عنہ و ارضاہ کہ در صغر سن بظہور آمدہ

وہ سرور کا تولد ہے بجیلان — بسال چار صد او ستر ای جان
ہی دوسری یک روایت مین یکہتر — نہین باہم خلاف اُن دو کے اندر
کیا کوی اعتبار کسر کوی ہین — یہہ تاریخون مینے واقع ہی ہر کین
ہی تاریخ تولد اسکی عاشق — ہی یہہ تاریخ اس سرور کیے لایق
کہ تھا وہ عاشق رب ابتدا مین — ہوا محبوب اُسکا انتہا مین
بلاد چند ہین ای یار جیلان — قریب ملک طبرستان با یران
بھی اسکو بولتے ہین کیل و کیلان — بھی کہتے ہین اسے جیل ای سخندان
کہا ہی شیخ عبد اللہ عیسے — کیا جب غوث کو قیوم پیدا
کیا ہے اصفیا کو تب وہ مخلوق — کہ ہوویں ہمنشین بزم معشوق
رکہین غوث دو عالم سے وہ صحبت — بھی لیویں اس سے فیض و خیر و برکت
سخن اس پاک باطن کا ہی بر جا — کہ تھے ولیان ہشت اسوقت ہر جا
نہ کوی وقت اُنکے اولیا سے تھے — نہ کوی محفل مین سنتے اصفیا تھے

اسے یہہ مرتبہ ہونا عجب کیا ‌ ‌ ‌ کہ تھا طفلی مین وہ محبوب والا

روایت ہے کہ ام الخیر اکرم ‌ ‌ ‌ کہ ہے وہ مادر غوث مکرم

سبہون سے بولتے تھے اس بیان کو ‌ ‌ ‌ جنہی مین جب سے اس جان جہان کو

نہ پیتا تھا کبہی رمضان مین دود ‌ ‌ ‌ صبح سے شام لگ از فضل معبود

رہتا اس ماہ مین روزے سے ہر روز ‌ ‌ ‌ نہ پیتا دود نکو وہ دل افروز

پڑا ایک بار شک در ماہ رمضان ‌ ‌ ‌ نہ ہوی تحقیق ہرگز اسکی اس آن

ہو جیلان کے سارے اکابر ‌ ‌ ‌ تب ام الخیر کے خدمت مین حاضر

پوچھے اس امر مین جا تون سے اگر ‌ ‌ ‌ کہے تب انسے یون وہ نور افر

پسر میرا کہ ہے جھہ جی سے اگلا ‌ ‌ ‌ پیا نین آج کے دن دود اصلا

ہوا تحقیق آخر کو کہ وہ دن ‌ ‌ ‌ اتہا رمضان کا ای صاف باطن

ہوی تہی ان دنو مشہور یہہ بات ‌ ‌ ‌ کہ لڑکا یک ہوا ہی نزد سادات

نہین رمضان مین پیتا ہی وہ شیر ‌ ‌ ‌ حکایت یا ای تہی یہہ بہت تشہیر

کہا ہی سبکو سید عبد وہاب ‌ ‌ ‌ کہ تھا فرزند غوث پاک دریاب

گیا میں جب سفر در ملک ایران — سنا میں بہت اہل علم و عرفان

تھے کرتے سب روایت از بزرگان — کہ محبوب خدا در ماہ رمضان

نہیں پیتا تھا ہرگز دن میں دود — کہ تھا وہ از ازل محبوب معبود

کہا فرد مکمل عبد رزاق — کہ ہی فرزند خاص غوث آفاق

کہا کوی اسطرح محبوب رب سون — تو کب سمجھا کہ میں حق کا ولی ہوں

کہا تھی دس برس کی سن میری جب — میں اپنے گھر سے جاتا تھا بمکتب

بجھاتا تھا ملایک کو میں ہمدم — کہ چلتے ہیں میرے چوگرد باہم

پہنچتا تھا طرف مکتب کے میں جب — تو کہتے وہاں کے لڑکون کو ملک تب

کہ سرکو تم سب ای اطفال حاضر — جگا دیو ولی اللہ کے خاطر

گذر ہم پر گیا یک مرد یک روز — سنا کہنا ملایک کا وہ فیروز

کہا اُن میں سے یک کو وہ مکرم — کہ ہینگا کون یہہ طفل معظم

کہا وہ عنقریب اس طفل کی شان — بڑی ہوینگی بہت از فضل یزدان

عطا پاوینگا ہر دم وہ خدا سے — نہ منع اسکو کرینگا حق عطا سے

اسے ہوینگی ممکن مین تری تمنا ‌ ‌ ہونگا حق سے وہ محبوب یک آن

اسے ہووےگا رب سے قرب اعظم ‌ ‌ او پاویگا ترقی اسمین ہردم

کہا محبوب حق بعد چہل سال ‌ ‌ مجہے ظاہر ہوا اس مرد کا حال

اٹھا اسوقت کے ابدال سے او ‌ ‌ یہی یون بولا ہے اپنے حال سے او

مین جب طفلی مینے چاہتا تہا یہہ بات ‌ ‌ کہ کہیلون جا کے کچہہ اطفال کے سات

تو سنتا یہہ ندا از غیب بے شک ‌ ‌ کہ آمیرے طرف تو ای مبارک

یہہ سنکر بہاگ ہو گہبرا مین ‌ ‌ یہی مانکے گود مین پڑتا تہا جا ان

ابہی لگ وہ صدا اس ساعت اندر ‌ ‌ مین سنتا ہون صدا اس خلوت اندر

جلوۂ پنجم در بیان توجہ غوث افراد از جیلان بجانب دار السلام بغداد علی جدہ علیہ الصلوٰۃ والسلام

کہا ہے یون محمد ابن قاید ‌ ‌ کہ ہی شیخ کے مریدان مین وہ ماجد

تہا مین یکروز شاہ اولیا پاس ‌ ‌ کہا یک شخص اُسے ای سید الناس

بتا کسن شی پہ پایا کام تیرا ‌ ‌ کہ یون نامی ہوا ہے نام تیرا

کہا محبوب اسکو صدق اوپر ‌ ‌ کہا نہیں جہوٹ مین کوی وقت اندر

نہ اسمین ہین کہ تھا مین مکتب اندر
ہمیشہ رہتی سے تھا مین ہمسر

گیا صحرا کتین مین گھر سے ایکروز
تہا عرفی کا وہ روز دل افروز

پڑا ایک بیل ناگر کا نظر وہان
مین دوڑا اسکے پیچھے یکدم اس آن

وہ منہہ میرے طرف اپنا پھر آیا
لے میرا نون یون مجھکو سنایا

نہ تجھکو اس لئے پیدا کیا حق
نہ حکم اس کام کا تجھکو دیا حق

پھر آیا وہان ستی گھبرا کے گھر مین
چڑا اسوقت گھر کے بام پر مین

مین دیکھا خوب اس اوقات اندر
کھڑے ہین لوگ سب عرفات اندر

سمجھا یا جس گھڑی مین یہہ سمایا
شتابی سے اپنے مادر پاس آیا

کہا مین اسکو تب ای باکرامت
نہین الطاف کو تیرے نہایت

مجھے دے بخش مولا کو بشفقت
بہی دے بغداد جانے کی اجازت

کرون تا علم کی تحصیل وہان مین
ملون تا صالحان سے ہر زمان مین

طلب اس باتکا پوچھی وہ خاتون
کہا مین اس سے جو گذرا تہا مضمون

وہ سنکر بات یہہ رونے لگی زار
بچے لائی ہے وہ ہشتاد دینار

یہی تھا اس لئے اسوقت حاضر　　رکھی آدہی وہ میرے بہائی خاطر
رکھی تب نصف دیکر کو وہ سیکر　　بغل کے نیچے میرے دلق اندر
تھا ایک جا گاکہ سارے اہل جیلان　　وداع احباب کو کرتی تہی جا وہان
وہ جاگے لگ مجھی پہنچانے آئی　　تہی مشکل بہت سے میری جدائی
کہی رو رو مجھے ای قرۃ العین　　ہی تیرے سے ہمیشہ مجھکو سکہ چین
جدائی تیری ہے میرے پہ بہاری　　ہی زخم اس درد کا میرے پہ کاری
ولیکن جب خدا کا تو لیا نام　　رضا دی ہاین تجھے ای فرخ انجام
خدا کے واسطے کرتی ہون رخصت　　نہ دیکھون گی تجھے پہر تا قیامت
بہت مجھہ سے لئی تب عہد و پیمان　　کہ مین صادق رہون ہر حال و ہر آن
ہمیشہ صدق سے ہمدم رہون مین　　بجز سچ نا کبھی ہرگز کہون مین
یہہ کہکر ہوی روانہ سوے جیلان　　چلا مین جانب بغداد اس آن
چلا یک قافلہ چہوتا مجھے تب　　گئے ہمدان کے پہلا تہ ہم جب
یکایک رہزنان کے سات اسوار　　کئے اس قافلے پہ تاخت ای یار

لئے اس کاروان کا مال یکسر — کیا انسے گذر یک شخص مجھ پر
کہا بول ای فقیر اب کیا تجھ ہی پاس — کہا مین ہین چہل دینار مجھ پاس
کہا وہ ہین کہان بولا مین اس سے — ہین ہیر دلق مین نیچے بغل کے
وہ سمجھا مجھ سے سن اسباب کے تین — کہ کرتا ہون مسخرا اس سیتی مین
گیا وہ چہوڑ کر جب مجھکو بے دیر — سوار دیگر آیا مجھ کنے پھیر
وہ پوچھا مجھ سے جون پوچھا تہا اول — مین بولا اس سے جون بولا تھا اول
گیا وہ بھی مجھی تب چہوڑ اس دہات — کہے سردار سے جا دونو یہ بات
کہا لاؤ اسی مجھ پاس اس دم — مجھے لے گئی او نزدیک مقدم
وہ سب یک ٹیکری پر بیٹھ بے بیم — وہ سب اموال کو کرتے تھے تقسیم
گیا سردار کے نزدیک مین جب — کہا کیا ہی تیرے نزدیک بول اب
کہا مین ہین چہل دینار مجھ پاس — کہا ہین کان کہا مین کر نہ وسواس
ہین ہیر دلق مین نیچے بغل کے — سئے ہین انکو مان یہ سخن مجھ سے
کہا تا دلق کیتین چیر ڈالین — اور اس سے جلد اس زر کو نکالین

بجا لائے کیا جون حکم سردار | نکالے دلق سے چالیس دینار
کہا میری ستی تب یون وہ سردار | کیا تو کس لئی اس ربہ اقرار
کہا مین وقت رخصت کی میری مان | لئی ہی راستی پر مجھہ سی پیمان
کرون کیون عہد مین اسکی خیانت | لگا رونے وہ سنکر یہہ حکایت
کہا تو مجھہ سے مان عہد اوپر | ہی ثابت اس طرح ای خوب منظر
مین توڑا ہون خدا کا عہد کئی بار | کیا توبہ میرے کن تب وہ سردار
لگے تب اس سے لوگ آسکے سراسر | ہمارا رہزنی مین تھا تو رہبر
ہی توبہ مین ہمارا اب تو رہبر | کئے توبہ وہ سب مجھہ پاس آکر
لئے تھے قافلے سے جو کچھہ اموال | دئے سبکو بلا اسوقت فی الحال
کہا محبوب ہینگی یہہ جماعت | کہ اول پائی جنہی مجھہ سے ہدایت

وصل سیوم در بیان تحصیل علم و صحبت علما کرام و مشایخ عظام و مجاہدہ و ریاضت غوث الانام علی جدہ علیہ الصلوۃ والسلام درین وصل چہا جلوہ ست جلوہ اول در تحصیل علم

گیا شاہ دو عالم جب بہ بغداد | اٹھارا سال کا تھا خوب رکھہ یاد

ہوا بغداد اس سے مطلع النور | گھر ان سکے ہوی سب بیت معمور

ہوے اسکے منازل بے کم و بیش | منازل سے فلک کے یک قدم پیش

پڑا جب منہہ کا اُسکے وہان تجلا | اندہیرا ہو گیا اُسکا اجالا

مچی وہان اس بہار فیض کی دہوم | کہ ہوگی سرو و گلبن خار و زقوم

ہوے دشت اسکے سب وادی ایمن | تھا نخل طور سے معمور ہر بن

ہوا ہر باغ گلسر تیر تجلی | پڑی ظلمات کے خرمن مین تجلی

لگی ہر کوہ کیستین آتش طور | زمانہ اُسکا کہتا تھا انا النور

طنبورا اپنی زبان کر شوق سے وا | لگی تھی عشق کا گانے بدھاوا

نیستان زیر و بم سی ہر طرب ساز | اٹھای نفخ صور حشر کا ساز

بھرا اوے یمن سے وہا نکا بارا | عبیر جان فزا وہان کا دُھلارا

ہوے چشمی وہان کے شیر شکر | ہوے لشکر وہان کے لعل و گوہر

در و دیوار وہان کے ہو طرب خیز | ہوے تھے الیٰ الست سے لبریز

دف خورشید مہ سے لے کر زمانہ | لگا گانے مسرت کا شہانہ

ہوا ہر روز وہانکا عید بیشک / ہوی ہر شب شب قدر مبارک

غرض وہ جب وہان تشریف لایا / لگا دینے کو قدرت کا سمایا

تھی علم دین کی جب تحصیل واجب / کہ ہی او اصل ہر فضل و مناقب

سب انوار و مکاشف کا سبب ہی / سب اسرار و معارف کا سبب ہے

ہی وصل قرب حق کا نردبان او / غرض ہی لب ہر سر و عیان او

کمر تحصیل پر باندہا اسکے محبوب / کیا تھا اسکو دن رین اپنا مطلوب

اول قران کو باسا تو قرآت / کیا ہی ضبط وہ تجوید کے سات

پڑا اصل و فروع و فقہ جد سے / رین دن کے امام مجتہد سے

ہی اول بو سعید آن فرد اکمل / بھی دیگر ابو الوفا شیخ مکمل

ابو الخطاب و بویعلی و قرّا / سوای انکے بھی کئے اعلام علما

بہت حفاظ سے صحبت رکہا ہی / حدیث مصطفی انسے سنا ہے

عدد ان پیشوایان کا ہی بسیار / شمار انکا ہی بہجہ بیچ [illegible] یار

کیا اسطرح ضبط متن استاد / کہ اس فنمین ہوا ہی وہ جگ کا استاد

پڑہا علم ادب وہ سید الناس　　ابو زکریا یحیی بن علی پاس

وہ ہوکر سب علوم دین مین طاق　　ہوا جون چاہیئے مشہور آفاق

جہلک

روایت یون کئے ہین تکمیل　　کہ محبوب خدا ہنگام تحصیل

چلا تہا شیخ دین حماد کی سات　　ادا کرنے نماز جمعہ خوشند ہات

گئے جب پل کے اوپر سب یہہ امجاد　　دہکیلا غوث کو پانی مین حماد

وہ جبہ صوف پہنا تہا تب　　بشدت موسم سرما تہا تب

کہا محبوب بسم اللہ کہکر　　کہ ہی یہہ غسل جمعہ کا مقرر

تہے اسکے ہاتہہ مین کتبک اجزا　　تن پاک اسکا بہیگا ہی سراپا

ولیکن ہاتہہ اپنا وہ اٹہاکر　　اس اجزا کو بچایا ہی سراسر

گئے چہوڑ اسکو وہان شیخ او یاران　　وہ پایا ٹہنڈ سے رنج فراوان

نچوڑ اس جبہ کو بیٹہین کو سالار　　چلے پیچہے انہوں کے جلد ای یار

مریدان شیخ دین حماد کی سب　　لگی کرنے حقارت اسکی تب تب

غضب سے انکو فرمایا سنو تم | کچھہ اسکی باب مین بولو تکلو تم
ہین سکو امتحان خاطر ڈھکیلا | ہوسے تا تم پہ شان اسکی ہویدا
وہ ہی تسکین مین یک کوہ محکم | کہ ہرگز دل ملا تا نین ہے یکدم
غرض بعد اسکے گذری سالہا جب | گیا شونیزیہ کو وہ مقرب
کری تا وہانکی قبرون کی زیارت | عطا انکو کری تا فیض و برکت
کھڑا تھا دیر لگ وہ سید الناس | بہ نزد مشہد حماد دباس
اور اسکے چہرہ پر نور اوپر | نمایان تھا تکدر ای برادر
پھر آئی وہانسے بعد دیر پیارے | بہت مسرور ہوکر غوث ابرار
کوئی اسکا وجہ اس سرور سے پوچھا | جواب اسکو دیا محبوب والا
ہین دیکھا شیخ دین حماد کو اب | ہی اسکے تن مین یک خلعت مذہب
بھی ہی یاقوت کا تاج اسکے سرپر | کڑے سونیکے اسکے ہاتھہ اندر
ہی سب کچھہ اسکتین شان وتجمل | پہ سیدھا ہاتھہ اسکا شل ہی بیکل
ہین پوچھا وجہ اسکا تب وہ بولا | تجھے پانی مین سن مین ڈھکیلا

وہ گستاخی سیتی پہرتا تہا ہی تسل
لگی بات اسکی میرے دلکو اوکل

لگا کرنے دعا مین ہو کو بیکل
کہ ہووے تا تہہ اسکا مثل اول

اتھاسے پہنچ زار اہل مقامات
سبب اپنے قبر و نمین تا تہہ اپنے مجہہ سبقت

کیا مولا دعا میری اجابت
ہوا تا تہہ اسکا جون اول نقوت

کیا وہ دست بوسی مجہہ سیتی اسدم
ہوا مین اس لئے مسرور خورم

پڑی ہے یہہ حکایت جب سے افواہ
ہوا ہر کوئی اس قصے سیتی آگاہ

مریدان شیخ دین کے جمع ہوے سب
گئے درگاہ مین محبوب کے تب

کرین تا ہا نہ پس وہ اس سخن سے
ولے کچہہ کہہ سکا ہین کوی لسے

کہا ان سے امام اولیا تب
کرو دو شخص کو تم اختیار اب

کرین تا پیر سے دریافت یہہ راز
ہوے اسبات سیتی سارے دمساز

گئی اجماع سب ان دو کے اندر
کہ تہی وہ شیخ کے یاران مین بہتر

اول تہا ماجد شیخ یوسف
کہ تہا سر حلقۂ اہل تصرف

ہی دوسرا ابو محمد عبد رحمان
کہ تہا سر دفتر ارباب عرفان

کئے بعد اسکے سب وہ عرض خدمت   دئے حضرت کو ہم یکہفتہ مہلت
کہا شہ انکو یہاں سے تم اٹھو مت   نہو وے تمپہ جب لگ کشف حالت
ہوا تب وہ شہ عالی مناقب   مراقب اور وہ بھی سب مراقب
یکایک مدرسے کے بہار اسیے یار   ہوا شور و پکارا جد ستی بچار
دیکھے نکلا ہی ننگے پاؤن یوسف   شتاب آتا ہی وہ صاحب تصرف
کہا جا مدرسے مین رب متعال   دکھایا شیخ دین حماد کا حال
بھی فرمایا مجھے اس طرح مولا   کہ جلدی مدرسے مین غوث کے جا
ہوے ہین جو مشایخ وہاں فراہم   تو بول ان سب کے تین جلدی سے اسلم
بخبر محبوب کی تم راستیت جانو   سخن کو اسکے جان و دل سے مانو
کیا یہین لگ تمام یہہ وہ منور   بہر حجرے سے آیا شیخ دیگر
کہا وہ بھی سبھون سے مثل اول   لگے تب سب مشایخ ہو کے بیکل
لگے کرنے کو استغفار یکسر   کئے شہ سے طلب عفو اپنا ادر

جلوهٔ دوم دربیان تدریس و فتای افادت علوم بی انتہا که از جناب

غوث الانام علی جده وعلیه الصلوة والسلام بظہور آمده

کیا جب سب علوم دین فراہم
لگا کرنے افادت انکو ہردم

ہوا وہ مدرسہ اُسکے محول
کہ تھا وہاں بوسعید استاد اکمل

اسیے سب اپنے سر نو پھر بنائے
اور اول سے دو چند اسکو بڑھائے

کئے خرچ اغنیا وہاں مال خوشدلی تمام
کئے فقرا وہاں کام اپنے ہات

ہوا پورا بنا وہ ایسے بر اور
بسال پانصد اٹھاویس اندر ۵۲۸

وہ بیٹھا اسمیں تب با زینت و زین
برائے درس اور فتوی بلا بین

ہوئے جمع اسکی خدمت میں وہاں جا
بہت علما و فقہا اور صلحا

تھے جتنے طالب و سالک شغف سے
لگے آنے وہاں چار و طرف سے

پڑا اس مدرسے کا غل بعالم
ہوا وہ قبلۂ حاجات اُس دم

نذور آنے لگے وہاں بے نہایت
لئے فیض اس سے سب بے حد و غایت

کیا [illegible] اب فیض درس کو وا
لگا دینے کے تئیں تعلیم و فتوی

لگا کرنے بیان وہ ہادی دین
بعلم اصلی و فرعی براہین

لگادینے وہ سرور عارفین کا | بعقل و نقل داد احکام دین کا

بقول و فعل وہ محبوب باری | کیا جون چاہیئے نت حقکو یاری

کیا ایسے کتابان کو وہ املا | کہ ہی وہ ظاہر و باطن مین یکتا

تھے جتنے مسجد و محراب و منبر | ہوئے اُسکے ثنا سے سب معطر

جہان لگ تھے مجامع اور صوامع | ہوئے اسکے ثنا مین نور لامع

سخن اسکا پڑا افواہ اندر | ہوا نام اسکا ورد ہفت کشور

بہار اس خلق سے لے تر زبانی | کئے سب خلق مین جا گل فشانی

نسیم او عطر سے لے ایک مہکار | دماغون کو کیا ہی مست و سرشار

اور اسکے فضل کے اخبار والا | ہوئے آفاق کے گردن مین مالا

پہنسے اسکے محبت مین سب اخیار | گہتے اُسکے نظارے مین سب انظار

ریاض قدس کے جتنے تھے بلبل | مچلے اسکی باغ مدح مین غلغل

لقب اسکا رکھا کوی ذوالبیانین | خطاب اسکو کیا کوی ذوالحسانین

کہا کوی اسکو وہ برہان کا حاکم | کہا کوی اسکو وہ حجت کا ناظم

نظام دو طریق اسکو کہا کوی — امام دو فریق اسکو کہا کوئی

فروغ دو چراغ اسکو کہا کوی — دو نور کا سراغ اسکو کہا کوئی

شریف از دو طرف کوی اسکو بولا — کریم از دو شرف کوی اسکو بولا

کہا محبوب سبحانی اسے کوی — کہا ہی قطب ربانی اسے کوی

کہا کوی اسکو شیخ الکل بلا مین — پکارا کوی سب اسے یا غوث ثقلین

منار دین کو ہوی اس سے بلندی — شریعت پای اس سے ارجمندی

ہوئے ہی قدر سنت اس سے عالی — ہوی بدعت کو اس سے پاے مالی

جلایا از سر نو دین کو او — محی الدین لقب اسکا ہی سمجھو

جو اہل علم و عرفان تھے باآفاق — کئے ہین فضل اوپر اسکے اطباق

لئے اہل حقیقت اس سے ہر سر — پڑے اصحاب ظاہر اس سے کاہر

لواقح مین کہا ہے شیخ شعران — کہ روز آخری لگ غوث دوران

ہمیشہ سبکو دیتا تھا بتکرار — بلاشک درس بیدار علم ای یار

اور کہتے تھے جہتا سن پاس حرن را — ز شرق و غرب بحر و بر سوالات

جواب انکا وہ لکھتا دیکھتے ہی — تامل اسمین نہین کرتا ذرا بھی

سب علماء عراق ای صاحب حب — یہہ جلدی دیکھہ کرتے تھے تعجب

پڑاتا تھا دو نو وقت ای برادر — حدیث و فقہ و تفسیر مطہر

بھی نحو و اختلاف سب مذاہب — اصول فقہ کو بھی ای مصاحب

بھی کرتا درس قرآن با قرآات — نماز ظہر بعد از یاد رکھہ بات

تھا فتوی اس امام دین کا بیشک — دو مذہب کے اوپر اس ای مبارک

امام شافعی و ابن حنبل — لکھے ہین یون کتابان مین مفصل

کہا یون ابن قدامہ نے ای یار — بھی دوسرے بہت اہل علم و ہرار

کہ جو کوی غوث کی خدمتمین آتا — جو چہتا علم اس درگہ سے پاتا

ہوتا دوسرے کا پھر وہ محتاج — کہ علمون مین دیا تھا اسکو جو تاج

جو ہوتا اسکے نے مشغول در علم — وہ ہوتا فایق اقران بہر علم

ندیکھے علم مین ہم کوی اس سا — تھے سب اعلام دین اس کے جیسا

روایت

کہے ہیں یون کیہا تی و براز | کہ تھے دو نون ہوا قرب کے باز

ہمارے شیخ سے کوی آ کو پوچہا | محی الدین جیسے زیبا لقب تہا

محی الدین تیرا روشن لقب ہے | ہی تجہکو کیب بتیہا و کس سب ہے

کہا جمعہ کے دن بعد سفر مین | چلا پا برہنہ بغداد کے تئین

مین گذرا راہ مین اسدم بیک مرد | کہ تن تہا اسکا لاغر اور منہہ زرد

کیا مجہکو سلام وہ لے مرا ناون | جواب اسکو دیا مین جلد اس تہانون

کہا بعد اسکے میرے پاس آ اب | کرم سے آپنے مجہکو اٹھا اب

گیا اس پاس اور اسکو اٹھایا | تن اسکا یک بیک بڑہنے مین آیا

ہوا صاف اسکا رنگ او شکل ہوی خوب | کیا مین خوف دیکہہ اسکا یہہ اسلوب

کہا پہچانتا یا نہین مجہے تون | کہا تجہکو نہ ہرگز جانتا ہون

کہا بیشک مین تیرے جد کا ہون دین | ہوا تہا یون نحیف و زار و غمگین

گلیا تہا تن مرا جون تو اٹہایا | مجہے قیوم تیرے سے جلایا

تو ہی سرور بلا شک محی دین ہے | امام زمرۂ کشف و یقین ہے

کہا سرور دین نے اسکو چہوڑ کر وہان
گیا ہون مسجد جامع کو اس آن

ملا ایک شخص رہ بین اور وہ بازین
رکہا نزدیک میرے لا کے نعلین

کہا و زبدۂ اہل یقین تب
مجہے یا سیدی یا محی دین تب

نماز جمعہ ہوی جب لوگ درجال
لگے مجہہ پاس آنے جلد کر چال

وے میرے ہاتہہ کتین بوسہ وہ سب
لگے کہنے محی الدین مجہے تب

کبہی کوی وقت بین بین آگے اسکے
پکارا نین گیا تہا اس لقب سے

بہی اس سرور کے اول اے گرامی
نپایا اس لقب کو کوی نامی

وہ جب جون چاہئے دین کو جلایا
مبارک یہہ لقب تب اسنے پایا

روایت

روایت یون کیا ہی عبد رزاق
کہی وہ ابن غوث الجملہ آفاق

کہ آیا تہا عجم سیتی سوال ایک
طرف بغداد کے ایکبار اے نیک

جواب اسکا دیا نین کوی ہرگز
تھے علماے عراقین اس سے عاجز

تہی اس مسئلے کی یون شکل اے گرامی
کہ کیا لکہتے ہین یہان علماء نامی

کہا یکدم کہا سوگند یہہ بات | کہ وہ حقکی کرے اسدم عبادات
کہ کوئی نا شریک اسکا اچھے تب | وہ طاعت ہیچ نا در دن نہ در شب
نہ ایسی گر کرے وہ طاعت حق | تو نزدیک اسکی ہے بے شبہہ مطلق
کرے حقکی عبادت سے وہ کیا کار | کہ آوے اس قسم کے بوج سے بہار
یہہ مسئلہ جب میرے والد کن آیا | شتاب اسپر لکھا وہ قرب پایا
کہ آوے شخص وہ سکے منے اب | مطاف اسکے لئے خالی کرین سب
طواف اسمین کرے وہ ہوکے تنہا | وہ ہووے اس قسم سے تا مبرا

روایت

کہا یون شیخ علی ہیتی نے ای یار | کہ مین محبوب سبحان ساتہہ یکبار
زیارت کو گیا احمد سکے خوشند مات | بہی تھا شیخ بقا اسوقت ہم سات
مین دیکھا تب امام جمع اخیار | نکل آیا ہی اپنے قبر سے بہار
گلے محبوب سبحان کو لگایا | بہی اسکو ایک خلعت وہ پنہایا
کہا وہ بعد ازین یا غوث فاخر | کہ مین یا سیدی یا عبد قادر

ہون در علم شریعت اور حقیقت	ترا محتاج ای شاہ طریقت
بھی علم حال و فعل حال اندر	ترا محتاج ہون ای نور افسر

روایت

کہا حافظ ابو العباس فاخر	لقب تھا بند بیچے جسکا ظاہر
کہ ہین اور ابن جوزی ملکو یکروز	گئے نزدیک شہ از بخت فیروز
پڑہا اسوقت قاری ایک آیت	کیا تفسیر اُسکی شہ ہدایت
کیا اول بیان ایک وجہ سالار	کہا مین ابن جوزی ساتھہ ای یار
تو اسکو جانتا ہی وہ کہا ہان	کیا تب وجہ دیگر کا وہ تبیان
کہا تا پورے گیارا وجہ سالار	مین کہتا تھا اُسے ہر بار ای یار
تو اسکو جانتا وہ بولتا ہان	کہا بعد اسکے وہ سلطان دوران
اس آیت کی بیان مین وجہ دیگر	کہا ہمرہ سے مین اُسوقت اندر
تو اسکو جانتا ہی وہ کہا نین	نہ دیکھا نا سنا اس وجہ کیتین

غرض وہ خازن اسرار قرآن | کیا ہی تب بیان چالیس جہان

کہا ہر وجہ کو اسناد کے سات | دلایل سے کیا ہی اسکو اثبات

تہا کرچہ وہ بڑا علامہ ای جان | ہوا تہا علم مین سرور کے حیران

کہا بعد اسکے قطب عالم جان | ہمین اب چہوڑتے ہین قال اس آن

رجوع کرتے ہین ہم اب جانب حال | بڑا کلے کو تب وہ صاحب حال

ہوا مجلس مین شور حشر برپا | کیا چاک ابن جوزی جبہ اپنا

روایت

روایت یون کیا ہی بو محمد | ہوا مشہور جب محبوب بیحد

ہوے ہین سو فقیہ اس وقت یکتہا | کئے اس بات اوپر سب وہ اتہا

کہ پوچہین اس سے جاکر سو مسایل | کہ اسکے تین جواب انکا ہو مشکل

وہ یون کر کر مقرر اپنے من مین | گئے اس شاہ دین کے انجمن مین

کہا ادی وہ بیٹہے اکے جسندم | جہکایا سر کو اپنے شاہ عالم

یکایک نور کا شعلہ بڑہا سا | مبارک صدر سے سرور کے نکلیا

وہ انسو شخص کے سینہ پہ گذرا
بچھایا اسکو چاہا جسکو مولا

کیا نین وہ گذر کوی عالم اوپر
مگر اسدم ہوا مبہوت و مضطر

بچھے وہ سارے ہو کر بہت ناشاد
کئے ہو سر پیٹنے شور و فریاد

کہے اپنی گریبان چاک یکسر
ہو بیکل پاؤن پہ اسکے رکھے سر

ہوا مجلس مین ایسا شور و فریاد
کہے تو زلزلہ پایا ہے بغداد

وہ سرور اپنے پاس انکو بلایا
گلے سے اپنے ہر ہر کو لگایا

کہا ہر ہر سے تب مسئلے کوی قیل
جواب اسکا دیا ہر وجہ تفصیل

کہا اوی گئے جب ہار وہ سب
کہا مین کیا تھی یہہ حالت کہو اب

کہے پاس اسکے آبیٹھے ہین جب ہم
گئے گم آپنے علمون کو تب ہم

گیا پو سب ہمارا علم برباد
نہین ہمکو رہا یک حرف بہی یاد

جب اپنے سینے سے ہمکو لگایا
گیا تھا سو ہمارا علم آیا

جو مسئلے ہم رکھے تھے دلکے اندر
کہا اُن سب کتین یک وہ سرور

جواب ان مسئلے کے ایسے ہمکو بولا
کہ ہم دیکھے نہین تھے انکو بھلا

جلوہ سیوم در بیان صحبت داشتن غوث انام با مشایخ عظام علی جدہ علیہ الصلوۃ والسلام

کیا ہی وہ امام کامل الذات	بہت افراد و قطبوں سے ملاقات
رہا صحبت مین تاج العارفین کے	تھے جسکے خوشہ چین شاہان تعین کے
خصوصا اس امام وقت کے پاس	لقب تھا جس کتین حماد دباس
وہ پہنا خرقۂ اہل طریقت	ز دست مخرمی قطب الحقیقت
ولیکن در حقیقت وہ معظم	لیا باطن مین فیض از روح اعظم
ہیاں جسکے خوشہ چین رسل و ملک سب	ہی جسکے نور سے ارض و فلک سب
ابو الارواح و اہل ارض و افلاک	کہ جسکے سر اوپر ہے تاج لولاک
امام اول و آخر محمد	نظام باطن و ظاہر محمد
تھا وہ اس نور اول کا اویسی	کہو ہی کس ولی کی شان ایسی

جھلک

کہا اسو سنئے وہ جان جانان	کیا نین تربیت کوی مجھکو یک آن
بغیر جد مقدس کے سوائے	کہ جس سے ہر دو عالم راہ پائے

ذوسراج پہلک

بھی پوچھا شاہ نے یون اک عوش — کہ تیرا پیر ہی کس راہ مین کون
کہا تب اسکو وہ کونین کا میر — ہی بیشک بوسعید اول مرا پیر
ولے مین تیرتا ہون اب بصفوت — بدریاے نبوت ہور فتوت
مین ان دو بحر سے پیتا ہون آب — بھی کرتا ہو پیاسونکو مین سیراب
ہی تاج انبیا بحر نبوت — ہی شاہ اولیا بحر فتوت

جلوۂ چہارم در ریاضت و مجاہدات آن ہمام علی جدہ و علیہ الصلوٰۃ والسلام

لکھون مین کسطرح اسکی ریاضت — بیان کرنا اسے کسکو ہی طاقت
کہین ہین بوسعود و بھی حریمی — کہ تھی دونون کو حضرت کی ندیمی
امام اولیا لطف و کرم سے — حکایت یون کیا ایک روز ہمسے
کہ ہین پچیس سال اندر بدایت — کیا دشت عراق اندر سیاحت
نہ کچھہ پہچانتا تھا خلق کو مین — کہ مردم جانتے تھے کچھہ مرے تین
رجال الغیب و جنون کے جماعات — مرے نزدیک آتے تھے اکثر اوقات

دکہاتا تہا انکو راہ حق مین
پڑہاتا تہا عشق کا انکو سبق یار

کبھی میرے ابتدا مین خضر آگا
ہوا میرا رفیق و یار و ہمراہ

نہ دیکھا تہا کبھی مین اسکو اول
کیا میرے سے یون شرط اوکمل

مین ہوتا ہون رفیق اس شرط کے سات
کہ نا ہووے تو مخالف دن ہو یا رات

رضا مندی پہ میرے دل دہر تو
خلاف مرضی میری نا کرے تو

یہہ بولا اور بٹھایا مجھکو یک جا
گیا تب وہان سے وہ فرہولے

مین بیٹھا اس مکان مین تا بسالہا
پہر یک سال آتا تہا وہ خوش فال

کبھی مجھکو بولتا تہا یون او اسم
مین آیے لگ تو یہان بیٹھا ہی تم

کبھی دنیا او شہوات اسکی یکسر
میرے پاس آتی تھی صورت پکڑکر

ولے محفوظ رکہتا مجھکو داور
نظر کرنے ستی ان خواہشون پر

کبھی آتے تھے شیاطین اور خناس
ڈرانے صورتان سے بہت مجھ پاس

میرے سے جنگ آکرتے تھے وہ سب
مجھے دیتا تہا حق انپر ظفر تب

کبھی میل النفس لیکر شکل ظاہر
بہت ہوتا تہا میرے پاس حاضر

کبھی کرتا تھا زاری بے نہایت — کبھی کرتا تھا پیکار و خصومت

مجھے دیتا تھا اسپر فتح و نصرت — ولیکن حق تعالی از عنایت

کبھی اپنے ابتدا کے حال مین مین — شروع کرتا تھا جب کوئی شغل کہین

تو کرتا التزام اسکا مین پورا — نہ ہرگز چھوڑتا اسکو ادھورا

کھنڈران تھے جو در کرخ و مداین — ہوا مدت تلک مین انہین ساکن

بہت کرتا تھا مین وہان ریاضت — بہت سہتا تہا مین وہان رنج و محنت

غذا میرا تھا ایک سال لگ ہان — پڑی ہوی چیز جو ملتی تہی اس آن

کبھی یک سال ذکر ای حق کے جوپا — نہ کھایا نا پیا کچھہ اور نہ سویا

کبھی مین ایکبار در ایوان کسرا — کیا خواب ایک شب در فصل سرما

ہوا مین محتلم پس غسل کر کر — گیا سو اس گھڑی مین بار دیگر

ہوا پھر محتلم مین دوسرے بار — کیا مین غسل سو یا پھر ای یار

غرض چالیس بار اس شب مین ای یار — ہوا ہون محتلم بے ریب و تکرار

ہوے پر محتلم کچھہ دیر نا کر — مین نہاتا نہر مین جلدی سے جا کر

نہ آوے نیند تا اسوقت اندر — مین چرتا تھا کبھی ایوان کے اوپر
کیا ہون بہت جنگل مین بسیرا — اتھا بردیکا پتا قوت میرا
کبھی میرے واسطے ایک مرد ہر سال — لباس صوف لاتا تہا در ان حال
ہزارون شغل مین اپنا کیا رو — کہ دنیا سے تمھارے ہوون یکسو
ہوا تھا سب سے یون بیگانہ مین تب — کہ مجھکو گنگ و مجنون بولتے سب
کبھی چلتا تھا مین اس حالت کے اندر — برہنہ پانون بنت کانٹون کے اوپر
نہ کوئی شئی مجھکو ڈالی ہول اندر — کبھی غالب ہوا مین نفس مجھہ پر
نہ ہرگز کوئی دم دنیا کی لذت — دل و دیدے مین میرے پائی عزت
کہا اوی سے کہے ہم تجھہ صغر مین — نہ پاے جا کبھی تیرے نظر مین
کہا ہے یون سنے میری بھی دنیا — نہین پائی میرے دل مین کبھی جا

روایت

کہا یون شیخ عارف نے محمد — حریفین کا بلد ہے جسکا مولد
کہا میرے سے یون محبوب سبحان — کہ مین رہتا تھا اسدن در بیابان

کبھی بغداد مین آتا تھا مین
کسی سے انس کچھہ پاتا تھا مین

شیاطین صف بصف مجھہ پاس آکے
بُری اشکال سے مجھہ کو ڈراتے

سوار آتے تھے اُنسے اور پیادہ
ہتیار اُن پاس تھے حد سے زیادہ

میرے لیے جنگ آکر تے تھے وہ سب
بھی شعلے آگ کے وہ پھینکتے تب

مین اپنے دلمین ایسا زور پاتا
کہ اسکا نین یہان کہنے مین آتا

بھی سنتا ایک تخاطب سے مین پیر
کہ اُٹھہ انکے طرف ای عبدقادر

رکھے ہین تجھکو ہم ثابت بقوت
دئیے ہم تجھکو دایم فتح و نصرت

مین کرتا تھا اُون پہ حملہ جون باگ
وہ جاتے سیدھے ہو ڈاوین طرف بھاگ

کبھی آتا تھا اُن سے ایک شیطان
میرے نزدیک ہو کہتا تھا اُس آن

تو جلدی یہان ستی اُٹھہ جا والا
کرونگا ساتھہ تیرے ایسا ایسا

طپانچہ ایک اُسے مین تب لگاتا
وہ شیطان چھوڑ اوسان بھاگ جاتا

پچھے لاحول مین پڑہتا تھا تب
وہ پھیر سہاٹ کھنے جاتا تھا جل سب

بھی آیا ایک مرا تب ایک بدخو
کہ تھا وہ بہت بدرو اور بدبو

کہا ابلیس ہون مین ای معظم ۔ تیری خدمت لئے آیا ہون اسلام
کہ تو عاجز کیا ہی سبی تا مل ۔ تجھے اور میرے سب لشکر کو بالکل
کہا مین جا نہین مانا وہ بد طور ۔ تب آیا غیب سے ایک ہاتھہ فی الفور
لگایا اسکے سر پر ایک چھکر ۔ وہ ملعون تب زمین اندر گیا گر
پھر آیا پاس میرے دوسرے بار ۔ لے اپنے ہاتھہ مین یک شعلۂ نار
لگا کرنے کو میرے سے جدل تب ۔ پس آیا یک سوار اسپ اشہب
کیا تھا اپنا منہہ برقع مین پنہان ۔ دیا وہ مجھکو یک شمشیر بران
گیا ابلیس تب پچھہ پاؤن ہٹ کر ۔ پچھے دیکھا مین اسکو بار دیگر
میرے سے ہٹ کر وہ دور ایکجا ۔ بہت روتا تھا اور بلبلاتا
اُڑاتا تھا بھی وہ خاک اپنے سر پر ۔ تڑپتا تہا بہت اوس بد سیر کر
بھی کہتا تھا مجھے ای عبد قادر ۔ ہوا ہون تجھہ سے نومید و خاسر
کہا دوڑا ای لعین مین باخبر ہون ۔ تیرے مکرون سے دایم پر حذر ہون
کہا وہ مجھہ یہ مشکل تر ہی یہہ بات ۔ گیا کرتا ہوا افسوس و ہیہات

پیچھے ظاہر ہوے ہین گرد میرے — کمند ہو ر دام ہو جالی گھیرے

کہا مین کیا ہی یہہ بولی ندا غیب — کہ ہی دنیا کے جالی یہہ بلا ریب

ہوا مین کاٹنے مین انکے شاغل — گئے سب کٹ وہ دریک سال کامل

ہوے ہین بعد ازین مجھہ پر نمودار — مرے چاروطرف اسباب بسیار

کہا مین کیا ہی یہہ بولے پھر از غیب — کہ ہین یہہ خلق کے اسباب بے ریب

لگا مین کاٹنے ان سبکو درحال — گئے کٹ سربسر وہ سب بیکسال

ہوا ہی بعد ازین مکشوف مجھہ پر — مرے باطن کا سب احوال مضمر

مین دیکہا اپنے دلکے اندر اُس آن — خلائق بہت سے پیدا و پنہان

کہا مین کیا ہی یہہ بولے یہ میرے ساتہہ — ہین تیرے اختیارات و ارادات

ہوا مین کاٹنے مین انکے مشغول — ہوا ایک سال مین حاصل یہہ مامول

ہوا ان سب ستی خالص مرا دل — رہا نین انسے ہرگز اسمین یک تل

ہوا اس حال کے بعد از نمایان — مرے پر نفس کا احوال پنہان

مین دیکہا جب تامل سے بجہا کر — ابھی باقی ہین امراض اسکے یکسر

ابھی ہی مند شیطان اسکا سر کفن — بھڑکتی ہی ہوا کی اسکی آتش

ہوا ہین دفع کرنیکو یہہ آفات — برس لک مشتعل دن ہووی یا رات

سگے بیماریان سب اسکے اس آن — ہوا مر گئی ہوا شیطان مسلمان

ہوے سب کام للہ اور فی اللہ — نہین باقی رہی کچھہ غیر کو راہ

اُٹھا جب وہ جد ہین اکر مین اُسدم — رہے تھے پیچھے میرے ہر دو عالم

ولے ان حالتون کے ساتھہ بھی مین — ابھی پہنچا نتہا مطلوب کے تئین

گئے تب جذب مجھکو بے تامل — سوے مطلوب از باب توکل

مین دیکھا اژدہام اس باب اندر — گیا چہوڑ اسکو باب شکر اوپر

تا اس سے جاؤن مین نزدیک مطلوب — وہان بھی بھیڑ تھی پہلیکی اسلوب

گیا مین چھوڑ اسے بر باب التسلیم — چلون مطلوب کن تا اس سے بیبیم

وہان بھی مین بہت سی بھیڑ پایا — غنا کے در اُپر اسوقت آیا

کہ تا اس باب سے مین ہووی داخل — طرف مطلوب کے ہو جاؤن واصل

وہ دروازے بہی مین بہیڑ پایا — سوے باب شہود اسوقت آیا

چلون مین جس سے تا مطلوب کے ڈہیر | وہان بھی بھیر کو تھی بہت تکثیر

گیا چھوٹ اسکو باب قرب کن مین | وہان بھی بہت پایا بہتر کے تئین

گیا چھوٹ اسکو باب فقر کے پاس | تہا وہان بھیر کا یک ذرہ وسواس

ہوا اس باب سے مین جلد داخل | جو چھوٹا تہا ہوئے سب مجھکو حاصل

کھلا میرے پہ اس سے کنج اعظم | ملا ہی مجھکو وہان عز معظم

غنا سے سرمدی مجھکو دیا حق | ہی بخشا مجھکو آزادی مطلق

ہوئے وہان محو سب میرے بقایا | نہ صفتونکا رہا باقی سمایا

ہوا ظاہر وجود خاص دیگر | بیان اسکا سخن سے ہووے کیونکر

روایت

کہا ہی شیخ ابوالقاسم عمر یون | دیا محبوب حق مجھکو خبر یون

مجھے در ابتدا احوال فاخر | سیاحت مین بہت ہوتے تھے ظاہر

ولیکن سینہ مین ہوتا تھا غالب | بھی ہوتا اسمین مین اپنے سے عجایب

نکل جاتا تھا جب وہ حال پرنور | مین پاتا آپ کو در منزل دور

وہ منزل ہے کہ تہا مین ہمین اول — بھی آیا تھا تجھے یک حال اجمل
تہا تب ویرانہ بغداد مین مین — لیا تھا گھیر یک ساعت میرے تین
کھلا میرے سے جب وہ حال انور — مین پایا آپ کو در ملک ششتر
ہی بغداد اس سے بارہ روز کی راہ — پڑا تہا فکر مین مین تب کہ ناگاہ
کہی ایک زن مجھے اسوقت ای نیک — تو کرتا کیا عجب اس حال کو دیک
کہ ہی تو منبع اسرار نادر — ہی تیرا نام سید عبد قادر

روایت

بھی فرمایا ہی یون وہ فاخر الحال — کہ اپنے ابتدا مین تا چہل سال
وضو سینتی عشا کی ہر سحر مین — ادا کرتا نماز صبح کتین
بھی پندرا سال تک بعد عشا این — شروع کرتا تھا قرآن کے تین
رکہہ اپنے ہاتہہ کو اس میخ اوپر — کہ گاڑے تھے اسے دیوار اندر
تمامی شب مین پڑتا تھا مین قران — جب آتے تئے صبح کرتا ختم فرقان
بھی رہتا تھا کھڑا ایک پاؤن پر مین — کرے تا نیند نا حیران میرے تین

چڑا تھا ایک سیڑی اوپر میں یکشب
کہا ہی یک نفس میرا یوں مجھے تب

کہ سوتا کاشتکے تو ایک ساعت
تو ساری رات کرتا پھر عبادت

بھی جا یک پرخطر جاگے کے اندر
کھڑا میں اپنے ایک پاؤں اوپر

کیا اس حال میں میں ختم قرآن
کیا نین من ذری سستی بہی اُس آن

بھی رہتا تہا تب از شوق دل افروز
میں بھوکا تین دن سیتی تا چہل روز

نہ پایا ان دنوں میں کوی شی میں
کہ تالوں اپنی اس سے بھوک تیں میں

بھی نیند آتی اتھی صورت پکڑ کر
میں اسکو تالتا کر شور اُسپر

بھی دنیا او رلذات اسکے یکسر
میرے نزدیک آتی شکل لے کر

کبھی آتی تھی لیکر خوب صورت
کبھی آتی بنا کر زشت صورت

میں اُن پر مارتا تہا تک اسدم
وہ جاتے بھاگ کر سارے ہو بیدم

تھا ایک برج کہن دور از عمارت
کیا میں اسمیں گیارہ سال اقامت

میرے رہنے ستی مدت تلک وہان
اسے برج عجم کہتے تھے لوکان

غرض اس برج کے اندر میں یکبار
کیا یوں عہد با قیوم دادار

که ناکھاؤن مین جب لگ نا کھلاؤ ۔ بھی پانیون مین جب لگ نا پلاؤن

گئی چالیس دن مین کچھہ نه کھایا ۔ پچھے اسوقت کے یک شخص آیا

طعام و نان کو لایا تھا او ۔ رکھہ اسکو پاس میرے پھر گیا او

تھی مجھکو بھوک کی اسوقت شدت ۔ مین چاہا کھاؤن وہ کھانا بسرعت

کہا تب اپنے دل مین مین اسدم تات ۔ مین کیون توڑون کیا جو عہد حق سات

سنا مین اپنے باطن سے یکایک ۔ ہذا الجوع کا اسدم بلاشک

ولے فضل خدا میرے پہ تھا جب ۔ ہوا مین اسسے مین کچھہ کہا بڑا تب

یکایک بو سعید قرب مظہر ۔ گذر مجھہ پر کیا اسوقت اندر

سن اس آواز کو بولا وہ فاخر ۔ ہی کیا یہہ صورت ای شیخ عبد قادر

کہا مین نفس کی ہینگی یہہ فریاد ۔ ولیکن روح قرب حق سے ہی شاد

کہا تب مجھہ سے آ بابس ازج دیر ۔ یہہ فرمائے گیا تشریف وہ پیر

کہا دلمین مین نا جاؤنگا چلا ۔ مگر ہووے مجھے جب حکم مولا

ابو العباس خضر اسوقت آکر ۔ کہا اس پاس جا اسوقت اندر

کیا اس پاس مین تب دیر نا کر — کھڑا تھا منتظر میرا وہ بردر
کہا میرے سے جب وہ مجھکو تنہا — تھا میرا کہا بس تجھکو آیا
کہ تجھکو خضر بولا ہی کہ جا اب — گیا لیکر مجھے وہ گھر منے تب
تھا کھانیکا وہان سفرہ مہیا — وہ بیٹھا اسپہ ہور مجھکو بٹھایا
پس اپنے ہاتہہ سے مجھکو کھلایا — بھی خرقہ بعد ازان مجھکو پنہایا

روایت

لواقح مین لکھا ہی شیخ شعران — کہ فرمایا ہی یون محبوب سبحان
ہوے وارد بدایت مین کئی بار — میرے پر ایسے احوال گران بار
کہ مین اس حال مین بیہوش ہوتا — خودی اور بیخودی کو اپنی کھوتا
نہ دستا تہا اثر کچھہ دم کا یک پل — نہ حرکت کا نظر آتا تھا ہل چل
یقین کرتے تھے سب دیکھہ حالت — کہ مین بیشک کیا دنیا سے رحلت
لیجا کر مجھکو تب سب نہاتے تھے یکسر — نہلانے واسطے تختے کے اوپر
بھی سب تجہیز کا کرتے تھے سامان — اس اثنا مین کرم سے اپنے رحمان

مہرے مین جان کو کرتا نمودار — یہہ صورت مجھیہ گذری ہی بہت بار

روایت

بھی فرمایا سیاحت مین تھا مین — سنا ہون غیب سیتی یہہ ندا جب

تجھے مین بے گمان ای عبد قادر — کیا ہون برگزیدہ اپنے خاطر

یہہ آوازون کو سنتے تھے مرے کان — نہ قایل اسکا دسنا مجھکو اس آن

بھی جب کرتا مین سونیکا ارادہ — تو سنتا یہہ ندا بے کم زیادہ

تجھے بے شبہہ ہم ای عبد قادر — نہین پیدا کیے سونے کے خاطر

کئے پیدا تجھے تھا جب تو لاشی — نہو تو ہم سے غافل اب کہ شی ہی

روایت

روایت یون کیا ہی بو المفاخر — کہ میرے سے کہا شاہ اکابر

گیا تھا حج کو مین از شہر بغداد — حوالی بیچ لے تجرید کا زاد

گیا ہون اس منار پاس مین جب — کہ کہتے ہین جسے ام القرون سب

عدی ابن مسافر سے ملا وہان — تھا وہ بھی نوجوان بے شبہہ اس آن

کہا یہ سے ای سالار فاخر — طرف کس سمت کے تو ہی مسافر
کہا جاتا ہون مکے کی طرف مین — کہا چاہتا ہی تو ہمراہ کے تین
کہا مین اسکو ہون بشرط تجرید — کہا وہ مین بھی نکلا ہون بہ تفرید
چلے اسطرح کر کر بات ہم جب — ملی یک زن حبشن کی راہ مین تب
اتھی برقع مین اور تھی بہت لاغر — کھڑی ہی روبرو میرے وہ آکر
لگی تب دیکھنے مجھکو نجھا او — کہی بعد اسکے مجھکو کر ندا او
کہ بول اب مجھہ سے ہی کون ایسی جوان — کہا مین تب عجم کے ملک سے ہون
کہی ڈالا مجھے تو در تعب اب — کہا بول اس تعب کا کیا سبب اب
کہی ملک حبش من تھی مین اسدم — مین دیکھی یک بیک قیوم عالم
کہا ہی یک تجلی تیرے دل پر — بھی بخشتا ہی تجھے دادار داور
ایس کے قرب سے یک فیض ایسا — کہ نین بخشتا ہی ہرگز کسکو ویسا
ہوا اسواسطے بہہ شوق مجھکو — کہ دیکھون اس گھڑی بلین آکے تجھکو
کہی بعد اسکے ہمسے وہ حق آگاہ — رہون گی مین تمھارے آج ہمراہ

کرونگی آج مین ہم ساتہہ افطار
ہمین دوسرے طرف چلنے اتہے راہ
کہ ہوا سے یک طبق نازل ہوا ہے
اتہا چہے روٹیان سے وہ طبق پور
کہے الحمد للہ آج علام
ہمیشہ بہیجتا تہا مجہکو دونان
ملے ہر ہر کو دو دو روٹیان تب
پس آئے تین کوزے آسمان سے
تہا شیرین اور لذید ایسا وہ پانی
ہوے بعد اسکے وہ عالی مناقب
اور آسے بعد ازان ملکے کتین ہم
عدی ابن مسافر کے اپر تب
اسنے اسوقت یون پیخود ہوا ہے

لگے تب یکطرف چلنے وہ چوسار
عشا کے وقت دیکہے ہم کہ ناگاہ
ہمارے روبرو آکر دہرا ہے
بہی سرکہ اور ترکاری سے معمور
کیا ہی میرے مہمانون کا اکرام
کیا آج اسطرح سے فضل واحسان
تناول ہم کئے وہ نعمت رب
کر آب اسکا نہین تہا اس جہکن سے
کہ نہین اس جل مین اسکے یک نشانی
ہمارے پاس سے اس شبکو غایب
لگے کرنے طواف کعبہ جسدم
تجلی یک کیا انوار کی تب
کہ کہتے تہے اُسے مردم ہوا ہے

یکایک وہ زن فرخندہ مقدم ۔۔۔ سر اوپر اٹھری ہی اسکی اسدم

بھی کہتی تھی او مولا کے مقرب ۔۔۔ جلاوے تجھکو جو مارا تجھے اب

فسبحان الذی فی کل آنٍ ۔۔۔ یلوح بجلاله فی کل شان

ہی عظمت اسکی اندازے سے باہر ۔۔۔ تجلی ذات کی اسکی ہی باہر

تھہر سکتے نہین ہین اسمین عالم ۔۔۔ مگر تائید ہووے اسکی جسدم

بھی صفتونکو ظہورا سکے ہو جس آن ۔۔۔ نہ تگ سکتے ہین ہرگز یکدم اکوان

مگر وہ جب کرے انکو اعانت ۔۔۔ رکھے ثابت انکو از عنایت

تجلیات کو اسکے ہی بہہ شان ۔۔۔ کہ عقلونکو کئے ہین محو و حیران

بھی سبحات جلال اسکے سراسر ۔۔۔ کئی ارواح کو بے پا و بے سر

کہا شہ نے بعد ازین قیوم عالم ۔۔۔ تجلی یک کیا میرے پہ اعظم

سنا مین یک خطاب اپنے باطن آن ۔۔۔ کہ بولا ہی بہت اسرار پنہان

کہا آخر مجھے ای عبد قادر ۔۔۔ تو چھوڑ البتہ اب تجرید ظاہر

تو لے تفرید کو توحید کے اب ۔۔۔ تو لے تجرید کو تفرید کے اب

دکھا وینگے ہم از محض مواہب — تجھے ایات سے اپنے عجایب
ملامت تو مراد اپنے کو کوی دم — اراد ے سے ہمارے ای مکرم
ہمارے رو برو تیرا قدم تب — ہوینگا بہت ثابت ای مودب
کبھی ہر گز دیکھہ مت جملہ عالم — ہمارے غیر کو تصریف یکدم
کہ تا ہوویگا ان نت ای مکرم — ہمارا دیکھنا تجھکو مسلم
تو جا بیٹھہ اب برائے نفع عالم — کہ ہین تحقیق ہم کو ای معظم
بہت سے بندگان خاص پنہان — کہ پہنچاوینگے ہم ان سبکو ایمان
تیرے ہاتھوں سے اپنے قرب کے پاس — نہین اس حرف مین یک ذرہ وسواس
کبھی مہر سے تب شہ زن جو تھی فرد — نہین مین جانتی ہون ای جوانمرد
ہی تیری جاہ کی کیا دہوم اس روز — کیا کس شان سے حق تجھکو فیروز
بلاشک تیرے سر پر ای معلا — کئے ہین نور کا یک خیمہ برپا
ملایک سب یہان سے تا سموات — ہین تیرے آس پاس اوحد الذات
تجھے ہین اولیا کی آنکھہ یکسر — تیرے عالی مقامان تجھا کر

دراز اُنکے ہوئے ہیں بہت امال	کہ پاویں وہ مقامات اور احوال
گئی وہ بل کر اسباب کے تین	نہ دیکھا پھر اُسے ہرگز کبھی مین

روایت

کہا یوں شیخ طلحہ بن مظفر	کہ میرے سے کہا محبوب اکبر
بدایت مین رہا بغداد اندر	ہوا نہیں بیس من وہاں کچھہ میسر
مین اس دم شہر کتیں چھوڑ نکلا	سو ویرانہ ایوان کسرا
سترکس بھی وہاں مین اولیا دیکھا ہون	کہ قوت پاک کو ڈھونڈتے تھے یکسیر
کہا مین دور ہی یہہ از مروت	کہ مین یہان رہکے دیوں انکو زحمت
پھر آیا جانب بغداد اُس آن	ملا وہاں ایک مرد از اہل جیلان
کہا وہ مجھکو دے یک پارۂ زر	کہ بھیجی ہی یہہ تجھکو تیری مادر
رکھہ اپنے واسطے کچھہ اُس سی مین	گیا باقی کو لے ایوان کے تین
کیا تقسیم مین اُس زر کو یکسر	شتاب اُس آن ان سب ستر ولیان پر
کہی وہ تجھکو یہہ سونا ملا کان	کہا بھیجے اُسے مجھکو مری مان

نہین دیکھا مناسب مین کہ یہہ زر — کرون مین بن تمہارے خرچ یکسر
پس آیا جانب بغداد مین پھیر — خریدیا نان رکھا سو زر سے بے دیر
شتابی سے فقیرون کو بلایا — اونکے ساتہہ مل کھانیکو کھایا
وہ ٹکرے سے رہا نہین کچہہ میرے سات — ہو خالی ہاتہہ گذراتا ہون وہ رات

روایت

بہی فرمایا ہی وہ سالار اکمل — سیاحت مین تہا مین در ایک جنگل
تہی مجہکو تشنگی سے دل گرانی — کیا چہرکاو کچہہ اسوقت پانی
کھلا میرے اوپر تب یک ترا نور — زمین و آسمان اس سے ہوے پور
نکل اس نور سے یک خوب صورت — کہ حسن اسکا تہا بیحد و نہایت
کہا تجہہ پر سلام ای عبد قادر — مین ہون تیرا خدا ہر سر ظاہر
مباح تجہہ پر کیا مین سب حرام — قبولونگا مین تیرے سارے کامان
کہا مین دور ہو ای زشت ملعون — کہ تجہکو خوب ترمین جانتا ہون
اندہیرا ہوگیا وہ یک نور یکسر — ہوا آیا وہان سے یک بدشکل ابتر

کہا پیر ایسے وہ ابلیس ہون مین ۔ دغا دینے کو آیا تھا تیرے تین

دیا حق تجھکو علم و فہم ایسا ۔ کہ سمجھا مکر میرا تھا وہ جیسا

تو میرے ہاتھہ سے پایا نجات اب ۔ نہ تجھپر کچھہ چلینگا میرا کہات اب

کہا شہ تجھہ سے ہین نت پر حذر ہون ۔ تیرے اس مکر سے بھی باخبر ہون

ہین ستہر سالکان کو اندرین راہ ۔ ڈبایا ہون کر ایسے مکر در چاہ

کہے لوگ ای امام اہل تقدیس ۔ تو کیون بوجھا کہ وہ ہی تو ابلیس

کہا محبوب سبحانی وہ ابتر ۔ کیا جب امر منہیات اوپر

مین سمجھا ہی یہہ شیطان کا تماشا ۔ کہ ان اللہ لا یامر بفحشا

کہے عبد الکریم و شیخ شعران ۔ کہ تھے کنجور علم و کشف و عرفان

کہ محبوب خدا کرتا تھا اس آن ۔ بنور عرش اعظم سیر و جولان

دیکھایا اسکو تب نو اپنا شیطان ۔ بشکل نور عرشی ای سخن دان

ولے وہ قطب انفس اور آفاق ۔ اتھا کشف حقایق بیچ جب طاق

بھی تھا حقکا عنایت اسپہ وافر ۔ پچھانا اسکا ایسا مکر نادر

وصل چہارم دربیان شمایل شریفه واخلاق لطیفه وعادات منیفه ودرین وصل سه جلوه ہست جلوۂ اول در شمایل شریفه آن ہمام علی جده وعلیه الصلوة والسلام

بیان کرتا ہون اب صورت کا اسکے | که ہی دیوانه دل مورت کا اسکے
که بیشک شکل ہین محبوب جانی | حبیب الله کا ہی نقش ثانی
وہ بدر دلکشا تہی جہلکتا او | وہ عطر جانفزا اگا ہی مہکتا او
ہی اس گلزار کا سرو خرامان | اس آئینه کا ہی عکس نمایان
ہی اس نجم منیر حسن کا نور | ہی اس بحر محیط عشق کا پور
کہے ہیں ابن قدامه اور احمد | که تہے وہ گنج علم وعشق سرمد
ہمارا قرب والا شیخ والا | ہی جس سے دین ودنیا میں اجالا
تہا بیشک اسمر اللون ای مہذب | گہینوالا رنگ کہتے ہین جسے سب
تہا قد اسکا میانه ای معلا | اتہا جسم مبارک اسکا دبلا
تہا سینه اسکا چوڑا ای مکرم | بہوان باریک ہو پیوسته باہم
بہی اسکے ریش اقدس یاد رکہه بات | اتہی چوڑی و کچہه طول کے ساتہ

بلند آواز تھا وہ شاہ ابرار — وجاہت اسکی تھی کہنے سیتی باہر
بڑی تھی اسکی قدر و شان و عظمت — تھا علم و فضل اسکا بے نہایت
بھی آئے ہین روایات ای برادر — کہ مکھی بیٹھتی نہین تھی اسپر
کہا کوی اُس سیتی ای غوث اعظم — نہین دیکھے کبھی مکھی کتین ہم
کہ بیٹھے ہو وہ تیرے بدن پہ — سبب کیا اُسکا ای روح مصور
کہا ہی یہہ وجود جد فاخر — نہین ہی کچھہ وجود عبد قادر
بھی پوچھا بار دیگر کوی یہی بات — جواب اسکو دیا سالار سادات
ہمین تیرے ساتھہ کیا مکھی کو نسبت — کہ ہے مجھہ پاس آنے کیا ہی قدرت
نہ دنیا کا ہی جیجھہ میرے اس پاس — نہ شہد آخرت ہی کچھہ میرے پاس

جلوۂ دویم در بیان اخلاق شریفہ غوث الانام علی جدہ وعلیہ الصلوٰۃ والسلام

کہا شیخ معمر بو المظفر — نہین دیکھے میرے آنکھہ ای برادر
مثال سرور اقطاب و افراد — کہ مثل اسکا زمانیکو نہین یاد
تھا بیشک خلق مین وہ احسن الخلق — تھا حفظ دوستی مین امین الخلق

تھا بے شبہہ کرم مین اکرم الناس ملا شک لطف مین تھا ارحم الناس
تھا تحقیق صدر مین سب سے زیادہ علو قدر مین سب سے زیادہ
تھا پاس عہد مین بھی سب سے اعلا بھی علم و فضل مین تھا سب سے اگلا
وہ با این عظمت و شان معلا وہ با این فخر و قدر و جاہ والا
کھڑے رہتا تھا ہر طفل کے پاس بھی کرتا تھا وہ بڈھی کا بہت پاس
ہمیشہ بیٹھتا تھا با ضعیفان بہت کرتا تواضع با فقیران
تھے دنیا کے جو اعیان و اکابر اٹھا نین ہی کبھی وہ انکے خاطر
گیا نین ہے کبھی وہ سید الناس کبھی میر و وزیر و شاہ کے پاس

روایت

کیا خضر حسینی یون روایت کیا تیرا برس مین شہ کی خدمت
نہ دیکھا مین کبھی اس سے مثل کو کہ تعظیم وہ دیا اہل دول کو
گیا نین کوئی میر و شاہ کے گھر بھی کھا انکا کھایا نین وہ بشر
بچھانے پر انو کے جا لیسہ یک پل سمجھتا تھا عقوبت ہی معجل

خلیفہ اور وزیر آئے جب اس پاس	تو جاتا گھر میں وہ اکرم الناس
نہ اٹھتا تا پئے تعظیم خاطر	وہ اپنے پیر آتا گھر سے باہر
کلام سخت سے وہ جان قدرت	بہت کرتا تھا انکو نصیحت
ادب سے بیٹھتے تھے وہ سراسر	کبھی بوسہ دیتے اُسکے ہاتھہ اوپر
کبھی جب لکھتا تھا رقعہ وہ مبارک	خلیفہ کو تو یوں لکھتا تھا بیشک
کہ فرماتا ہی سید عبد قادر	تجھے اس کام یا اسکام خاطر
ہی اسکا امر تیرے پر روان تر	اطاعت اسکی ہی واجب ترے پر
ہی وہ تیرے پر از رب عوالم	بغیر شبہہ حجت اور حاکم
خلیفہ جب وہ رقعہ دیکھتا تھا	تو بوسہ دے اسے اسطرح کہتا
ہی بیشک راست قول شیخ عالم	بھی لاتا تھا بجا وہ امر دردم

روایت

عمر بولا عجائب سے تھے وہ آفات	ہمیں رہتے تھے جسمیں شاہ دین با
تھے وہ اوقات گویا خواب یکسر	بنائے انگلیاں اس سے جتنے پر

تھے خوش بیحد و غایت اسکے اخلاق — تھے اوصاف اسکے سب خوبی مینے طاق

تھی ہمت اسکی عالی اور سخی ھات — نہ دیکھا مین جہان مین کوی اسکا سات

وضع خاصا تھا کرتا تھا جلیسی — ہو اہل علم کی کرتا انیسی

نکرتا ہمنشین اسکا گمان یون — کہ ہو وے کوی اسپاس آپنے یون

بہت یاران پہ اپنے لطف دیہرتا — اور انکی دوستی کو حفظ کرتا

اور انکے گھر کے باتین پوچھتا تھا — بدلیسی انکی انکھین موچھتا تھا

نہ آتا تھا نظر کوی ان ستی کر — تو اسکو پوچھتا تھا جہد کرکر

جو کوی کہتا تھا اسکے پاس سوگند — تو باور اسکو کرتا ای خردمند

روایت

کوی نزدیک شیخ بو الحسن آ — صفات حضرت محبوب پوچھا

کہا پر نور تھے بہت اسکی طلعت — بھی رہتا تھا ہمیشہ با بشاشت

تھے اخلاق اسکے طیب اور فاخر — تھے اوصاف اسکے کامل اور وافر

دل اسکا تھا بڑا اور نرم طینت — تہی بہت اسکی حیا و مہر و شفقت

تھا ستّر برس وہ شاہ با نام	بھی کرتا ہمنشین کا بہت اکرام
جب اسکو دیکھتا کوئی مغموم	تو فی الفور اسکا غم ہوتا تھا معدوم
بہن اپنی عمر مین ہرگز نہ دیکھا	فصاحت اور نزاہت بیچ اس سا

روایت

کہا یوں شیخ محی الدین والا	جو ہی محبوب حق کا پر لوا
کہ تھا بیشک ہمارا شیخ ہر آن	سریع الدمع یعنے بہت گریان
بہت تھا اُس مینے خوف اور خشیت	بھی تھا بہت اسمین اجلال اور ہیبت
کریم اسکے تھے اخلاق اور عادت	بہت پاکیزہ تہی اسکی طبیعت
نہین تھی فحش کو اس پاس کچھ راہ	اتھا نزدیک تر سب سے بہ اللہ
سنتے جب کوئی حد و حق کا پروا	غضب مین بہت آتا تہا وہ مولا
کبھی غصہ نکرتا اپنے خاطر	نہوتا اپنا کوئی وقت حاضر
کبھی سایل کتبین کرتا تھا رد	نہو ویے کچھہ تو دے جامہ اسے تد
تھی توفیق صمدنت اسکو رہبر	تھی تائید احمدیت اسکو یاور

تھا علم اسکو بلا شبہہ مہذب
تھا قرب اسکو بغیر شک مودب

حضور حق تھا اسکا کنج اعظم
تھا عرفان اسکا دایم حرز ہمدم

شہود رب سفیر اسکا تھا دن رات
تھا اب حق سمیر اسکا تہا دن رات

ندیم اسکا تھا بیشک انس با حق
نسیم اسکا تھا ہر دم بسط مطلق

تھا صدق اسکا نشا او فتح مایہ
تھا مبنی علم پر نیت اسکا پایہ

تھا ذکر اسکا وزیر خاص مسمآ
تھی فکر اسکی انیس و محرم راز

تھا کشف اسکا غذای جان و تن بت
تھا ذوق اسکا وہ من موہن نت

تھا ظاہر اسکا اداب شریعت
تھا باطن اسکا اسرار حقیقت

روایت

ابو عمر صریفینی واحد
کہ تھے آینہ دار وصل سرمد

کہے ہیں یون ہمارا شیخ ذی شان
محی الدین بہت ہوتا تھا گریان

بھی فرماتا تھا یون جان جانان
تجھے کیون ہدیہ بھیجون یارب یہان

کہ برہان سے ہوا تحقیق معلوم
کہ سب تیرے ہیں ملک ای رب قیوم

کبھی پڑھتا تھا یہہ بیت وہ تباہ | تو ہو معنی سے اسکے خوب آگاہ
اگر تقوی نہووے تو فصاحت | نہ دیوے نفع کچھہ ای باسعادت
جو تقوی مین ہوا ہی نام آور | زبان عجمی سے کیا اسے ڈر

روایت

کہا خضر حسینی مین تھا حاضر | کہ سرور پاس آیا ایک تاجر
کیا عرض ای امام ہر مقرب | ہوا ہی جمع میرے پاس مال اب
تو فرما اہل استحقاق کتنین | کرون تا قسمت ان پر یہہ زر مین
کیا ارشاد اسے شاہ اسن سبق کو | تو دے نا مستحق ہو یا مستحق کو
دیوے تا تجھکو وہ شہی حق تعالی | کہ رکھتا ہی تو استحقاق اسکا
بھی بخشے تجھکوان چیزون کتنین حق | کہ نین اہلیت انکی تجھکو مطلق
بھی دیکھا وہ امام اسن باطن | فقیر دل شکستہ ایک ایکدن
کہا اسکو تو ہی کیون دل شکستہ | کیا تب عرض وہ ہو دست بستہ
گیا تھا مین کنارہ رود اوپر | کہا ملاح کو اسوقت اندر

بجهے تو اس کنارے پر لجا چهوڑ — لیا میرے سیتی وہ اپنا منهہ موڑ
لے آیا کوی اسدم نذر سالار — همینی ایک اسمین تیس دینار
وہ مسکین کو کہا یہہ زر لجا تو — دے اس ملاح کو نذی سے جا تو
بهی بول اس ناخدای سنگدل کو — نکر دکوی فقیر تنگ دل کو
نکال اپنے بدن سے پیرہن تب — وہ مسکین کو دیا شاہ زمن تب
دے اس درویش کو کوئی پیس دینار — لیا ہی اس سے اس جبی کوای یار

روایت

کیا ہی یون روایت شیخ براز — جو تها شاہ کا مرید خاص وہمراز
کہ اپنے مدرسے کے بیچ یک روز — وضو کرتا تها وہ شاہ دل افروز
کئی یک چڑیہ اس پر بول اسدم — نجهایا اس طرف شاہ معظم
پڑے وہ چڑیہ جل اسوقت مرکر — کیا پوری وضو کو اپنے سرور
اٹها اس بول کا دهوا و تقرب — دیا وہ جبہ اشرف مجهے تب
بهی پہرایا کہ تا بیچ اسکتیں پین — وہ بیبیے یون اہل فقرکتین

کیا بعد اسکے یون ارشاد مولا | کہ ہی یہہ صدقہ اس حج کا بدلا

روایت

کہا اسطرح سید عبد رزاق | ہوا مشہور جب سے شاہ آفاق
کیا نین حج مگر یک بار ای یار | اتھا مین اس گھڑی ہمراہ سالار
ہور آتے وقت جاتے وقت خوشنود | اتھی دو اسکے ناقہ کی برکات
ہوے ہین داخل آکے حلے مین جب ہم | کیا یون حکم ہمکو وہ معظم
ڈہونڈو میرے لئے گھر تم ایک ایسا | کہ نا ہووے کوی گھر افقر ایسا
بہت کر جست و جو اس شہر مین ہم | کئے ہم سنت یک ویرانہ اسدم
تھی اسمین ایک بودی اور ایک بودہا | تھے کتیک انکو بچے ای مصفا
منگا والد مرا اُس سے اجازت | کہ تا یک شب کرے اسمین اقامت
دئے خوشوقت ہوکر وہ اجازت | رہا لے سبکو وہان وہ باکرامت
تھے جتنے عمدہ وہان سب آے اُس آن | مشایخ اور علما اور اعیان
کئے خدمت مین اسکے عرض یکسر | کہ اترے منزلون مین اپنے آکر

ہہین مانا ہی وہ اس عرض کو تب ۔ پس اہل حلہ چھوٹے اور بڑے سب
نیاز و نذر و بیحد لیکے آئے ۔ زر و سیم و لباس و چارپایے
بھی لائے تھے بہت سے وہ مراکب ۔ سواری واسطے از ہر جوانب
کہا سب ہمرہان کو شاہ والا ۔ ہین حصہ اپنا گھر والون کو بخشتا
جو تھے ہمراہ سرور کے کہے تب ۔ ہمین بھی اپنے حصونکو دیئے سب
پس وہ اموال سب او باکرامت ۔ کیا اس گھر کے لوگانکو عنایت
کیا ہی صبح ہوتے کوچ سالار ۔ کہا راوی کہ مدت بعد یکبار
کیا ہون شہر حلہ پر گذر مین ۔ پہنچا یا وہان وہ مرد بیکتین
ہوا تھا مال بیحد کا دھنی او ۔ تھا یکسر اہل حلہ سے غنی او
کہا میرے لیے تب او پیر اسد ہات ۔ کہ ہین اس رات کے سارے یہہ برکات

جلوہ سیوم در بیان عادات و آداب جناب محبوبیت مآب رضی اللہ عنہ و ارضاہ

کہا ہے محمد اے برادر ۔ کہ لاتا زر اگر کوئی نزد سرور
تو کہتا اسکو سجادے کے رکھ تل ۔ نہ چھیتا اسکو ہرگز وہ مکمل

پہرتا تھا لباس علما کا ای یار　　بھی چادر اوڑتا تھا وہ تیمار

بھی ہوتا تھا سوار او خچر اوپر　　لے چلتے غاشیہ سات اسکے اکثر

سخن کرتا تھا اونچی کرسی اوپر　　بلند آواز تھا وہ نور افسر

سخن کرتا تھا جسند ہم او سالار　　تو سب ہوتے اتھے خاموش یکبار

بھی کرتا امر وہ کوی کام جب　　بجا لاتے اتھے فی الفور اسے سب

او اسکو دیکھتا کوی سنگدل جب　　تو جلدی نرم دل ہوتا تھا وہ تب

اُسے کر دیکھتا تو ن ای مکرم　　تو بیشک دیکھتا تو جملہ عالم

بھی جب مسجد کو جاتا جمعہ کے دن　　تو سب بازار کے اشخاص اپس جھن

گھر سے نکلتے اتھے اگر بازار　　بجھاتے حسن کا اسکا جھلکار

مبارک منہہ کو اسکے دیکھتے سب　　وسیلہ اسکو کر منگتے دعا تب

تھی اس سرور کی شہرت او وجاہت　　بغیر شبہہ بیحد و نہایت

بروز جمعہ یکبار ای حق آگاہ　　وہ چھینکا اور کہا الحمد للہ

اُسے سب یرحمک اللہ کہے تب　　بھی پڑھنا بکس ای مودب

گرجنے کو لگی ہے مسجد ادم — تھا وہ آواز بیحد اور پیہم
خلیفہ سن اسے حیران ہوا ہے — کہا حضار سے یہہ شور کیا ہے
کہ چھینکا ہی شاہ نور قیسر — جواب اسکا دیئے ہیں لوک یکسر

روایت

لوائح مین کہا محبوب والا — بروز جمعہ جب مسجد کو جاتا
سب اہل سوق کی غفلت بجھا کر — بھر آتی اشک سے انکھہ اسکی اکثر
تصرف اسکا یون ہوتا تھا اُس آن — کہ اہل سوق بند لینے دوکانان
جھلک مین اسکے دیکھہ انوار مطلق — سبھی ہوتے اتھے مشغول با حق

روایت

کہا ہی بوالحسن ابن محمد — کہ ہیبت غوث اعظم کی تھی بیحد
طرف کوی شخص کے جب وہ بجھایا — تو وہ وحشت مین پڑکر کانپتا تھا
کبھی جب آبیٹھتا مجلس مین سرور — رہتے گرد اسکے ایسی قوم انور
کہ گویا شیر ہین وہ در مہابت — وہ سب کرتے تھے جلد اسکی اطاعت

کہا ہی بو محمد ابن اخضر | کہ تھی شاہ کا مرید او پاک منظر
مین سرما پہ گیا سرور کے نزدیک | تھا اسپر ایک جبہ بہت باریک
نکلتی تھی وہ سرور سے بہت خوشبو | بھی دیکھا اسکتین کرتا اتھا کوی

روایت

روایت ہی کہ سالار اکابر | پھرا تا تھا لباس خوب و فاخر
کہا ہی اسطرح بو الفضل بزاز | کہ یکدن خادم شاہ سرافراز
میرے نزدیک آیا اور یہہ بولا | مجھے مطلوب ہی ایک ایسا کپڑا
کہ ہووے ایک ہاتھہ اسکا بدینار | نہین ہی کم زیادہ اس سے درکار
کہا مین ہے یہہ کپڑا کسکے خاطر | کہا وہ بہر حضرت عبد قادر
کہا مین اپنے دلمین وہ نچھوڑا | خلیفے کے لئے بہی کوی کپڑا
گذرتی ہی یہہ خطرہ دلکے اوپر | چبی یک میخ میری پاون اندر
کئے تھے بہت میرے تین وہ بیکل | مین دیکھا موت کا اس غمسے چل چل
بہت لوگ اسکو چاہے لاوین باہر | ہوے کر زور وحیلے عاجز آخر

کہا اسوقت مین مجھکو اٹھاو | شتاب اس شئے کی خدمتمین لیجاؤ

مجھے لیگئے ہین ہاتھون پر اٹھا لے | اور اس سرور کے آگے لا کے ڈالے

کہا میرے لیے ای بوالفضل کیونکر | کیا تو دلمنے انکار مجھپر

قسم معبود کی ہی مین یہہ کپڑا | نہین پہنا ہون جب تک وہ نہ بولا

قسم ہی تجھکو میری عبدقادر | تو پہر ایسا لباس خوب و فاخر

کہ یک دینار کا ہو اسکا یک تار | ہی بس تو خوب ای بوالفضل یہہ بات

کفن ہی یہہ لباس خوب و اجمل | کفن میت کا ہوتا ہی سو مجمل

یہہ کپڑے میرے جو ہین خوب و مرغوب | نہین بعد الف ہوتے کسو سے خوب

مجھے وہ بادشاہ نور افسر | پہرایا ہاتھ سے میرے پاؤن اوپر

گئی وہ ہیبت اور درد فی الفور | نہین معلوم کیون تھے اس طور

مجھے معلوم نہین واللہ یہہ بات | لگا چلنے کو مین اسوقت خوش ذات

کہا سن ذرکہ مجھپر اسکا انکار | لیا تھا بے تردد شکل سیار

وصل پنجم در بیان طریق نادر امام اکابر و ثبات او و تجلیات باہر و استقامت

اور در واردات مشکل و امتحانات مایل و درین فصل دو جلوه است جلوهٔ
اول در ذکر طریق ان هادی الانام علی جده و علیه الصلوة و السلام

کہا کوی قطب عالم شیخ علی سے | طریق غوث سے ہمکو خبر دے
کہا تسلیم نت اسکا قدم تھا | بھی اپنے حول و قوت سے تبرا
طریق اسکے اتھے تجرید توحید | تھے اسکے راہ نت توحید تفرید
بھی رہنا نت عبودیت میں دایم | اتھا اس وصف پر اسرار اسکا قایم
عبودیت تھی اسکی بہت خالص | ہوے تھے تفرقے سے وہ نخالص
شہود اسکا تھا جمع الجمع رات دن | لزوم اسکو اتھا نت شرع کے سنات
کہا کوی با عدی ابن مسافر | کہ تھا او بیکران فخر اکابر
خبر دے ہمکو ای شیخ زمان اب | طریقت غوث اعظم کی ہی کس ڈھب
کہا اسکے طریق نادر ای یار | اتھے راضی ہو رہنا تحت اقدار
تھے اسمیں اسکے جان و دل موافق | تھا باطن اسکا ظاہر سے مرافق
تھا یعنے جان و دل سر و علن سبات | بتقدیر خدا ثابت وہ خوشند ہات

صفات نفس سے تھا وہ بہت دور — تھا اوصاف حمیدہ سے او معمور

ز قرب و بعد و از نفع و ضرر ب — ہوا تھا وو بیشک وہ مقرب

کہا شیخ معظم ابن بطوا — منار سالکان عالم ہو

طریق خاص محبوب مکمل — تھے بیشک اتحاد نفس با دل

بھی قول و فعل کتیں ایک کرنا — سدا تسلیم پر خاطر کو دھرنا

ہر خطرہ بہر لحظہ بہر دم — بہر وارد بہر حال ای مکرم

عمل کرنا کتاب و سنت اوپر — ہمیشہ رہنا انکے حکم اندر

رہنا سب حالمین ثابت مع اللہ — تو ہوا ای بہا ای ان بھید و نسبہ اکا

کہا ہی بو سعید قیلوی یوں — کہ تھا روشن درون قطب سبحانیوں

تھا قوت غوث کا ای یار آگاہ — مع اللہ اور فی اللہ او باللہ

تھے جتنے اولیا اندر اکابر — ہوئے قوت سے اسکے سارے قاصر

تمسک وہ کیا ایسے چلن پر — کہ نیں ہے قطع کا ہرگز اُسے ڈر

ہوا ہی اس رتبہ سے و اکرم — تمام اولیا اوپر مقدم

ہے اسواسطے قیوم اکبر — کیا برپا مقام خاص اندر
کیا ایسی وہ تحقیق اور تدقیق — کہ نین ویسی کیا ہی کوی صدیق
کہا عبد الرحیم اور گنج اسرار — گیا مین غوث کی خدمت مین یکبار
مین دیکھا اسکا ایسا حال نادر — فراغ دل اور اسکا سر باہر
کہ مجھکو وہ کیا مبہوت و حیران — پھر آیا اپنے بستی کو اسی آن
کہا مین اپنے ماموں سے اسکے بعد — امام اہل تمکین سید احمد
مجھے بولا وہ ای فرزند ہی کون — کہ پہنچے غوث کو در قوت و عون
ہی قایم جس مقام اوپر او محبوب — بھی پہنچا ہی جہان وہ حق کا مطلوب
نہین طاقت کسیکو ای مبارک — کہ پہنچے اس مقام انکو بلا شک
کہا ہی بو الحسن فرد معظم — کہ تھا فرنت کے بلکہ سے وہ اکرم
بہت جوشش ستی یکمر دیکھتین — بجھاتا اگر تو غوث فرد دیکھتین
تو کرتا تب یقین ای باسعادت — جو ہی اس شبہ کا قوت در طریقت
تمامی اصفیا کے قوتوں پر — ہی وہ نین شبہ کچھہ اسبات اندر

سداد و الزام و جہد اندر
رویہ اسکا تھا توحید مطلق
تھا یہہ وصف محبوب معظم
نظر سے اسکے غایب تھے سب اکوان
بصیرت اسکی تھی اسطرح آگاہ
نہ سیر مین اسکے کچھہ اغیار کو بار
تھا پیچھے اسکے سب ملکوت اعظم
کہا ہی شیخ ابو الفتح مکو نعال
یہہ ملاقات مین وضو سے وہ عشا کے
بھی رہتا باوضو وہ بھی فوت
عشا کے بعد وہ جاتا بخلوت
اور اس خلوت سے نہین آتا تھا وہ
خلیفہ اسکے ملنے کو کئی بار

تھا کوی اس سے قوت مین برابر
بوصف و حکم و حال ای طالب حق
کہ دل اسکا تھا فارغ از دو عالم
شہود حق تھا دمساز اسکا ہر آن
کہ وہم و شک کو نہین تھی کچھہ وہان راہ
نہ دل مین اسکے ہستی کا پندار
تھا اسکے پاؤن نیچے ملک افخم
کہ مین خدمت کیا سرور کی چل سال
نماز صبح کو پڑتا تھا سن لے
بھی جب کرتا وضو پڑتا دو رکعت
نہ کوی جاتا وہان نزدیک حضرت
مگر نزد طلوع صبح ای یار
بشب آیا ہی اور پایا نہین بار

رہا ہوں اسکی خدمت بیچ کئی رات
میں دیکھا ہوں ہمیشہ اسکو خوش ذات

پہر کر کچھہ نماز اوّل شب
خدا کا ذکر کرنا ثلث لگ تب

ہور ان اسما کو پڑہتا تھا وہ فایق
محیط و رب و فعال اور خالق

بدن اسکا کبھی ہوتا تھا لاغر
کبھی ہوتا اتھا وہ بہت اکبر

کبھی کرتا ہوا ایں لوں وہ پرواز
کہ مجھہ انکھوں سے ہوتا غیب وہ باز

پیچھے اسکے نماز اندر رہا ہو
کلام حق کتیں پڑہتا اتھا او

یہاں لگ اسکو پڑتا وہ منور
کہ جاتا تھا گذر کر ثلث دیگر

بہت تطویل کرنا سجدہ اندر
لگاتا خوب منہہ اپنا زمین پر

پس اسکے بعد ہوتا تھا مراقب
طلوع فجر لگ وہ یا مناقب

اور اس حالتیں وہ محبوب باری
دعا کرتا اتھا بہت اور زاری

تب اسکو گھیر لیتے ایسے انوار
کہ دیکھہ اسکو نہیں سکتے تھے ابصار

یہاں لگ جلوہ کرتے تھے وہ جھلکا
کہ ہوتا تھا وہ نت غایب نظارا

بھی سنتا اس کئی میں تب سنو تم
نت آواز سلام ہو علیکم

وہ دیتا تھا جو ابان اُنکے ای یار | نماز صبح کو نکلے تلک بہار

جلوهٔ دویم در ثبات انجناب فاخر در تجلیات باہر واستقامت او در واردات مشکل وامتحانات ہایل علی جده وعلیه الصلوة والسلام ما در طل دو ابل

کہا شیخ بقا فخر اکابر | ہوا میں شاہ کے مجلس میں حاضر

وہ اول پایہ کرسی کے اوپر | اتھا ارشاد میں اسوقت اندر

یکایک کر گو وہ ارشاد موقوف | ہوا ہی خاموشی کے ساتھ موصوف

اتر آیا زمین پر اسکے بعد از | گیا بر درجہ دوم او معزز

زمین دیکھا پایہ اول کو لک بیک | کہ چوڑا ہو گیا مد نظر لک

وہ کرسی ہو گئی وسعت میں جو عرش | ہوا تب سندس اخضر کا وہان فرش

امام مرسلین بیٹھا تب اس پر | بھی بوبکر و عمر عثمان و حیدر

تب اسپر چشمهٔ اسرار باریک | جھکا یہاں لک تھا کرنے کے نزدیک

نبی اللہ پکڑا اسکو آکر | کہ تھا ہر حال میں نت اسکا رہبر

لگا بعد اسکے وہ ہونیکو لاغر | ہوا ہی تا کہ چڑیہ کے برابر

پیچھے اس حال کے ترنے لگا او
ہوا بعد اسکے یہہ سبب جلوۂ نور
بقا سے کوی کہا ای شیخ ابرار
تو دیکھا کسطرح ای لب لباب
کہا مولا دیا ہی انکو قوت
ہوی تھی انکو ارواح منور
کیا ہے حق جیسے تائید و امداد
جو ہوی پہلے تجلی غوث اوپر
کہ اسکا کوی بشر نا تاب لاوے
لہذا تب جھکا ہی غوث اعظم
اتھی دوسری تجلی مبارک
لہذا وہ امام عالم نور
جمالی تھی بہت لتری تجلی

عظیم الشکل صورت مین ہوا او
میری انکھون سے تنی ای دوست مستور
بیان کر ہمکو اس رویت کے اسرار
نبی اللہ کو با چار اصحاب
کہ ظاہر ہووین وہ در شکل و صورت
یکیک کر شکل و صورت جلوہ گستر
انکی دید سے ہوتا ہی دلشاد
اتھی اسطرح مشکل ای برادر
مگر تائید جب خاتم سے پاوے
مدد اسکو کیا فی الفور خاتم
جلال ذات اقدس کے بلاشک
ہوا ہی کلکی جہوتہ تا مثل عصفور
ہی جس سے دلکو آرام و تسلی

لگا اسواسطے ترسنے وہ سرور — ہی یہہ فضل عظیم رب اکبر

جسے چاہتا ہی قیوم سب باز — اسے اس فضل سے کرتا ہی ممتاز

روایت

روایت یون کیا بوالفضل احمد — کہ ہی جیلان کا ساکن وہ مجد

کہ اِکدن سرورِ اقطاب افراد — قضا کے باب مین کرتا تھا ارشاد

اتھے شہنشاہ کے مجلس کے اندر — بہت علما و فقرا ای برادر

یکایک سقف سے یک مار اکبر — پڑا محبوب حق کے گود اندر

گئے بھاگ اس سے یکسر حاضران تب — رہا باقی اکیلا وہ مقرب

گیا تب شہ کے وہ کپڑوں کے اندر — پھر اسکے مبارک سب بدن پر

گریبان سے نکل سرور کے تب بار — کیا کرون پہ اسکے پیچ وہ مار

یہہ سب کچھہ وہ کیا پن وہ معلا — کلام اپنا کیا نین قطع اصلا

نہ جلسہ کچھہ ہوا اسکا متغیر — پھر اتب سا مجھنے وہ سانپ آکر

لگا کرنے کو وہ اسوقت آواز — بھی بولا اسکو کچھہ شاہ سرافراز

نہیں سمجھے ہمیں مطلق یہہ اسرار | گیا بعد اسکے وہاں سے جلد وہ مار
تب آبولی ہمیں ای شاہ والا | کہا یہہ سانپ کیا ہو رتو کہا کیا
جواب ہمکو دیا وہ کامل الذات | کہ پیر سے کہا وہ سانپ اسدھات
کہیں بہت اولیا کو آزمایا | نہیں مانند تیرے کسنکو پایا
کہا میں تو گرا میرے اوپر جب | قضا کی بات میں کرتا اتھا تب
نہیں ہی تو مگر ایک کرم باریک | کہ دیتی ہی تجھے تقدیر تحریک
میں چاہا یہہ کہ ناہووے میری بات | مخالف کچھ بھی میرے فعل کے سات

روایت

کہا اسطرح سید عبد رزاق | کہا میرے والد قطب آفاق
کہ میں در مسجد منصور یک رات | ادا کرتا اتھا صلوۃ خوشندہات
تب آکر روبرو میرے ایک اژدر | کہا تا منہہ کھول میرے سجدہ گہ پر
میں جب چاہا ہوں کرنے سجدہ تئین | ڈھکیل اسکو کیا سجدہ ادا اس
میں بیٹھا ہوں تشہد کے لئے جب | چڑھا او کٹے میرے ران اوپر تب

وہان سے وہ میر گردن پہ آیا ۔ بہت تندی ستی وہان پیچ کہایا
کہیا ہون جب سلام اسکو نہ پایا ۔ اثر اسکا نظر ہرگز نہ آیا
ہوی جب صبح صادق جلوہ گستر ۔ گیا مین ایک ویرانہ کے اندر
مین وہان دیکہا ہون ایک شخص مطول ۔ کہ آنکہہ اسکے پہٹے تھے اور تہے طول
کہیا مین تب گمان یہہ مرد ہی جن ۔ کہا میرے ستی وہ شخص اس چہن
بغیر شبہہ ہون وہ اژدہا مین ۔ کہ دیکہا ہی تو اسکو رات کے تین
بہت ابرار کو مین آزمایا ۔ ولی تیرے سریکا کوی نہ پایا
ہوا کوی کہا بر اپیدا و پنہان ۔ ہوا کوی مضطرب باطن مین آن
ولے گہبرایا نین تو ای معلا ۔ نہ در ظاہر نہ در باطن ذرا سا
وہ چاہا بعد ازین اسوقت اندر ۔ کرے تا توبہ میرے ہاتھہ اوپر
کرایا مین اسے توبہ سے دمساز ۔ ہوا غایب وہ تب کر تیز پرواز

روایت

کہا یون شیخ عبداللہ ای یار ۔ کہ فرمایا ہی شاہنشاہ ابرار

مجھے ہوتا تھا جب کوئی بچہ مولود ۔ تو لیتا تھا اسے مین ہاتھہ پر زود

ہمی کہتا تھا کہ یہہ میت ہی آخر ۔ پس اسکو پھار کرتا مین زخاطر

وہ لڑکا جس گھڑی جاتا تھا مر ۔ نکرتا تھا مرے دلکو مکدر

کہ مین وقت ولادت اسکو ای یار ۔ کیا تھا بیشک اپنے دل سیتی پیار

کبھی مجلس مین رہتا تھا وہ سالار ۔ کہ اولاد اسکے تب مرتے تھے بسیار

نہ مجلس قطع کرتا تھا وصیلا ۔ کبھی کرسی اوپر رہتا تھا مولا

نہ ہرگز قطع کرتا وعظ و ارشاد ۔ کہ تھا وہ تابعی مین شاہ افراد

تھے نہلانے مین اسکے لوگ شاغل ۔ فراغت اس سے جب کرتے وہ حاصل

تو آسو رکتین کرتے خبردار ۔ نماز اسکے اوپر پڑتا وہ سالار

روایت

کہا ہی شیخ ابو العباس احمد ۔ ہوا اسوار یک دن غوث امجد

چلا تھا مسجد منصور کیتین ۔ رکاب خاص مین حاضر تھا مین

پس آیا مدرسے کو وہ معظم ۔ آتا را ہی لباس پاک اسدم

ستتیا کا تڑپنے پہلو ستی تب — وہ سالار دو عالم ایک عقرب

لگا اسوقت چلنے وہ زمین پر — کہا مر اسکو وہ جلدی گیا مر

کہا بعد اسکے وہ سرور نے تین — کہ اس مسجد سے یہاں آ گئے ملک مین

یہہ بچھو سات دفعہ مجھکو کاٹا — وہ سرور پاس سے یہہ بات ادنے

وصل ششم در بیان ابتداء وعظ حضرت محبوب سبحانی و کیفیت آن و استماع اصناف خلق ازان و تشریف فرمای سید رسل و انبیا و ملایک صلی اللہ علیہ وعلیہم وعلیہ وسلم در مجلس وعظ آن برگزیدۂ رحمان و حضور رجال الغیب و ارواح اولیاء پیشین و حاضر شدن اصفیا فی وقت و خاموش کردن کبار اولیاء غائبین در وقت وعظ ان سر حلقہ محبوبین و ورود حالات نادرہ و کرامات فاخرہ در وعظ آن مقتدای اکابر و ذکر کلمات طیبات متضمن فخر و مباحات و درین وصل ہفت جلوہ است جلوہ اول در ابتداء وعظ آن ہمام علی جدہ وعلیہ

الصلوۃ والسلام

کہاں سے لاؤں یارب وہ زبان مین — کہ بولوں وعظ کا اسکے بیان مین

دم جان بخش دل افروز اسکا | تھا بیشک ہم نفس روح القدس کا

مسیحا طرح وہ روح مجرد | دیا دل مردگونکو جان بلا حد

تھے نفخ صور کے سب اسمیں آثار | کہ محشر اس سے ہوتی تھی نمودار

جب آتا وعظ میں محبوب قیوم | عجب کچھ حشر کی مچتی تھی تب دھوم

کوی سسکے کوی تڑپے ہو پرجوش | کوی مبہوت ہووے کوی مدہوش

کوی پھاڑے گریبان تلملے کوی | کوی خاموش ہوجاوے چلے کوی

کوی نور تجلی سے ہو دمساز | ہواے قدس میں کرتا تھا پرواز

کوی قید ہیولانی کو توڑے | کوی دل نور ربانی سے جوڑے

کوی دنیا کو چھوڑے لیوے عقبیٰ | کوی دونو کو تجکے ہووے خاص مولا

بیان کیونکر کرے کوی اسکی تاثیر | کہ عاجز ہے یہان تقریر و تحریر

کہا اسطرح سید عبد وہاب | کہ ہی فرزند خاص قطب اقطاب

کہ میرے والد ماجد کا ارشاد | اٹھا چالیس برس تک یہ کہا ہے یاد

شروع وعظ اسکا ای برادر | تھا سال پانصد و اکیس اندر

هور اسکا آخر وعظ مبارک — تھا پانسو اور یکبیست مین بلا شک
هور اس سالار دینکا درس فتوی — اتھا بتیس برس لگ ای مصفا
سن پانسو اور اتھاویس اندر — اتھا آغاز اسکا ای برادر
تھا اسکا انتہا بے ریب تکرار — سن پانسو یکبیست بیچ ای یار

روایت

کہا ہی شیخ عبد اللہ ای یار — کہ میرے لیے کہا سالار ابرار
کہ مین ہوتا تھا مامور مطلق — بہ بیداری و خواب اپنے جانب حق
سخن ہوتا تھا غالب میرے پر — بھی کرتا تھا ہجوم وہ دلکے اندر
تکرتا مین اگر ارشاد ہور پند — تو تھا نزدیک ہوئے دم میرا بند
خموشی پر نہوتا تھا مین قادر — دو تین آتے تھے تب مجھ پاس حاضر
وہ شوق دل سے سنتے تھے مری بات — پچھے سننے لگے سب لوگ خوشذات
تھا جلسہ میرا تب جلیہ اندر — ہجوم انکا ہوا بیحد میرے پر
مری کرسی کو لیکر شہر کے باہر — رکھے ہیں عیدگہ مین اسکو ناچار

پیادے اور سوار انکے تھے بیحد — مرے ارشاد کو سننے کیتین رد
اتھا ستر ہزار انکا عدد جان — بصدق جان و دل اس بات کو مان

روایت

کہا ہی عبد وہاب مکمل — بھی سید عبدرزاق مبجل
بھی بولے ہین کیہاتی و بزاز — کہ تھے شہ کے مریدان بیچ ممتاز
سنے سرور سے ہم ایکبار یہہ بات — کہ فرماتا اتھا کسی پہ سدات
کہ پیش از ظہر مین در روز منگل — سنجھایا ہون جمال ختم مرسل
کہا میرے سے ای فرزند دلبند — تو نین کرتا ہی کیون ارشاد و پند
کہا ای باپ ہون مین اعجمی زاد — کرون کیون بات با فصحای بغداد
وو شاہ انبیا تب مجھکو بولا — کہ کھول اپنا تو منہہ مین اسکو کھولا
پھر اتب اسمین از جوش شفقت — لعاب خاص اپنا ہفت کرت
کہا میرے لیے کر اب تو تکلم — دکھا راہ ہدایت کو بمردم
تو اب حکمت سے اور وعظ حسنے — کر اگاہ سبکو راہ ذو المنے

نماز ظہر کتیں جب ادا میں   برای وعظ کرسی پر چڑھا میں
بہت آئے تھے میرے پاس مردم   زبان میری ہوی بند از تکلم
پس اس حالت میں میں سو وقت دیکھا   جمال حیدر کرار والا
کھڑا آرو برو میرے بہ محفل   کہا تب مجھ سے وہ حلال مشکل
کہ ای فرزند میرے کیا سبب تو   نہیں کرتا ہی ہرگز بات اب تو
کہا میں ای پدر اب بے تامل   زبان ہو گی ہی میری بند بالکل
کہا میرے لیے کہول اب منہہ کو تیرے   میں حسب الحکم کہولا منہہ کو میرے
لعاب خاص اپنا شاہ کرار   دہن میں میرے تب ڈالا ہی شش بار
کہا میں کس لئے اب ای میرے رب   کیا میں سات بار اسکو طلب تب
کہا پاس ادب سے مصطفے کے   ہوا غایب وہ تب میرے نظر سے
کہا میں تب کہ غواصی فکرت   بہ بحر قلب تو بہتا ہی بسرعت
نکالے تا معارف کے جواہر   کہ آب تو تا بیمیں ہیں وہ نوادر
پس انکو ساحل سینے کے اوپر   وہ رکہتا ہی بہت خوبی سے لا کر

زبان کا اسکی تہری دُر لال آویسے
وہ موتیو نکی صفت سبہکو سنادے

وہ موتی سارے یک جا ہین یکیک
پہارے حسن طاعت سے بلاشک

گہر دنمین ایسے چلکتی انکی قیمت
کہ حق سبکو دیا ہی یہہ اجازت

کہ وہان نام اسکا لیوین سب بآواز
رہین وہان ذکر سے ننت اسکے دمساز

کہے ہین راویان یون ای مبارک
کہ تہا یہہ اول وعظ اسکا بیشک

جلوۂ دویم دربیان کیفیت وعظ شیخ الانام علی جدہ وعلیہ الصلوۃ والسلام

کہا ہی یون عفیف ابن المبارک
کہ تہا وہ علم اور عرفان مین ایک

سنا مین شاہ سے یکوقت اندر
کہ فرماتا تہا یون کرسیکے اوپر

کہ ای لڑکی تو ہو توبہ سے معمور
یہہ اپنے بیٹہنے سے مجہہ سے ہو دور

میری مجلس مین ملتے ہین ولایات
میری مجلس منے بنتے ہین درجات

ای توبہ کی خریدی کرنے ہارے
تامل کیا ہے بسم اللہ آرے

چہرہ ای عفو عنایت سے خریدار
شتابی آ لگا تا ہی تو کیون بار

آسے اخلاص کے درخواست والے
یہان جلدی سے آ نام خدا لے

تو میرے پاس آ ہفتے مین یک بیر
دیا ہر ماہ مین یکبار ہے دیر

وگرنہ سال مین یک بار آ تو
وگرنہ عمر مین یہہ فخر پا تو

بصدق و شوق میرے پاس آ تو
ہزاران نعمتان میرے سے پا تو

مسافت کر تو طی بیشک برس الف
سنے تا آگے میرے سے تو یک حرف

تو جب ہوویگا میرے پاس حاضر
مجرد ہو بباطن ہو بظاہر

عمل ہور زہد و تقوی کو انکو دیکہہ
سب احوال مصفا کو انکو دیکہہ

تو لیوے مجہہ ستی تا فیض پورا
نہین تو ہوئیگا بیشک ادہورا

یہی فرمایا ہی یون وہ کامل الذات
قسم حق کی نہین بولا مین کوئی بات

دیا نین جب تلک مجہکو قسم حق
تو باتین کر کہ ایسی ہے تو مطلق

تکلم کر مین سنتا ہون تیری بات
سنینگے کوک بھی سب اسکو خوشدل

یہی فرمایا کرون ارشاد مین جب
قسم ہی تجہکو سچ پوچہو اسے تب

کہ کرنا میرے پیرانکا یک تل
تمہارے حق مین ہیگا زہر قاتل

یہی وعظ خاص کو شاہ سرافراز
ثنا او نعت سے کرتا تہا آغاز

اول کہتا سہ بار الحمد للہ — یہہ کہہ ہر دفعہ کرتا وقفہ وہ شاہ
بھی کرتا تھا وہ شاہ با کرامات — وراثنا مے تکلم کے مناجات
عجایب ہیں وہ سب دعوات پر نور — توانکے یا دسے کرد لکو معمور
روایت یوں کئی ہیں بہتا خیار — کہ ہر ہفتے میں کرتا وعظ سہ بار
بروز جمعہ اول وقت اندر — بھی منگل کو در آخر ای برادر
یہہ دو نو وعظ اس سرور کے بیشک — تھے اسکے مدرسے میں ای مبارک
درون خانقاہ اتوار کے روز — بھی کرتا وعظ سبکو وہ دل افروز
بہت علما و فقرا ہور مشایخ — کہ تھے سر و علن میں کوہ راسخ
بصدق جان و دل اس پاس آتے — فوایدظاہر و باطن کے پاتے
بھی جب چڑھتا تھا کرسی پر وہ اکمل — بہت علمو نکا کرتا وعظ اول
بچھے کہتا حقایق اور اسرار — کہ تعداد انکا اندازسے ہی باہر
وہ سب بلسبت منے ترتے تھے سارے — نہ کوی بولے نہ تھونکے نا کہنکار
نہ چھینکے ناک اور نا کوی کھترا ہوے — نہ ہنتا ہووے اگر وہ یا برا سنے

بھی فرماتا کہ اب آخر ہوا قال — ہمیں کرتے ہیں اب ارشاد احوال

تو ہوتی تھی قیامت قایم اس آن — سب اہل بزم ہوتے تھے قایم اس آن

سبھی کرتے تھے بیحد اضطرابی — بھی وجد و حال میں آتو شتابی

تھی اسکے وعظ میں وہ قدرت ای جان — قریب و دور سنتے اسکو یکسان

جو لاتے تھے بظاہر وہان سراسر — تھے ستر الف بیشک ای برادر

رجال الغیب ہور ارواح واملاک — عدد انکا کرے کیون کوی ادراک

بھی فرماتا تہا سرور ای برادر — ضمایر اہل مجلس کے سراسر

بھی ہوتا تھا کھڑا اجنبا کامل — تو ہوتے تھے کھڑے سب اہل محفل

بھی جب کہتا تہا انکو جب رہو سب — تو سب ہوتے تہے خاموش یون سب

کہ جز دم ان منے اسوقت اند — نہ دیتا تہا اثر کچھ ای برادر

ہور اسکے وعظ کو لکھتے تہے اپنی سر — بلاشک چار سو علما ز ابرار

بھی وقت وعظ کرتا تہا وہ سرور — ہوا کے بیچ پرواز ای برادر

پھر آتا بعد ازان کرسی کے اوپر — علانیہ ہوا یون اس سے اکثر

کہا یکبار اتہ کر دور ہوا او
محمد نسبتی کی بات کو سن
کہا لوگو نسے تب اس راز کیتین
کہا مین اسکتین اسوقت اسد تہے
بھی شبہکے وعظ مین ای اہل تمکین
کدورت کے بدن سے پار ہونے
ہو اس سرور کیتین تہے تین قاری
کہ اسکے بزم مین پڑہتے تہے آیات
کہا سید ابو الفتح کرامی
کہ ایکدن وہ شہ قدرت سہایا
پڑا جسوقت مین رو دیا ہنسنا
مین تجہکو مانگ کر لیو ونگا از رب
کہا سید ہی دیکھا مین شب کو

ای اسرائیلی جاتا کیون کہرا ہو
پھر آیا کرسی اوپر وہ شہ کن
کہ دیکھا خضر کو جاتے ہوے مین
کہرا ہو کر سنا وہ سب میری بات
ہمیشہ قدر لے تجہے بے شبہہ وہ تین
حیات سرمدی سے یار ہونے
تہی قدر قربان انکی بہت بہاری
وہ کہتا تہا حقیقا نونکے خوشند ہات
کہ تہا ان قاریون مین بہت نامی
تلاوت کے لئے مجہکو بلایا —
کہا بیر سنتی تب یون کہ واللہ
اتہا ہی ایک شخص ازاد ولیاب
بغیر شبہہ بیٹہے بیچ رب کو

کھلے تھے اس طرح جنت کے سب در   رکھے تیرے لئے کرسی کو لاکر
کہے السلام تجھے کر تو سحن اب   تو بولا او نیگا بولفتح یہان جب
کہے آیا ہی وہ اب تو کہا تب   کرونگا مین تکلم بیکمان اب

روایت

یہی قاری ہستی مردنی ہی ای یار   کہ آئے غوث کی خدمت یکبار
وزیر پادشہ اور اسکا حاجب   بھی دیگر بہت سے عالی مناصب
چھپے بھید انکے بولا سب وہ اکمل   یہی خطرات انکے فرمایا مفصل
غضب سے حق کے بہت انکو ڈرایا   بھرے انکھون ستی انکو بہایا
سرون سے انکی مستی کو اُتارا   اترایا انکی ہستی سے دہولارا
پڑے سب خوف و دہشت بیچ یکبار   ہوئے حیرت ستی سب نقش دیوار
وہ گویا انکو محشر بیچ لایا   تمام اعمال کو انکے دیکھایا
جب وہ سالاہ دین کرسی سے اترا   کیا نین التفات انپر ذرا سا
کسیکا کچھہ بھی وہ پروا کیا نین   وہ قاری تب کہا سالا کیتین

بھی کوئی سرم تراش سے عبارت
کیا قتل انکو تو ای باکرامت

کہا سرور کہ ای فرزند سن بات
نہو کر سخت ملنے والی کا ہات

نکلتی نین ہے اسدم میں بالکل
نہین اس حرف مین ہرگز تامل

بھی میرا قتل انکو آچکے روز
حیات ہی انکتین کل ای دل افروز

روایت

کیمیاتی کہا آیا تہا یک بار
جناب شیخ مین تقیا کا ستردار

کبھی آیا تھا وہ شاہ کے پاس
کہا تب اسکیتین وہ سید الناس

نہو تا کاش کے ہرگز تو پیدا
تو جب پیدا ہوا تو یہہ سمجھتا

کہ تجھکو کس لیے پیدا کیا رب
ای سونے والے ہو بیدار جلد اب

دو نو آنکھہ اپنے کہول اور دیکہہ آگے
کہ فوجان آئے ہین قہر خدا کے

ارے زایل ارے راحل خبردار
کرینگا کوچ تو دنیا سے ناچار

سفر کر الف سال البتہ تو اب
سنے تا یک سخن میرے سے تو تب

بلائی تجھسے کئے شخصون کو دنیا
پنیا لا زہر کا ای ناشناسا

بجاه و مال و زر کرا انکو مغرور — کئے قتل انکو دراخر وہ پر زور

دو دک ہی راہ تجہہ سے تا بمولا — ہی دنیا ایک دک دوسری عقبا

توان دونون کو چہوڑ آن نزد مولا — کہ ہی دایم وہ سب امرو نکا ماوا

جب اترا وہ کیا کوی عرض درگاہ — کیا اسکو تو سخت ارشاد ای شاہ

کہا سرور کہ وہ ارشاد تھا نور — کہ اسکے سب اندھیر یکو کیا دور

پس اسکے بعد وہ نقبا کا سردار — بوعظ و بغیر وعظ آتا تہا بسیار

بہت عجز و ادب سے بیٹھتا تہا — کرے رحمت ہمیشہ اسپہ مولا

ہور آتا کوی جو ان کر شاہ کے پاس — کرے تا توبہ تب وہ سید الناس

اُسے اسطرح کہتا ای فلان تو — نہ توبہ پر ہوا قایم یہان تو

نہین قایم کئے ہین تجھکو جب لگ — قبولے جب تجھے آیا تو لگ یہک

نہین آیا ہی ہرگز بے طلب تو — بلائے جب تجھے آیا ہی تب تو

نہین آیا سفر بیچ تو جفا کا — کئے نہین جب تلک حاضر تجھے لا

نچھوڑے تجھکو جب تو ہمکو چھوڑا — نہ توڑے تجہہ سے جب تجھے ہمسے توڑا

نہ بھولے تجھکو تو جب ہمکو بھولا — نہ بچھڑے تجھہ سے جب تو ہمسے بچھڑا
تو کاموں میں پڑا تھا اپنے دن رات — رعایت تھی ہماری نت تیرے سات
تو تھا اپنے جفا کے بیچ حیران — ہماری تھی نظر تیری نگہبان
دیئے حرکت تجھے ہم اسکے بعد از — کریں تا قرب سے اپنے معزز
دیئے ہم وصل کا اپنے تجھے شوق — دیئے ہم انس کا اپنے تجھے ذوق
بلائے تجھکو تا لایا تو مقدم — عطایوں سے کئے تجھکو مکرم
جب آیا کوئی بوڑھا شاہ کے پاس — کرم سے اسکے رکھہ توبہ کی وہ آس
تو فرماتا اُسے شہ اے فلان تو — کیا چوک و زبونی بیکران تو
کئے تیرے لئے ہم جسقدر تعجیل — کیا امید بد کاموں میں تطویل
ہوئی ہے جسقدر تیری بڑی سن — ہوا ہے اس قدر سرکش ترا من
ہوا تو کودکی میں ہمسے مہجور — رکھے اپنے کرم سے تجھکو معذور
جوانی میں کیا تو ہمسے جنگ — کئے نہیں تجھہ پہ ہم مہلت کبھیں تنگ
تو جب پیری میں بھی ہمسے تو تڑا — ہمارا لطف تجھہ سے منہہ کو موڑا

نہین کوئی مشکل بد محشر مین اسد حال ۔ کہ ہووے خط اسود پیر کے ہات
اور آتا تھا اگر نزدیک سالار ۔ جو کوئی توڑا ہی عہد و توبہ ای یار
تو فرماتا فلانے تجھکو کی بیر ۔ پکارے ہم تو آنے مین کیا دیر
کئے ہم منع تجھکو تو نہ مانا ۔ کیا جھڑکا سے تجھکو تو نہ جانا
دیئے مہلت تجھے کئے سال گئے ماہ ۔ ولیکن کچھ ہوا نہین ہے تو آگاہ
نپائے تجھ سے ہم کچھ غیر ہجران ۔ ندیکھے تجھ سے ہم جز جرم و عصیان
تو توڑا عہد کو بے شبہ کی بار ۔ کیا ہی تو خلاف وعدہ بسیار
کرین گر عفو ہم تو کچھ نہ جانے ۔ ڈراوین ہم تجھے تو تو نہ مانے
ہوینگا حال تیرا جول کیا تب ۔ بتا ہین ہم تجھے ہر دو کر جب
کرینگے نا کبھی ہم تجھکو مقبول ۔ نہ برلاوینگے تیرا کچھ بھی مامول
نہین ہے تجھکو آیا یہہ سخن یاد ۔ کہ آیا تو ہمارے کن ہو منقاد
گھڑا دیا آ در پر ہمارے ۔ ہوا پیچھے سے یون ہم سے کنارے
اگر اسباب مین ہوتا تو صادق ۔ تو ہوتا تو ہمارے سے موافق

تو ہو تا کر ہمارے دوستان سے | بجا نا تو ہمارے آستان سے
ای بہر بخشش و احسان کی خو کر | نگہ اپنے اب خطاؤن پر نظر کر
ملون مین تجھ سے کیتا ہور تو ہے دور | کرون کیتا رفو اور تو کرے چور
کرون کیتا مین عفو و لطف تجھ پر | ہمیشہ ہور تو بولی جھوٹ مجھ پر

جلوہ سیوم در بیان انتفاع اصناف خلق از وعظ آن ہادی الانام علی جدہ علیہ الصلوۃ والسلام

کہا ہی شیخ عبد اللہ ای یار | کہ فرمایا ہی یون پیر لیسے سالار
مین چہتا ہون رہون جا کر بجنگل | مین رہتا تہا وہان جسطرح اول
ندیکہون خلق کتہین تا کبہی مین | بہی نا دیکہین کبہی وہ سب میرے تین
لیکن حق کیا ہے یہہ ارادہ | کہ مجھ سے نفع پاوین وہ زیادہ
نصاریٰ اور یہود از پانصد اکثر | ہوئے مومن میرے نزدیک آکر
بہت دزد و گنہ گار و سپاہی | کہ تھے دن رات مشغول مناہی
کئے ہیں توبہ میرے پاس آکر | عدد یک لاکھ سے انکا ہی اکثر

بغیر شبہہ ہی یہہ خبر بسیار / کبھی بولا ہی کیمیاتی یون ای یار
کہ مجلس مین شہ عالم کی ای سور / اتھی فیض و ہدایت سے سدا پور
کبھی اہل کتاب آتے اتھے وہان / بصدق جان و دل ہوتے مسلمان
کبھی آتے تھے چوران او گنہ گار / وہان اور توبہ کرتے ہوتے نکوکار
کبھی اکثر بدعتی مانند شیعہ / وہان آ بچتی افعال شنیعہ
اور اسکے پاس آیا یک مرتاب / یمن سے سنان نام ایک راہب
کہا مجھکو ہوا تھا شوق ایمان / کیا مین اپنے دلمین عزم اس آن
کہ مین ایمان نا لاؤنگا ہرگز / مگر ایسے کی خدمت مین ہو فایز
کہ اہل ارض سے ہووے وہ بہتر / نہوے روے زمین مین اسکا ہمسر
مین سویا شبکو اور اسوقت دیکھا / جمال پاک روح اللہ عیسے
کہا میرے ستی اٹھہ ای سنان اب / طرف بغداد کے ہو تو روان اب
بہمت خاص سید عبد قادر / مسلمان ہو تو با اخلاص خاطر
کہ ہی اسوقت اندر وہ مکمل / سب اہل ارض سے ہے شاہ افضل

ہوا از قوم فرنگ آئے ہیں یکبار | یہ نزد شاہ پیرا مردای یار
پس اسکے ہاتھہ پر ایمان لائے | سعادت دین اور دنیا کی پائے
کہے تب ہم ہیں مغرب کے نصارا | ہوا ایمان سے ثابت دل ہمارا
ہوا ہمکو تردد بہت اُس آن | کہ کس کے پاس جا کر لائیں ایمان
سنے ہم یک ندا ہاتف غیب | کہ فرماتا تھا ہمکو وہ بے ریب
کہ چھنے والے غرب کے اٹھو تم | طرف بغداد کے جلدی چلو تم
تم ایمان لاؤ وہان از صدق خاطر | بدست پاک سید عبد قادر
جب اسکے پاس تم لاوینگے ایمان | ترقی اسکتیں ہووینگی ہر آن
وہان دیکھینگے تم ایسی برکت | کہ دوسرون پاس نہیں ولیکی کہ

روایت

کہا ہے شیخ کامل نصر اکرم | کہ صحرائیون سے تھا مشہور عالم
ہزیمت میں تر جھوڑا اسکو ایکدن | کئے تاخیر آنے میں بہت دن
پیچھے سے آئے ہیں بعد دیر وہ تب | کہے میرے سیتی اسوقت وہ سب

اٹھے جب وعظ مین محبوب سبحان ۔ نگر ہرگز تو دعوت ہمکو اُس آن
کہا وہ کیا سبب تو بولے کہ سب ہم ۔ جناب خاص مین جاتے ہین اسدم
تعجب سے کہا وہ شیخ فاخر ۔ ایا تم بہی وہان ہوتے ہو حاضر
کہے اُس شاہ کی مجلس کے اندر ۔ ہمارے بہتر ہی مردم سے اکثر
ہماری قوم کے بہت اہل طغیان ۔ ہوے ہین صدق دلسے وہان مسلمان
بہی ہمسے بہت بدکاران پرشر ۔ کئے ہین توبہ اُسکے پاس جاکر

جلوۂ چہارم در بیان تشریف آوری سید الرسل و حضور انبیا و ملایکہ و رجال الغیب در مجلس وعظ آن پردہ دار اسرار لاریب صلی اللہ علیہ و علیہم علیہ وسلم

کہے ہین شیخ عبد الحق و عثمان ۔ کہ ہین وہ شاہ کے خاصے مریدان
سنے ہم شاہ سے یون ای برادر ۔ کہ فرماتا تہا کرسی کے اوپر
نہین پیدا کیا حق کوی ہمسر ۔ مگر آیا وہ میرے مجلس اندر
بہی نہین ہے کوی ولی عالم کے اندر ۔ مگر حاضر ہوا مجہہ پاس آکر
جو جیتے ہین سو آتے ہین بدن سے ۔ جو مرگئے ہین سو آئے جان و تن سے

جنبا عین پن ای پسر تجہہ قبر اندر ۔ نکیر و منکر از فرمان داور
تو پوچہا وصاف تیرے ان ستی تب ۔ وہ بولینگے خبر میری تجہے سب
یہی فرمانا تہا محبوب تقرب ۔ کہ خاصان ملک اور ملکوت کے سب
رجال الغیب ہور افراد پنہان ۔ سبہی ہوتے ہین حاضر شوق سیتی ہان
جناب اقدس مولا کے آداب ۔ پہر لیتے سیکتے ہین وہ ہر باب

روایت

کہا ہی قبلوی وہ تاج ابرار ۔ مین دیکھا شاہ کے مجلس مین یکبار
جمال جان فزا ی مصطفی کو ۔ بہی سارے مرسلان اور انبیا کو
دیکہا ارواح کو نبیوں کے مین تہان ۔ کہ شغل یاو سب کرتے تہے جولان
بہی دیکہا مین ملک کو وہان یکبار ۔ کہ آتے تہے جماعت پر جماعت
بہی دیکہا مین رجال الغیب سے تین ۔ سب آتے دوتر اس مجلس مین لیتے
بہی دیکہا خضر کو اس مجلس اندر ۔ کہ رہتا تہا ہمیشہ حاضر اکثر
مین پوچہا جب اسے بولا وہ یا ذبین ۔ جو چہتا ہی فلاح و فوز دارین

لو وه لازم کرے ہمت اپنے اوپر | که روز و شب رہا اس جنس ...

روایت

کہا سید محمد بن غنایم | گیا مین نزد سالار عوالم
اتھے لوگونکی تب مجلس مین کثرت | نہین تھی بیٹھنے کو لنکے نہایت
تھا شیخ دین علی حاضر بمجلس | اتھا قاری کے پایہ پاس جالس
ہوا اسوقت انگنے سے وہ ہمدوش | کہا محبوب سبکو ہو وہ خاموش
ہوئے خاموش سب اسطرح اسدم | که اسنے پاسے نین جاتا تھا جزدم
اتر کر سیج سے شاہ اولیا تب | کھڑا جا روبرو اسکے ہو وسب
لگا ہی دیکھنے گھور اسکو اسدم | ہوا اتنے مین بیدار وہ مکرم
کہا تب اس سے وہ سالار اقطاب | جمال مصطفی دیکھا تو در خواب
کہا ہان پس کہا سرور نے تب | ادب سے مین کھڑا تھا اس لئے اب
بھی پوچھا یونکہ وہ ختم رسالت | کیا کس چیز پر تجھکو وصیت
کہا بولا مجھے نبیون کا خاتم | که مین تیرا ہون خدم ملازم

پوچھا تب شیخ دین سے کوی اگر	جواب انکو دیا یون وہ مطہر
مین جو دیکھا ہون خواب ای برادر	اسے دیکھا ہی بیداری مین مقرر
ہوا مجلس مین تب شور قیامت	ہوے ہین سبات مرداز شوق ہیبت

روایت

امام دین ابو زرعہ گرامی	جو حفاظ حدیث اندر تھا نامی
کہا سروسکے مجلس مین گیا مین	زبان پاک سے اسکے سنا مین
ہیں ہی یہہ مرا وعظ گرامی	کہ ما آن جوان مردان نامی
کہ کوہ قاف کے پیچھے سے آتے	زمین و آسمان مین نہین سماتے
قدم ان قدسیون کے ہین ہوا مین	قلوب انکے جناب کبریا مین
ہی نزدیک یہہ کہ ان کے سینہ ہاے ان	جلین از آتش اشتیاق رحمان
اور اس حالت مین ابن قطب آفاق	ہی جسکا نام نامی عبد رزاق
اٹھا بیٹھا ہوا منبر کے اوپر	یہہ نزدیا سے سروہ ای برادر
اٹھایا سر ہوا برپا اسدم	رہا حیران ہو یکساعت و اکرم

ہوا بیہوش وہ اسوقت اندر لگی آگ اسکے کپڑونکو سراسر

اتر اس پاس محبوب حق آیا ہو راس آتش کیتین جلدی بجھایا

کہا بعد اسکے اسکو شاہ آفاق تو ہی اس جمع سے ای عبد رزاق

کہا راوی ہین پوچھا اس سے تب ہوا کس واسطے بیہوش تون اب

کہا دیکھا ہوا کے جب طرف مین بنجھایا وہان بہت افراد کیتین

کھڑے تھے سر کو نہڑا اپنے یکسر سخن بہرو رکا سنتے تھے سراسر

بھری تھی انکی کثرت سے ہوا سب جدہر دیکھون ادہر فرشتے تھے وہ تب

لیا تھا شوق کا گھیرا انکو ویناک لگی تھی انکے سب پوشاک کو آگ

کوی کرتا تھا ان سے آہ و زاری کوی کرتا تھا رقص از بیقراری

کوی الدا تھا اپنی جاے اندر کوی گرتا اتھا اپنے زمین پر

بھی بولا وہ کہ وقت وعظ سالار ہوا سیتی سنی جاتی تھی بسیار

ہمیشہ آہ ہو رنالے کی فریاد بھی پیشکیونکا صدا یہہ بات رکھہ یاد

کیا ہی خضر بھی یون ہی روایت مین کہتا ہون جو ہی اسمین زیادت

کہ وقت وعظ سرور بہت مردم — پٹکتے ہاتہہ جب کر دست و پا کم
تو پڑتے تھے رجال الغیب اوپر — یہہ چھینٹے سے سمجھتے انکو اکثر

روایت

کہا ہی شیخ ابو النجیب کرم نام — ہی بیٹا وہ سطر کا ای خوش انجام
تھا والد اسکا از افراد اکمل — ہی جسکے وصف مین تفصیل مجمل
کہ مین وقت وفات والد ای یار — کیا یون عرض ای گنجور اسرار
وصیت کرکے مین تیرے کدے پر — رہون کس شیخ کی خدمت مین جاکر
کہا یا غوث اعظم اقتدا کر — بھی پوچھا اسی سنی مین بار دیگر
کرون مین اقتدا کس ساتہہ فرما — کہا کر اقتدا با غوث والا
کیا مین یہہ گمان شاید کہ یہہ بات — کہا ہی مرض کے غلبے سے مجھہ ساتھ
بھی پوچھا اسکتین مین بار دیگر — کہا با شاہ عالم اقتدا کر
بھی فرمایا کہ ای فرزند دلبند — ہی جس دوران مین وہ بی مثل مانند
نہیں ہے اقتدا دوسرے سے جائز — تو مت اسبات کینتین بھول ہرگز

ہوا ہی والد ماجد مرا جب — یہین آیا غوث کے خدمت مینے تب

بہت اعیان ہور افراد اکابر — اتھے تب شاہ کے مجلس مین حاضر

سنا مین اس سیتی فرماتا اتھا یون — نہین ہو مین تمہارے واعظان تیون

نہین ہو مین بہر وقت و بہر جا — بہر حالت مگر با امر مولا

میری یہہ بات اسرار خدا مین — وہ مردان ساتہہ ہی جو ہین ہوا مین

یہہ فرماکر شہ اہل شرف تب — لگا ہے دیکھنے بالا طرف تب

گیا مین بھی تب اپنے سر کو بالا — اور اسدم روبرو سرور کے دیکھا

کھڑے ہین بہت مردان نو پیکر — ہین گھوڑے انکے بھی از نور یکسر

وہ اس کثرت سے گھیرے تھے ہوا کو — کہ مین نین دیکھہ سکتا تہا سما کو

وہ نہرا سے تھے یکسر اپنا سر — کوی روتا تھا ایسے ہوکے مضطر

اتھا پرواز نعرون کو کسی کے — لگی تھی آگ کپڑون کو کسی کے

ہوا بیہوش یہہ حالت نپہا مین — جب آیا ہوش مین حیران ہوا مین

گیا مین دور تا صفون کو کر شق — کھڑا ہون جا کے نزد شاہ مطلق

اکثر کہ کان میرا وہ سرکن | کیا ارشاد مجھکو ای کرم
تہیں تھی لیس نجہے ای باسعادت | تیرے والد کی وہ پہلی وصیت
میں پایا بہت اس سرور کی بیعت | تہی پہرایا سر اپنا از خجالت

جلوہ پنجم در بیان خاموش شدن ہمہ اولیای روی زمین ہنگام وعظ سید
محبوبین علی جدہ وعلیہ الصلوۃ والسلام

کہا عبد العزیز وہ فرد اوحد | کہ ہی محبوب کا فرزند امجد
کہا مجہہ سے علی وہ شیخ قدسی | کہ جب چڑتا میرا والد کرسی
ہوا سدم بولتا الحمد للہ | تو سبکے اولیا تب ای حق آگاہ
ادب سے سر لیسر ہوتے تہے خاموش | سبہی کہتے تہے اسکے وعظ پر گوش
اگر حاضر اچہیں یا ہودیں غایب | لہذا وہ امام ذو المناقب
تکرر اسکو فرماتا تہا نت | اور اسکے بعد کچہہ ہتا تہا ساکت
ہوا اسکے محفل انور کے اندر | ملک ہو اولیا کرتے تہے جہمگہٹ
تہے وہاں جو اولیا انکہوں سے غایب | تہے اکثر حاضروں سے نوح طالب

بھی وہاں کے حاضران پر جھلکی رحمت	برستی تھی ہمیشہ بے نہایت

روایت

روایت یوں کئے ہیں بہت امجاد	کہ ہوتے تھے وہاں حاضر سب افراد
جیسا شیخ علی و ابن بطو	دو بحر موج خیز قربت ہو
جناب بونجیب و سہروردی	بھی شیخ قیلوی و شیخ کردی
سوائے انکے بہت اعیان و افراد	ہوا ہی جن سے عالم قربت آباد
نہ آیا کوی ولی بغداد اندر	مگر حاضر ہوا شہ پاس اکثر
کہے ہیں شیخ طفسونجی بہ بغداد	نہیں آیا ولی وہ لب افراد
بوقت وعظ سرور ہو کے خاموش	خموش اسکے وعظ پر رہ کہتا تہا گوش
بھی دیکھے ہیں بہت افراد ای یار	عدی ابن مسافر کو کہی بار
کہ وہ کوہ ہکار اندر بلا شک	عصا سے کہنچتا تہا دایرہ یک
پس اس گھیرے کے اندر آپ جاتا	بھی سب یاران کو اپنے لو سناتا
جو چاہتا ہے سنے اسوقت اندر	کلام حضرت محبوب اطہر

تو پھر اس دایرے کے بیچ او بے — کلام غوث سے وہ ذوق پاو
تھے جو اسکے مریدان مین اکابر — وہ گھر بیٹھے بیچ جا ہوتے تھے حاضر
کلام اس شاہ کا سنتے تھے وہ تب — گویا مجلس مین آ بیٹھے ہین وہ سب
لکھے ہین بعضے وہ وعظ دل افروز — گئے ہین ضبط بہی وہ وقت وہ روز
گئے بغداد مین آ جب مقابل — تو ہرگز نہین ہوا ہی فرق یک تل
جب آیا دایرہ مین وہ مکرم — تو فرماتا تہا سبکو غوث اعظم
کہ ہی چشم عدی ابن مسافر — تمہارے پر بغیر شبہہ ناظر

جلوہ ششم در بیان ورود حالات نادر و ظہور کرامات باہر در مجلس وعظ آن مظہر اتم قیوم قادر علی جدہ و علیہ الصلوٰۃ والسلام عدد جمیع المظاہر

کہا ہے شیخ ابو حفص ای برادر — کہ بیٹھا مین مقابل شہ کے آکر
مین دیکھا اس گھڑی یک چیز پر نور — کہ تہی بر صورت قندیل بلور
اتر کر آسمان سے آئے لک بہک — گئے محبوب سبحانی کے منہہ لک
پہنچا یا تین بار اسطرح جب مین — لگا کرنے بہت اس سے عجب مین

رہا ہین صبر کچہہ ہی جب میرے ساتہ ۔ اتہا ہین یا کہون لوگون سے یہہ بات

پکارا مجہکو محبوب خدا تب ۔ یہی فرمایا مجہے اسوقت بیٹہہ اب

کہ بے ریب و تردد ہی ضرورت ۔ مجالس مین نکہہ رکہنا امانت

یہی راوی کہا ہی یون کہ یکبار ۔ مجہے اسطرح فرمایا ہی سالار

میرے مجلس سے ہرگز دور ہو مت ۔ کہ اسمین بعد بیٹہتے ہین خلعت

بہلا کی ہووے اس کم بخت کیتین ۔ کہ ان فیضلون سے کچہہ اسکو ملا نین

کہا راوی گئے جب اپنے روز ۔ گیا مین شاہ پاس از بخت فیروز

یکایک اونگنا تب مجہکو آیا ۔ ہین اس حالتمین کہول انکہین نہایا

ہین دیکہا بہت خلعت سبز اور لال ۔ اترتے ہین لگن سے ای نکوفال

وہ سارے خلعتان پرتے ہین آکر ۔ سراسر حاضران مجلس اوپر

ہین کہنے یہہ خبر سبکو اتہا تب ۔ مجہے محبوب سبحانی کہا تب

کہ ہو خاموش تو ای میرے فرزند ۔ کہ ہرگز نین خبر دیکہے گے مانند

روایت

کہا ہی یون ابو الفتح مطہر ہین آیا ایک دن در بزم سرور
اتھا ارشاد مین سالار ابرار کہا اسوقت اگر چاہینگا کرتار
کہ وہ پیدا کرے یک سبز طایر سنے تا وہ بیرا یہہ وعظ نادر
کرینگا اسکتین پیدا وہ بیشک ہوی نین لگ یہہ باتا آخر یکایک
ہوا پیدا وہان یک طیر اخضر اتھا صورت مین نادر وہ جناور
ہوا اسکے آستین اندر وہ طایر کیا ہور پھر نہین نکلا وہ باہر
ہوے بعضونکو کچھہ اسوقت سستی سنے نین وعظ کو اسکے بچستی
کہا چاہے اگر خلاق عالم کہ بھیجے کے طیور سبز اسدم
سنے تا وہ بیر باتون کو اگر تو بھیجیگا انو کو رب اکبر
نہین پورا ہوا لگ وہ سخن سب طیور سبز سے مجلس بھری تب
بھی ایکدن وہ ظہور عظمت حق سخن کرتا اتھا در قدرت حق
پڑے تھے لوگ لیس بیسی ہیبت بھرا تھا انمین رعب بے نہایت
کیا ہیگا کذر مجلس کے اوپر عجایب شکل کا تب یک جناور

سخن سے تھکے بعضے منہہ پھرا کر / لگے ہین دیکھنے اسکو نظر بھر
کہا حق کی قسم چاہون اگر مین / کہ بولون اُس گھڑی اس طیر کیتین
کہ مرجا پارہ پارہ ہوکے فی الفور / تو مرجاوینگا وہ فی الفور اسطور
کلام اسکا نہین پورا ہوا لک / ہو ٹکڑے گر پڑا وہ طیر لک ہک

روایت

کہا اسطرح سید عبد وہاب / ترا فرزند اس سرور کا دریاب
عجم کے ملک مین کر کر سفر مین / کیا تحصیل علم و فضل کےتین
کیا پیدا سب علمون مین مہارت / ہوا مجھکو تحیر بے نہایت
مین آیا پھر کو جب بغداد اندر / کیا یون عرض والا پاس جا کر
اگر فرماوینگا سرور سے مہتین / کرونگا وعظ شہکے رو برو مین
دیا رخصت مجھے سالار عالم / چڑھا مین وعظ کی کرسی پہ اسدم
کیا مین سب علوم دین سے ارشاد / دیا دنیا اتھا جون وعظ کا داد
کسیکے انکہہ سے انسو ڈھلا نین / کسیکا دل ترپ سے تلملا نین

ہوا نین کچھہ اثر کسکو ذرا اب
کہ چترا کرسی پہ تو ای جلوہ طور
ہین اترا وہ چترا کرسی کے اوپر
کہ ہین صایم تھا کل ہور مجھہ لیئے لا
لیتے اسکو دستر خوان کے اندر
پہونچ آکر ایک بلی اسکو توڑی
سب اہل بزم سنتے ہی یہہ ارشاد
یہہ کہکر شاہ دین کرسی سے اترا
کہا تب مجھہ سے ای فرزند میرے
ابا بہان لک کیا ہی تو سفر اب
بھی فرمایا چڑھا کرسی پہ مین جب
عطا مجھکو کیا وہ بسط بیحد
بھی کہتا ہی وہ ابعد اسکے آگاہ

کہے والد سے میرے لوگ اتب
ہمارے دل سے کر افسردگی دور
کیا ارشاد یون اسوقت اندر
تلکے کنیک اندام بچھی
رکہے یک مرتبان کل کے اوپر
ہوس پاس ین کتین اسوقت پہوڑی
لگے سب بے تاب ہوکر شور و فریاد
کیا مین عرض ہے اسکا سبب کیا
تو نازان ہی سفر پہ بہت تیرے
اشارہ آسمان اوپر کیا تب
تجلی میرے دل اوپر کیا رب
تو ہین اسطرح کی باتین کیا بد
ہین چترا کرسی پہ کرتا وعظ دلخواہ

ولے ہوتا تھا کسکو اثر تب ۔ پس آیا اس اپر میرا پدر تب

یہی کہتا تھا وہ باکرامت ۔ ای نادان ہی شجاعت صبر ساعت

یہہ سنکر لوک سب کرتے تھے زاری ۔ بھی کرتے تھے فغان و بیقراری

ہین اس سے پوچھتا تھا یہہ عجب ہے ۔ تو کر ارشاد اسکا کیا سبب ہے

کہا تیرے سے ہی تیرا تکلم ۔ ہی بیشک غیر سے میرا تکلم

تو یعنے اپنے علم و فضل کے سات ۔ سبہون سے راہ مولا کی کہا بات

ولے اسمین ہوا ہین ہے فنا تو ۔ لیا ہین ذات سے اسکے بقا تو

ہوا ہون مین فنا اپنے سے یوں ۔ ہی میرے بین اب اسکا سب ظہور

سمجھ ای بہای میرے ہوش کے سات ۔ کہ مرشد زادہ آفاق کی بات

اٹھے اسکے ہدایت بیچ بے قیل ۔ جب آیا تہا وہ کرکر علم تحصیل

جب آ تشہکے صحبت بین رہا ہے ۔ فیوض باطنی اس سے لیا ہے

ہوا ہی ظاہر و باطن مین یکتا ۔ ہوا ہی باپ سا بے مثل و ہمتا

روایت

کہا عبد اللطیف اسطرح ای یار — لگا کرنیکو ایکدن وعظ سالار

ہوا لوگونمین مستی کا اثر تب — وہ سرور آسمان پر کر نظر تب

کیا فی الفور یہہ دو بیت انشاد — ہی انکا ترجمہ یہہ رکہہ اسے یاد

پلا مت مجھکو ہرگز تو اکیلا — کہ مین خو کر کیا مجھکو تو اصلا

کہ تہا اس پیالیکو مین پیوتن — اور اپنے ہم نشینان کو ندیون

ہی بیشک تو کریم ذو المواہب — کرم کو تیرے ہی آیا مناسب

کہ ہووین میرے محفل کے ندیمان — قدح کے دور سے ہمدست حرمان

یہہ دو نو بیت کو پڑتے ہی سرور — ہوا مجلس مین برپا شور محشر

ہوا ہی سب پہ وجد حال اس آن — ہوئے بے تاب طاقت چہوڑ اوسان

کئے سب اضطرابی بے نہایت — ہوئے دو شخص نا سہہ سک یہہ حالت

روایت

کہا ہی شیخ ابو القاسم محمد — جو ہی تہہ کے مریدان مین وہ امجد

کہ مین نت بیٹھتا تہا شوق دل سے — ہمیشہ شاہ کی کرسی کے نیچے

اتھی اس سرور عالم کو تعبا — کہ وہ پایون پہ اسکے بیٹھے آ

تھے دو دو لنسے ہر پایہ کے اوپر — تھے صاحب جلال نادر وہ سراسر

ولایت انکی تھی بیحد و غایت — تھا انکے مقامون کو نہایت

ہور اسکے کرسئی اقدس کے نیچے — ہمیشہ بیٹھتے تھے لوگ ایسے

کہ حد سے بیہا تھے انکی مہابت — تھے گویا شیر وہ در رعب و ہیبت

غرض اسوقت وہ سالار ابرار — ہوا تھا وعظ مین مستغرق ای یار

کھلا تب شاہ کے پگری کا ایک پھیر — لگا کرنیکو یونہی وعظ تا دیر

لتھے مجلس مین جتنے حاضران سب — اتارے پگریان ہور تو پیان سب

دئیے پھینک انکتین نزدیک منبر — بیٹھے ہو بورسے مجلس کے اندر

ہوا جب وعظ سے فارغ وہ سالار — درست اپنا کیا اسوقت دستار

کہا پیر سے تب وہ شاہ ابرار — لجا لوگو دسے سب انکے دستار

بجا لایا یین وہ ارشاد دلبند — رہا اسوقت باقی ایک سربند

ہوا حیران مین یہہ کسکا ہی باز — کہ نین باقی رہا ہی کسکا کچھ اب

کہا میر سے تب وہ کامل الذات — تو لا دے وہ عصا یا اب مرکات

رکہا بازو پہ اپنے اسکو سرور — ہوا وہ غایب اسیدم ای برادر

اتر کرسی سے جب آیا وہ سرور — کہا تکیہ میرے بازو کے اوپر

ہوا مین دیکھہ کر یہہ بہت حیران — مجھے اسوقت بولا شاہ اکوان

ہما ہے یہان تجھے ایک اصفہان مین — اتا ہے اپنا سرپیچ اسی زمان مین

دیا لوگون کو تو جب پکریان سب — اور اسکو لا رکہا مجھہ دوش پر تب

کر اپنا تہا تہہ لنبا اصفہان سے — لئے سرپیچ کو اپنے یہان سے

روایت

کہا ہی سعد اندلسی یون ای یار — مین آیا شاہ کے مجلس مین یکبار

گیا بیٹھہ آخر مجلس مین تب مین — بیان کرتا تہا سرور زہد کیتین

مین بولا اپنے دلمین حقکا محبوب — کرے کر معرفت کا ذکر ہی خوب

وہ سرور تب بیان زہد کو چہوڑ — کیا ہی معرفت کے ذکر پہ جہوڑ

کہا عرفان کی یون اسرار کے تین — مین اپنے عمر مین اسکو سنا نین

کہا مین دلمین چاہتا ہون کہ شتاب — کرے کچھہ شوق مین ارشاد آنجناب
سخن کو معرفت کے چھوڑ سرور — لگا کرنیکو ذکر شوق یکسر
بیان اسکا کیا اسطرح سالار — کہ مین ہرگز سنا نین اسکو یکبار
کہا دلمین کرے شیخ جہان اب — بقا کا اور فنا کا کچھہ بیان اب
سخن کو شوق کے تجکر وہ سالار — لگا کہنے یہہ دونو کو بیانوار
یہہ دونو مین کیا اسطرح ارشاد — کہ مثل اسکے نتھا ہرگز مجھے یاد
کہا مین دلمین بولے وہ مقرب — حضور و غیبت اندر کچھہ سخن اب
فنا کا ہور بقا کا وہ تجا ذکر — حضور و غیب کا کرنے لگا ذکر
یہہ دونو کا کیا یون شرح محبوب — کہ ہرگز نین سنا تھا مین اس اسلوب
کہا میرے سے غوث ذوالمنن تب — کہ بس ہے یہہ تجھے ای بوالحسن اب
ہوے غارت مری طاعت کے سب اسباب — ہین پھاڑا اپنے کپڑے ہوکے بیتاب

جلوۂ ہفتم دربیان آن کلمات طیبہ کہ بحکم واما بنعمۃ ربک فحدث از عظمت شان و علو مکان خود خبر دادہ علی جدہ و علیہ الصلوۃ والسلام

کہا شیخ الشیوخ نے بات کیتین — سنا کرسی اپر محبوب سے مین

کہ ہے ہر یک ولی قرب مظہر — بلاشک یک پیمبر کے قدم پر

ولے مین ہون میرے جد کے قدم پر — چلا ہون اسمین مین ہر حال اندر

اٹھایا نین مرا جد مجید — کبھی اپنا مبارک پاے اسعد

مگر اس ٹھاؤن پر اپنا رکھا پاون — ہو بنگی دور کیون کر شخص سے چھاون

مگر ہووے کوی قدم پیغمبری کا — بجاوے کوی وہان جز اس سر کا

روایت

کہا ہے بو محمد ابن ادریس — کہ ہے سر حلقۂ اصحاب تقدیس

سنا مین ایکدن از شاہ افراد — کہ فرماتا اتھا اسطرح ارشاد

ہین انسانون کتین پیران مقرر — ہے مین جنونکتین شیخان مقرر

بھی ہینگے سب ملایک کو مشایخ — مین سب کا شیخ ہون بر وجہ راسخ

بھی کہتا ہے وہی یون سالار افراد — کیا بار دگر اسطرح ارشاد

کہ ہے میرے مین اور یکس جہان مین — تفاوت جون زمین و آسمان مین

کرو مت تم قیاس اب مجھکو کسن پر	یہی مت مجھکو سیکو مجھ برابر

روایت

کہا ہی شیخ امجد ابن اخضر	سنا سرور سے مین یون ای برادر
کہ ہو نمین سب امور خلق سے باہر	ہوا ہون مین تمہارے عقل سے باہر
ہین جتنے خلق مین مردان حق سب	بہ نزدیک قدر آتے ہین وہ جب
کہڑے رہتے ہین وہان بے شبہہ یکسر	مکہ مین ہو گیا داخل اس اندر
کھلا میرے لئے ایک اس مین روزن	کیا مین اس سے جا وہان اپنا مکمن
کیا جھگڑا وہان تقدیر رب ساتھہ	تحقق ہو یہ پھر حق پاس ادب ساتھہ
وہی ہی بے تردد مرد صادق	کہ ہووے اس سے منازع ناموافق
یہہ بات اس فرد کی ای یار جانی	ہی سب فرد کی باتون مین یگانی
ولے ہی فہم اسکا بہت دشوار	تو ایمان آپ لا کر کچھہ نہ تکرار
کئے تاویل یہان علماء اکرم	مراد اس سے معلق ہی نہ مبہم
نہ لایق اس سخن کے ہی یہہ تاویل	کہ ہی سر قدر وہ بات بے قیل

کہ ہمسے ناقص کلیتین ہی یارا   کہان رمزون کو سمجھین آشکارا
کرے ہمکو خدا اس سر سے آگاہ   بجاہ حضرت محبوب درگاہ

روایت

کہا ہی یو سعود اسطرح ای یار   کہ فرمایا ہی یون سالار ابرار
خوشی ہوی اسکو جو مجھکو نکھایا   دیا اس دیکھنے والے کو پایا
یا اسکے دیکھنے والے کو دیکھا   کہا بعد اسکے وہ سالار والا
کہ جو پایا نہین ہی میری رویت   کرینگا ذکر میرا اس کے حضرت
بھی دو سفر ایک رویت یون ہی ای یار   کہ بولا سات بار اسطرح سالار

روایت

کہے ہیں عبد حق او شیخ عثمان   کہ فرمایا ہی یون محبوب سبحان
کہ ای روی زمین کے سب خلایق   سبیکو میرے سے آ علم و حقایق
ای اسکان سما کہتا ہی مولا   جو تم نین جانتے کرتا ہون پیدا
مین ہون امین جو تم نین جانتے ہو   ای اہل شرق و غرب آ مجھہ سے سیکو

ای سب اہل عراق احوال مطلق ۔ ہی میرے پاس جون توب معلق
مین جسکو چاہتا ہون پہیرتا ہون ۔ تمہین تسلیم سے سب ہو بجو مقرون
دکھاتا ہو تمہین ان فوجون کی ہیبت ۔ کہ نہین ہی تمکو ہرگز انکی طاقت

روایت

کہا ہی شیخ ابو القاسم کہ یکبار ۔ مین لکہتا تھا کلام شاہ ابرار
کہا اسوقت میرا قلب انور ۔ ہے علم اللہ کے دل کے اندر
ہی حق کے باپ پر قایم وہ ہر آن ۔ نظر سے سب خلایق کے ہی پنہان
اور اسکے پشت سبکے پشتیبان ہی ۔ بلا شک قبلۂ اہل زمان ہی
وہ بیٹا ہی بساط قرب اوپر ۔ انیس اسکا ہی نت دادار اکبر
ہی وہ سب خلق کے بھید و نسبی ماہر ۔ دلون پر انکے ہو رہا جانون پہ ناظر
کیا ہی اسکو رب ارض و افلاک ۔ ہمیشہ دیکھنے سے غیر کے پاک
ہوا وہ اسطرح کا لوح محفوظ ۔ کہ ہی وہان سب جو ہی در لوح محفوظ
امور اہل عصر ادنی و اعلا ۔ کیا اسکے حوالے حق تعالے

تصرف اسکو دیکرا نپہ کرتا ر
کہا اسکو زبان عیب سے رب
بٹھایا اسکتین یک مسند اوپر
پھر اسکو کیا راہان دیکھانے
بھی دنیا اور عقبی کے میانے
ہی مدرک اور لا مدرک کے درمیان
نظر کرتا ہی وہ یک منہہ سے دنیا
تو دوسرے سے بجھاتا ہی بعالم
زمین و آسمان بین اسکتین حق
ارادہ جب کرے قیوم علام
پھراتا ہی اسے از یک صورت
بھی یک حالت دوسرے بیچ لاوے
کیا ہی مطلع اسکو شہ اسرار

کیا منع و عطا مین اسکو مختار
تو میرے پاس امین ہی اور وکیل بھی
تمام ارواح نبیون کے برابر
الیس کے اور سب عالم کے میانے
بہی پنہان اور ہویدا کے میانے
ہی اسکو چار منہہ بخشتا ہی رحمان
بجھاتا ہی وہ دوسرے منہہ سے عقبا
وہ دیکھے جو تجہہ سے خالق کو ہزار
خلیفہ اپنا کردانا ہی مطلق
کرے تا اس سیتی ہویدا کوی کام
بہ یک شکل و صورت از عنایت
سمجھہ مین کس طرح یہہ ہویدا لاوے
خزان سے ہی اسکے وہ خبردار

کہ ہی وہ منفرد ملک و ملک مین ‏— ہی نایب رسل کا ارض و فلک مین
امین ہی وہ خدا کے مملکت کا ‏— کہان ہی دوسرا ایسی سکت کا
اُسے روز و شب از عین عنایت ‏— نظر ہین تین سو سات از کرامت
کہین ہین یون کمیائی و براز ‏— کہ فرمایا ہی یون شاہ سرفراز
کہ ہون مین بیکران غواص آگاہ ‏— بدریای شہود و علم اللہ

روایت

محمد ابن قاید اور احمد ‏— کہے اسطرح فرمایا وہ امجد
کہ میری سیف ہے نسیکس ران ‏— کمان میری چری رہتی ہے ہر آن
نشانے پر سدا لگتی میری تیر ‏— میرا بہالا پہرے نت خصم کے دیر
تمہاری پر ہون مین حجت خدا کا ‏— ہی نایب ہون بلاشک مصطفے کا
میرا کہوترا ہی دایم زین کے سات ‏— مین ہون سلاب احوال و مقامات
دلیل وقت ہون مین بحر بیحد ‏— ہی ہون محفوظ لطف و فضل سرمد
ای ذنکو روزہ رکہنے والے ایکسر ‏— ای چلنے والے راتون کے سراسر

ای کوہ و غار کے سکان سارے	کرین تکرتے ہو سب کو ہان تمارے
ای سارے گوشہ گیران و صوامع	تمہارے دہیترین وہ سب مجامع
پڑے کو نہین کیون تم مجہہ سے منہہ موڑ	رہے کیون خشک لب اس فیض کو چہوڑ
سب آوو دوڑ تم کر بہت سرعت	طرف امر خدا کے ای جماعت
ہین ہون یک امر از امر الٰہی	ہہی میری شان از مہ تا بما ہی
ای چلنے والے راہ حق کے ہر حال	ای مردان الجوانمردان ای ابدال
شتابی آو و نا کر دیر یک تل	لیو ایسے بحر سے نین جسکو ساحل

روایت

کہا عبد اللطیف اسطرح ای یار	کہ جب کہتا تہے اسرار یہ سالار
تو فرماتا معا اسکے وہ صدیق	قسم حق کی کرو تم میری تصدیق
یقین محض ہی یہہ حرف دلخواہ	نہین ہی اسمین ہرگز شک کیتین راہ
تجہے جب بات مین لاتے ہین انجیب	تو مین کرتا ہون بات اسوقت بے ریب
عطا کرتے ہین تو کرتا ہون انعام	کرین گر امر تو کرتا ہون ہر کام

ہے عہدہ اسکا میرے امرا اوپر — دیت ہی عاقلہ اوپر مقرر

کریں تم کر میری تکذیب یکتل — تمہارے حق میں ہے وہ زہر قاتل

تمہارے دین و دنیا کو ڈباوے — خرابی آخرت کی تم پہ لاوے

ہتراہوں تیغ زن میں اور قابل — ڈراتا ہوں میں تمکو حق سے ہر حال

لگام شرع نا ہووے زبان پر — تو دیونگا خبر میں تمکو یکسر

جو کچھ کہاتے ہو اور رکھتے ہو تم سب — گھروں میں اپنے ای مردماں اب

ہیں میرے پاس تم شیشوں میں سب — تمہارا ای عیاں سر و علن سب

روایت

ہور اسکا ایکدن قاری صالح — پڑا ہے آیت نحن نسبح

کہا خاموش ہو توں ای بے ادب — کیا تب ایک نعرہ وہ مقرب

کہا کب لگ ہے اس دعوی کی تصریح — کہ ہم کرتے ہیں تقدیس اور تسبیح

کرینگے کب تلک اظہار یہ دم — کہ ہیں تسبیح کرنے والے نت ہم

کئے ظاہر تمن سب اپنے اسرار — چھپائے انکو ہم نے ریبا دکراہ

فنا کرتا ہی ہمکو قرب ہران ‏— یہی رویت ہمکو نت کرتی ہی بیجا
کریگا کون سینتی بیان اب — پس اپنا سراتہا کر یون کہا تب
کہ اترو ای ملک میرے خدا کے — میرے مجلس مین ہو بیجو حاضر کے
کبھی بیشک ہماری بزم انور — تمہارے جمع سے ہوتی ہی بہتر

روایت

کہا ہی شیخ اکبر در فتوحات — بھی شیخ عبد الکریم جیلی اسد مات
کہ محبوب خدا سالار افراد — کیا ہی اسطرح یکروز ارشاد
کرا ہی پیغمبران ہور رسلان سب — ہوئے ہین ہم نبوت سے ملقب
ولیکن ہمکو وہ چیزان دیا حق — کہ نین ہمکو دیا کچہہ اس سے مطلق
سن اس ارشاد کی معنی تو مجمل — کہ خاتم کی جو ہین اتباع کمل
طفیل اسکے بباطن ہور بظاہر — ملے انکو فیوض خاص و نادر
کہ نین پایا ہی انکو کوی مرسل — اگرچہ ہین رسل بے شبہہ افضل
کئے اسواسطے وہ سب تمنا — کہ ہوتے کاش اس امت مین پیدا

کہا یہان مختصر مین اسکو بے قیل ... کیا ہون راحت جان بیچ تفصیل

وصل ہفتم در بیان قول آن امام برحق آگاہ قدمی ہذہ علی رقبۃ کل ولی اللہ و ذکر عضو اولیاء عظام و علماء کرام در آن زمان فرخ فرجام و گردن نہادن اصفیاء حاضر و غایب تحت قدم آن رفیع المناقب و خبر دادن مشایخ ذوی الاجلال از حقیقت این بے مثال و تعظیم اصفیاء فخام انجناب بعد صدور این قول عظمت ارتسام علی جدہ و علیہ الصلوۃ والسلام و درین وصل شش جلوہ است جلوۂ اول در بیان قول آن امام برحق آگاہ قدمی ہذہ علی رقبۃ کل ولی و حضور اولیاء عظام و علماء کرام در آنوقت فرخ فرجام

ہزارون قرنہا مین عرش باری ... کرورون سے کیا دور نہاری

بہت مدت تلک افلاک گردان ... کئے ہین مرکز خاکی پہ جولان

کئے ہین بہت گردش ماہ و خورشید ... کہ پاوین جلوۂ مقصود کا بہید

تپاک دل سے مدت تلک عناصر ... ہوے اس شوق سے گرد اپنے دایر

نجوم اس ہی طلب کا دلمین دہر ذوق ... ہوے ہین شعلۂ جوالہ از شوق

سحاب ابر جو تھا شوقسن وجد تہا لی | بہت انکھون سے برسایا ہی پانی
ہمیشہ بحر کو تہا جوشش پر جوش | کہ ہووے گوہر مقصد سے ہمدوش
یکایک جوشش کر دریاے رحمت | بہانے کو لگا ہی از عنایت
ہوا ایک بے بہا گوہر عیان تب | ہاین جسکے حسن مین حیران جہان سب
وو در بے بہا ہو درة التاج | سر محبوب سے پایا ہی معراج
بلا شک یہہ در شہوار بے مول | خراج ملک معنی کا ہی ہم تول
ہین جتنے کشور قدرت کے والی | خزانے انکے ہین اُس در سے خالی
وہ دردانہ کہ ہی بسیار نادر | ہی قول حضرت محبوب فاخر
بیان کچھہ شوق سے کرتا ہون اُسکا | کر اپنے گوش جان کا اسکو جھمکا
کہ ہین بیٹے شاہ کے اولاد امجاد | ولایت فیض سے جنکی ہی آباد
ابو عبد اللہ سید عبد وہاب | جہین فرزند قطب کل اقطاب
بھی سید عبد رزاق گرامی | بھی عبد اللہ و ابراہیم نامی
بھی شیخ بوسعید و امن جاید | کہ ہین شہ کے مریدان مین اماجد

بھی شیخ الوقت محمود ابن احمد — بھی فرد العصر شرف الدین محمد
بھی شیخ بو محمد ابن خشاب — بھی شیخ عبد المغیث سطرح دریا
کہ ہم سب خانقاہ خاص اندر — اتھے حاضر بہ نزد غوث اکبر
بھی مجلس مین قریب شصت افراد — کہ مثل انکا زمانے کو ہین یاد
جتنے اوتاد اوج قربت ہو — علی و بوسعد و ابن بطوطہ
بھی موسی اور امام سہروردی — بہی جاگیر و ابو عمر اور کردی
ابو الکرم و ابو العباس موسی — ہور ابراہیم و احمد ابن عیسی
مکارم اور شیخ باذرائی — خلیفہ منبع سر خدائی
قضیب البان و ابراہیم و عثمان — ابوبکر و ابو العباس و سلطان
ابو حفص و عمر ہور ابن ادریس — جوان تھے تب یہہ بینوا اہل تقدیس
و غیرہ اصفیاء کامل الذات — کہ ہین ہیچہ مین سب تفصیل کے سات
بہی تھے وہان بہت سے علماء اعلام — کہ تھے وہ فخر شرع و قطب اسلام
بہی تھے بیحد بہت صلحا و ابرار — شمار انکا ہی اندازے سنتی بہار

دراتا ہے سخن محبوب درگاہ	کیا اسوقت یون ارشاد ناگاہ
ہی میرا پاؤن یہہ از فضل داور	خدا کے ہر ولی کے گردن اوپر
سنے سب حاضران اسبات کو جب	جھکائے گردنوکو اپنے تب
گیا ہی شیخ علی کرسی پہ اسلام	لے سرور کے قدم کو وہ مکرم
رکہا ہے اپنے گردن کے اوپر	ہوا ہی داخل اسکے دامن اندر

جلوۂ دویم در تفصیل گردن نہادن اکابر اولیاء عظام رضی اللہ عنہ وعنہم

درین جلوہ چند روایت است روایت اول در ذکر گردن نہادن قطب اسرار ملکی و ملکی شیخ بقا ابن بطو نہر ملکی بزیر قدم آن عالی مقام علی جدہ وعلیہ الصلوۃ والسلام

کہا ہے شیخ احمد ابن اسحاق	بہی عثمان جو تہا در معرفت طاق
تہے ہم دونون اس مجلس مین حاضر	کہا جسوقت وہ سالار فاخر
کہ یہہ میرا قدم از لطف داور	ہی یکسر اولیا کی گردن اوپر
سنے ساعت بقا قطب معظم	کیا گردن کو جلدی اپنے خم

روایت دویم در ذکر گردن نہادن قطب معنوی شیخ ابوسعید قیلوی رضی اللہ عنہ

کہا ہی شیخ ابوالخیر ای خردمند	کہ قطب قیلوی کا ہی وہ فرزند
مین اپنے باپ کے سنگ ای مفاخر	اتھا محبوب کے مجلس مین حاضر
کہا جب شاہ میرا پاے والا	ہی سب ولیونکی گردن پر بہر جا
کیا والد میرا گردن کیتین خم	مظفر بھی کیا یون ای مکرم

روایت سیوم در ذکر گردن نہادن قطب ربانی شیخ علی ہیتی زیرانی رضی اللہ عنہ

کہے ہین ہین شیخ نام آور	ہی تینون کا علی نام ای برادر
کہا جسوقت وہ محبوب انور	ہی میرا پا ولیونکی گردن اوپر
اتھے اسوقت حاضر ہم وہان سب	ہمین دیکھے ہین شیخ ہیت کو تب
کہ کرسی پر وہ سرور کے گیا ہی	قدم لے اسکا گردن پر رکھا ہی
ہی دامن مین ہوا ہی اسکے داخل	ہوا اسوقت پر کوی اس سے سایل
کیا کیون یون کہا تب وہ مکمل	کہ ہوون تا اطاعت مین مین اکمل

روایت چہارم در ذکر گردن نہادن قطب مقام وحدت شیخ ابوالنجیب عبدالقادر سہروردی

رضی اللہ عنہ

کہا ہی بو محمد شیخ وجدی	کہ ہی فرزند قطب سہروردی
کہا جسوقت محبوب معلا	ہی سب لیوں کی گردن پر میرا پا
اتہا والد میرا مجلس مین حاضر	کیا گردن کو لینے خم وہ فاخر

روایت پنجم در ذکر گردن نہادن قطب مقام کشف و یقین شیخ موسی بن ماہین رضی اللہ عنہ

کہا یحیی کہ مین ہمراہ والد	کہ ہی نام اسکا سعد اللہ ماجد
کبہی محبوب کے خدمتمین جاتا	شرف صحبتسی اسکی ور پاتا
کبہی نزدیک موسی ابن ماہین	کہ ہی اوج تقدس کا وہ شاہین
گئے نزدیک اسکے ایکدن ہم	کیا بغداد کا وہ عزم اسلام
ہمین بہی تہا ساتہہ اسکے ہو مسافر	ہوسے محبوب کے خدمتمین حاضر
کہا تب یہہ قدم میرا مبارک	ہی سب لیونکے گردن پر بلاشک
جہکایا شیخ موسی اپنی گردن	تو کر اسباب گیتین من کا موہن

روایت ششم در ذکر گردن نہادن قطب مکرم شیخ ابو عمرو عثمان ابو الکرم رضی اللہ عنہ

کہا ہی شیخ ابو الخیر ابن عثمان — کہ برج قرب کا ہی ماہ تابان
کہا میرا پدر میرے سیتی یاں — گیا تہا مصر مین حج کو یکبار
گیا مین بعد حج بغداد کیتین — بجہا وون وہانکے تا افراد کیتین
ہوا حاضر مین مرشد پاس آکر — تہا جسکا نام ابو الکرم معمر
گیا وہ نزد شاہ اولیا تب — یہی مین ہمراہ مرشد کی گیا تب
بہی تہا اسوقت وہاں شیخ معظم — ابو عبد اللہ دربانی اکرم
کہا اسوقت سر و یہہ مرا پاؤن — رہے سب ولیون کے گردن پہ ہر تہان
کئے خم گردن اپنے حاضران سب — رکہا مین اپنے سر کو بر زمین تب
رکہا بہی پیر میرا اپنے سر کو — گئے جب لوگ سارے اپنے گہر کو
کہا میرے سے میرا پیر یون تب — نہیں باقی زمین مین کوی ولی اب
مگر وہ اپنی گردن کو کیا خم — کئے جون حاضران سب ای مکرم

مگر یک مرد در ملک صفاہان ۔۔۔ کیا تہین گردن اپنی خم ز طغیان

ولایت ہو گئی سب اسکی نابود ۔۔۔ ہوا درگاہ سے مولا کے مردود

یہہ باتین شیخ دربانی نے سنکر ۔۔۔ کہا کہتا ہی سچ شیخ معمر

روایت ہفتم در بیان کردن نہادن قطب مقام محمدی شیخ ماجد کردی رضی اللہ عنہ

کہا شیخ سلیمان ای خردمند ۔۔۔ کہ شیخ وقت ماجد کا ہی فرزند

کہ مین والد کے ساتھہ آکر بہ بغداد ۔۔۔ ہوا حاضر بہ بزم شاہ افراد

کہا اسوقت شاہ نور افسر ۔۔۔ ہی میرا پاؤن سب ولیون کے اوپر

میرا والد یہہ سنتے ہی بلا دیر ۔۔۔ کیا فی الفور اپنے سر کیتین زیر

روایت ہشتم در ذکر کردن نہادن صاحب ملکات ملکی شیخ خلیفہ نہر ملکی رضی اللہ عنہ

روایت یون کیا ہی شیخ یحیی ۔۔۔ کہ آیا مین بہ بزم شاہ والا

مشایخ سے اتہے معمور مجلس ۔۔۔ وہان شیخ خلیفہ بھی تھا جالس

مین اس شیخ مقدس پاس بیٹھا ۔۔۔ یکایک اس گھڑی محبوب مولا

کہا میرا قدم ہی سبکے اوپر ۔۔۔ خلیفہ نے تب جھکایا اپنا سر

بھی بولا نہیں عجیب کر فرد اوحد — کہا ہی یہہ سخن از فضل سرمد

روایت نہم در ذکر کردن نہادن قدوۂ اکارم شیخ مکارم رضی اللہ عنہ

کہا شیخ ابو المجد ای نکوکار — گیا ملک سواد اندر زمین ای یار

کہ تا شیخ مکارم سے ملون مین — سعادت ہو و شرف حاصل کرون مین

مین جانتے ہی کیا وہ عزم بغداد — چلا ہمراہ مین بھی با دل شاد

وہ آیا در رباط غوث اعظم — مشائخ جمع تھے مجلس مین اسدم

وہ بیٹھا جا کے اس مجلس اس آن — میان بو نجیب و شیخ سلطان

کہا محبوب سبحانی یکایک — ہی میرا پاؤن سب ولیون پہ بیشک

جھکایا گردن اپنی تب مکارم — بھی تھے جتنے وہ مجلس کے ملازم

روایت دہم در بیان کردن نہادن مقرب بارگاہ لاہوت شیخ عثمان ابن مرزوق رضی اللہ عنہ

کہا ہی یون ابو حفص ای برادر — مین رہتا تھا بطلیح پیچ اکثر

بہ نزد قطب نامی شیخ عثمان — کہ تھا بحر محیط کشف و وجدان

بہت اس شیخ کی کرتا تھا خدمت — کبھی جاتا تھا گھر لے اس سے رخصت
رہا ہیں تین دن اس پاس یکبار — کہا روز چہارم یون وہ سالار
مین چاہتا ہون کرون بغداد کا سیر — کہا مین بھی ہون سات ای منبع الخیر
کہا بسم اللہ آ ای نیک محضر — رکھ اپنا پاؤن میرے پاؤن اوپر
گئے در عرصہ اندک ببغداد — ہور آسئے در رباط شاہ افراد
اتھے مجلس مین اسکے سب مشایخ — کہ تھے سر و علن مین کوہ راسخ
یکایک تب کہا محبوب داور — کہ ہی میرا قدم سب اولیا پر
جھکاسے حاضران سب گردن اسدم — جھکایا ہی بھی شیخ عثمان اکرم
گئے جب لوک سب مجلس سے باہر — اتھا تب شیخ عثمان مفاخر
دیا بوسہ بدست شاہ افراد — کیا محبوب سبحان اسکو ارشاد
کہ جا جلدی سے تو اپنے مکان پر — جو آیا تھا کیا وہ ای برادر
ہوا ہی جب لطایف بیچ داخل — ہوا مین شیخ سے اسوقت سایل
کہ اس آنے و جانے کا سبب کیا — کہا میرے سے تب وہ شیخ والا

ہوا مامور مین حق سے کہ جاؤن … شرف محبوب کے مجلس کا پاؤن

نہین تھا کچھ غرض مجھکو بہ بغداد … سوائے رویت سالار افراد

جلوہ سیوم در بیان گردن نہادن اکابر اولیائے عالی مناقب کہ از محفل نورانی حضرت محبوبیت مناصب غایب بودند درین جلوہ نیز چند روایات است

روایت اول در ذکر گردن نہادن قطب مقام قدوسی شیخ عبدالرحمن طفسونجی رضی اللہ عنہ وعنہم

کہا ہی شیخ ابوحفص ای خردمند … و شیخ وقت طفسونجی کا فرزند

کہ میرا باپ ایکدن مجلس اندر … کیا طفسونج مین خم آپنا سر

ہمین پوچھے کہ ہی اسکا سبب کیا … کہا اس آن ہین محبوب والا

کہا ہی یہہ میرا باپ مبارک … سبھی ولیونکی گردن پر بلاشک

لکھے وہ روز ہور وہ وقت ہم سب … خبر بغداد سین آئی ہی جب

ہوا لکھنا ہمارا ای نیکو ذات … برابر شاہ کی ارشاد کے سات

روایت دویم در ذکر گردن نہادن قطب مقام سری شیخ ابومحمد ابن عبدربہ

کہا ہے شیخ ابو طالب نے یون شرح کہ ہی فرزند دلبند ابو الفتح
گیا مین اپنے والد کے ہمراہ بہ نزد بو محمد قطب درگاہ
وہ ساعت مین وہ شیخ کامل الذات سخن کرتا تھا با اصحاب خوشدہات
سخن کو قطع کر تب وہ سرفراز ہوا ہی بیہوشی کے سات ممتاز
ہوے سب حاضران حیران و خاموش کہ تھے تعظیم مین سب اسکے پرجوش
پچھے اسکے رکھا وہ برزمین سر ہی فرمایا ہی میرے سیس اوپر
گیا بعد اسکے گھر مین وہ حق آگاہ گئے ہم دو نو بھی تب اسکے ہمراہ
تھی والد کو میرے اس پاس قربت کیا تب عرض وہ ای باکرامت
قسم حقکی ہے تجھے ای جان امید تو بول اس قول اور اس فعل کا بھید
تلطف اپنا سر بھوین پر رکھا کیون بہی میرے سرپہ ہی کر کر کہان کیون
کہا تحقیق شنا شہنشاہ افراد کیا ارشاد اب در شہر بغداد
کہ یہہ میرا قدم از فضل داور ہی یکسر اولیا کی گردن اوپر

تھے جتنے اولیا روے زمین پر … رکھے میرے تن سبب بر زمین سر
لکھا تاریخ پیرا باپ ای بھای … خبر بغداد سے بصرہمین جب آئی
دونو تاریخ تھے باہم برابر … ہوی یہہ بات سب بصرہمین اشہر

روایت سیوم در ذکر گردن نہادن قطب ربانی شیخ حیات بن قیس حرانی رضی اللہ عنہ

کہا ہی بو محمد شیخ ذی شان … مین جاتا بہت نزد قطب حرا
مین تہا خدمتمین حاضر اسکے یکروز … جھکایا اپنی گردن وہ دل افروز
ابو حفص عمر فرزند اسکا … سبب اس بات کا والدسے پوچھا
کہا ای پوت در بغداد اسدم … کہا استاد پیر غوث اعظم
کہ یہہ میرا مبارک پاے والا … ہی سب ولیونکی گردن پہ بہرجا
ہی شیخ عبد اللطیف نام اوس … کیا ہی یون روایت ای برادر

روایت چہارم در ذکر گردن نہادن مقرب باری شیخ اسوید سنجاری رضی اللہ عنہ

کہا ہی شیخ اسمعیل ای یار … جو ہی فرزند خاص قطب سنجار

که کهتا تها مرا والد به محفل | همیشه غوث اعظم کے فضایل
جو بخشا هی اسے قیوم قادر | مقامات و مناقب حد سے باهر
کبهی کوی دن بهی اسکے بزم عالی | نهین تها ذکر سے اس شہ کے خالی
وه نهرایا هی ایکدن اپنا سر | بهی فرمایا که هی میرے سر اوپر
کها تب شیخ حسین اسکا سبب کیا | کها بولا هی اب ایسا لاروالا
که یهه میرا مبارک پاے افخر | هی سارے اصفیا کے گردن اوپر
لکهے اسبابات کی تاریخ کو هم | پیچهے آنے لگے اخبار سے هم
موافق تهے دونو تاریخ اجی جان | روایت یون کیا هی شیخ عثمان

روایت پنجم در بیان کردن نهادن پیشوای زمرهٔ عشقی شیخ رسلان دمشقی
رضی الله عنه

کها یون شیخ عارف ابو محمد | که فرمایا هی حبیب محبوب امجد
هی میرا یهه قدم با زینت و زین | تمام افراد کی گردن په بے هین
اسی دم شیخ رسلان دمشقی | که تها دریا قریب وحی و عشقی

جھکایا اپنی گردن ہور کہا تد — مناقب غوث کے یاران سے بیحد
سراپا شاہ کو اسوقت اسد نات — کہ نین لکھنے مین آتے وہ عبارات
کہا بعد اس بیان کے بو محمد — کہ تھا محبوب سبحان قطب اوحد
تھا اپنے قول ہمیشہ و ہمسر — ریاست اسکو ہی سب اولیا پر
ثنا نشہ کی کہا ہے وہ مطول — کہونگا اسکو آگے مین مفصل

روایت ششم در بیان کردن نہادن امام ربانی شیخ ابو مدین مغربی تلمسانی رضی اللہ عنہ

کہا ہے شیخ صالح ذو المناقب — ابو مدین امام اہل مغرب
تھا یاران ساتھ چالس دریمین — کہا ناگاہ دھرا کر وہ گردن
تجھے لاتا ہون شاہد اے الہ مین — ہی تیرے سب ملایک کو گواہ مین
سنا مین اور کیا مین انقیاد اب — مریدان اسکا پوچھے ہین سبب تب
کہا اس آنین در شہر بغداد — کیا ارشاد یون سلطان افراد
کہ ہے پیر قدم فضل خدا سے — رقاب اندر تمامی اولیا کے

کہا راوی کہ ہم سب ای خردمند | کئے تاریخ کو اس دم قلم بند

عجب از ملک عراق آئے مسافر | کہ اُسکے مطابق اسکے ظاہر

روایت ہفتم دربیان کردن نہادن صاحب فتح اسماے و سید عبدالرحیم مصری قادری رضی اللہ عنہ

کہا سید حسن پیر مکرم | کہ قرب و معرفت میں تھا معظم

کہا محبوب سبحان جب ببغداد | ہی میرا پاؤن بر اعناق افراد

میرا والد کہ تھا صدیق پر نور | اتھا عبدالرحیم اسم اسکا مشہور

کہا گردن جھکا کر اس موافق | کہ فرمایا ہی سچ مصدوق صادق

کہا لوگ اس سے یہہ کیا ہور وہ ہی کون | جواب انکو دیا وہ قدوہ کون

کہ بیشک اسکی ہی بغداد اندر | کیا ارشاد یون محبوب داور

کہ میرا پاؤن ہے ولیون کے اوپر | اطاعت سب کئے اسکی سراسر

تھے جتنے مشرق و مغرب میں کامل | رکھے ہین گردن اُسکی پاؤنکے تل

لکھے تاریخ ہم اسوقت اندر | خبر جب آئی نہی اسکی برابر

روایت ہشتم در ذکر گردن نہادن قطب ربانی سید احمد رفاعی قدس اللہ سرہ العزیز

کہے عبدالرحیم و بوالحسن یون — کہ تھے اوج تقدس پہ قمر ہون
تھے ہم ماموں کے نزدیک اپنے یکبار — جناب سید احمد تاج ابرار
جھکایا اپنی گردن وہ یکایک — ہی بولا ہے کہہ کر گردن پہ بیشک
ہمیں پوچھے کہ ہی اسکا سبب کیا — کہا بغداد میں اب شاہ والا
کہا ہی یون کہ میرا پاے امین — ہی یکسر اولیا کی فوق گردن
ہو اسکے بہت اصحاب پیکر — کیے ہی یون روایت ای برادر

روایت نہم در ذکر گردن نہادن قطب فاخر عدی ابن مسافر رضی اللہ عنہ

کہا ہی شیخ اقدس بو محمد — ہی بولا بو المفاخر شیخ امجد
کہ ایکدن قدوۂ جمیع اکابر — امام دین عدی ابن مسافر
اتھا اس زاویے میں اپنے خوشدل ہات — کہ سنتا تھا وہاں محبوب کی بات
یکایک اپنی گردن یون جھکایا — کہ سر اسکا زمین سے پاس آیا
ہوا ہی وجد بیحد سکیستن تب — پس آیا زاویہ میں وہ مقرب

کہ ہی تیرا قدم سب اولیا پر	تجھے اسوقت فرمایا پیمبر
نہ کیونکر یون کہینگا وہ مکرم	کہ ہی سب بے ریب وہ قطب معظم
مین کرتا ہون سدا اسکی رعایت	ہمیشہ اسکو ہی میری حمایت

روایت چہارم در ذکر انچہ دو قطب فاخر سید احمد رفاعی و شیخ عدی ابن مسافر خبر داده اند رضی اللہ عنہما

کہا ہی بو محمد شیخ یوسف	کہ ہی سر حلقۂ اہل تعرف
کہا مین ایکدن از جذب خاطر	بہ نزدیک عدی ابن مسافر
کہا پیر سے وہ اکمل ہی تو کون	کہا مین ہون مرید سرور کون
کہا نت ہی مسرت سے تو ہمدم	کہ تیرا پیر ہی وہ قطب اعظم
کہ سہ صد اولیا ہی خاص رحمان	ہی ہفت صد از رجال الغیب پنہان
کہ بعضے انمین بیٹھے تھے زمین پر	اٹھے قایم ہوا مین بعضے دیگر
کہا جسوقت وہ صدیق اکبر	ہی میرا یہ قدم ہر ہر ولی پر
بیکدم شوق دل سے سب وہ کمل	رکھے ہین گردنان اسکے قدم تل

کہا راوی سنا یہہ رمز جب مین — بہت بوجہا عظیم اس حرف کیتین

ہوا ہون جلد اتہکر وہان سے ساعی — بسوے سید احمد رفاعی

کیا مین اسکے خدمت بیچ جا کر — سخن اس شیخ ماجد کا مکرر

یہہ سن تقریر میری وہ معلا — کہا شیخ عدی سنے راست بولا

روایت پنجم در ذکر آنچہ دو قطب اسرار مقام کبریائی شیخ ماجد کردی و شیخ مطر باذرای ازان خبر دادہ اند رضی اللہ عنہما

کہا شیخ عوض پیر مکرم — کہ ہیگا وہ مرید غوث اعظم

کہ مین بغداد سے باچند ابرار — گیا تہا کوہ حمرین بیچ یکبار

کرون تا شیخ ماجد کی زیارت — جب آئے اس کنے وہ باکرامت

کیا اکرام ہمکو ہور ضیافت — کئے کیے دن ہم اسکے پاس اقامت

منگے جب رخصت اس سے ہم کہا تب — یہین ہمکو زادہ دیتا ہون یکسب

کرو میرے سے تم اسکو روایت — کہ پایا اس سے ہر کوی سعادت

کہا جسوقت محبوب مطہر — کہ ہی میرا قدم ولیون کے اوپر

نہیں باقی رہا ہوین پر کوئی اکمل ۔۔ مگر گردن رکھا اسکے قدم تل
کیئے اسکا تواضع اولیا سب ۔۔ کیئے اقرار اسپر اصفیا سب
نتھے صلحاے جن کے کوئی محفل ۔۔ مگر تھے وہان ثناے غوث کے مل
تمام اطراف سے جنون کے اخیار ۔۔ سب آئے اسکے خدمت بیچ یکبار
کیئے آ اسکتیں حجر اسرار ۔۔ کیئے ہیں توبہ اسکے ہات اوپر
کہا اوی کہ رخصت اس سے لے ہم ۔۔ گئے ہیں باذرا کے بیچ اسدم
عظیم اس بات کو سمجھے تھے ہم سب ۔۔ گئے شیخ مطر کے پاس ہم تب
ہماری وہ کیا تکریم از جد ۔۔ بھی فرمایا کہ میرا بھای ماجد
دیا ہی جو خبر تمکو ز محبوب ۔۔ ہی بے ریب و تردد صدق اسلوب

روایت ششم در بیان انچہ قدوۂ اکارم شیخ مکارم رضی اللہ عنہ ازان خبر داده

کہا ہی بو محمد شیخ ذو الحال ۔۔ کہ ہی معروف وہ از ابن عزال
گیا مین سید عبد اللہ کے پاس ۔۔ کہا تب اس سے مین ای اکرم الناس
تھا حاضر تھا تو اس مجلس اندر ۔۔ کہ تیرا والد اسرار مظہر

کہا ہی آمین میرا پایے امین
ہی سارے اولیا لیکین بگردن

کہا آرے مین تہا حاضر بھی تھے وہان
زیادہ از پچاس ابرار ذی شان

مین دیکہا تب تواضع کر جہکے ہین
سراسر گردنان اپنے رکھے ہین

گیا جب گھر مین اپنے شاہ ابرار
بھی گئے اپنے گہرون کو سارے حضار

نہین باقی رہا مجلس مین کوی تد
بجز شیخ مکارم ہور محمد

بھی تھا شیخ عرینی اور داود
سوا انکے تھا وہان کوی موجود

مین بیٹھا وہان دو بہای ساتہہ یار
کہ ہین عبد العزیز و عبد جبار

کہا تب ہم سنی شیخ مکارم
کہ دکھلایا مجھے رب عوالم

کہ نین باقی رہا کوی آج کے روز
کہ ہی قرب ولایت بیچ فیروز

مگر دیکہا قطبیت کا جہنڈا
کھڑا ہے روبرو محبوب کے آ

بھی تاج غوثیت ہی اسکے سر پر
ہی دیکہا اس معظم کے تن اندر

معلا خلعت تصریف کامل
کہ ہی سب کون پر حکم اسکا شامل

دیا ہی اسکتین قیوم برحق
بعزل و نصب مختاری مطلق

وہ خلعت لبسکہ تہی پر معزز — شریعت ہور حقیقت سے مطرز
کئے سب اون لیا انکی اطاعت — رکہے ہیں دلمیں بہت اسکی محبت
ہوئے ہیں پیر لشر سب اسکے منقاد — بغیر اشتباہ جتی وس اوتاد
کہ ہیں بیشک وہ خاصان مملکت کے — اکابر وقت کے شاہان جکت کے
کہا وہ کون ہیں بولا وہ تجہکو — علی و بوسعید و ابن لطو
عدی ابن مسافر اور موسیٰ — بہی احمد اور طفسونجی والا
بہی شیخ دین حیات و بو محمد — بہی شیخ تلمسانی فرد اوحد

روایت ہفتم در بیان انچہ طیار اوج اسرار ہو شیخ لولو رضی اللہ عنہ از ان خبر دادہ

کہا ہی شیخ ابو الخیر مفاخر — کہ تہا مکے کے اندر مین مجاور
اتہا وہان شیخ لولو فرد اکرم — کہ کہتے تہے اسے سب قطب اعظم
اتہا بیشک مخاطب وہ بانفاس — تہا شیخ بارہیں ہی تب اس پاس
ہمت کرتا تہا خدمت وہ دل افروز — گیا ہیں اسکے مجلس بیچ یکروز

تھا نزدیک اسکے میرا شیخ امجد
ہی تہے کے شیخ وہاں اسوقت نامی
ہین پایا حال اسکا یون سنا مع الحق
کہا مین اپنے دل بیچ اسدم
گذرتے ہی یہہ خطرہ دل کے اندر
ہی میرا پیر سید عبد قادر
یہہ میرا پاے عالی فضل حق سے
رکھے ہین تین سو تیرا مکمل
تھے افراد زمین مین جتنے افراد
اتھے ستر ولی اسدم بحر مین
اتھے چالس عجم مین شام مین تیس
اتھے مغرب کے ملک اندر ستاویس
اتھے گیارا حبش کے ملک اندر

ابو عبد اللہ شیخ دین محمد
کہ بعلم و معرفت مین تہے گرامی
کہ نہین دیکہا اسے مین کسمین مطلق
کہ ہر رکھتا ہی نسبت یہہ معظم
کہا لے نام میرا وہ مطہر
کہ بولا ہی علانیہ نہ در سر
ہی بیشک گردن اوپر ہر ولیکے
سب اپنی گردن اسکے پاون کے تل
ہوے ہین سر بسر سب اسکے منقاد
عراق اندر اتھے تب سات بیلے مین
اتھے سرحد ملک مصر مین بیس
اتھے ملک یمن کے بیچ تیویس
اتھے نزدیک سد ہفت ای برادر

بھی تھے نیتاہہ ہندوستان کے اندر — تھے سینتالیس کوہ قاف اوپر
جو ہیں بحر محیط اندر جزایر — انہے اسمین ہیچ سب چوبیس کا بر

جلوہ پنجم در بیان خبر دادن اولیاء عظام کہ قول آنجناب عالی مقام از امر ملک علام بود عز شانہ و درین جلوہ نیز چند روایت است اول در خبر دادن شیخ علی ہیتی رضی اللہ عنہ

کہا ہے شیخ کامل بو محمد — کہ کشف و معرفت مین ہے ممجد
کہا جب حضرت محبوب والا — ہے سب ولیونکی گردن پر مرا پا
چڑھا اسوقت میرا شیخ اوحد — علی جسکے کمالون کو نہیں حد
وہ شاہ اولیا کی کرسی اوپر — ہوا داخل ہے اسکے دامن اندر
لے اس سالار کا پاے مبارک — رکھا ہے آپنی گردن پہ بیشک
کہے اصحاب اسکے ای معلا — کیا تو کس لئے اسطرح فرما
کہا انکو کہ بیشک غوث مطلق — ہوا اس قول پر ماموراز حق
بھی حق اسکو دیا ہے اذن از فضل — جو منکر ہووے ولی اسکو کرے عزل

مین چاہا اسلیئے اول سبھون سے
اطاعت بیچ ہوون داخل اسکے

روایت دوم در بیان خبر دادن سر حلقۂ اکابر شیخ عدی ابن مسافر رضی اللہ عنہ

کہا ہی شیخ ابو البرکات والا
کہ مین یکروز اپنے عم سے پوچھا

عدی ابن مسافر قطب نامی
کہ اگلے اولیا سے کوی گرامی

کہا میرا قدم ہی اولیا پر
سوا سے حضرت محبوب اکبر

کہا بولا نہین کوی قرب والا
کہا مین اس سے معنی اسکی ہی کیا

کہا میرے سے وہ یہہ قول فاخر
مقام فردیت سیتی ہی مخبر

کہا مین ہر زمانے مین ہی یک فرد
کہا آرے ولیکن کوی جوانمرد

نہین ہرگز ہوا مامور از حق
کہ بولے یہہ سخن جز غوث مطلق

کہا مین اس سے پھر آیا وہ سرور
ہوا مامور رب سے اس سخن پر

کہا آرے ہوا مامور از رب
رکھے نین گردن اپنی اولیا سب

مگر اس امر کے خاطر بلاریب
نہین اثبات مین ہرگز ذرا ریب

تو آیا نین نظر کرتا ملک پر
کہ سجدہ نین کیئے آدم کو یکسر

ہوا ین جب تلک امر انکو حق کا | ہمیشہ کر تو تکرار اس سبق کا

روایت سیوم دربیان خبر دادن قطب مقام معنوی شیخ ابوسعید قیلوی کا رضی اللہ عنہ

کہا ہی بوالحسن فخر اکابر | کہ ہی فرنث کی بلاکسے وہ فاخر
پوچھا کوی میرے شیخ معنوی سے | امام وقت قطب قیلوی سے
کہ فرمایا ہی سید عبد قادر | ہی میرا پاؤن پر ہر فرد فاخر
ایا وہ شاہ تھا مامور از غیب | کہا مامور تھا حق سے بلا ریب
یہہ قول اسکا لسان قطبیت ہے | بغیر قطب کسکو یہہ سکت ہے
ولے ہر وقت مین کوی قطب نامی | ہوا ینن امر سے ہرگز گرامی
جو نین حق سے ہوا مامور ہرگز | نہین ہی بولتا یون اسکو جایز
ولیکن جو ہوا مامور از حق | نہین جایز خموشی اسکو مطلق
جو امر حق سے ہوتا ہی مشرف | بغیر شبہہ ہے اعلی واشرف
یہہ بات اسکی شفاعت کی زبان ہے | یہہ رتبہ سارے قطبون کو کہان ہے

روایت چہارم در خبر دادن قطب الوقت سید احمد رفاعی رضی اللہ عنہ

کہا ہے شیخ ابراہیم ذی نام — مرا والد ابو الحسن علی نام
کہا ماموں سے اپنے سید احمد — مقام و حال کو جسکے نہیں حد
کہ فرمایا ہے محبوب منور — ہے میرا پاؤں سب ولیوں کے اوپر
کہا ہے یہہ سخن وہ قطب عالی — بِاَمرٍ اَو بِلاَ اَمرٍ ابنِ ایلی
جواب اسکو دیا وہ قرب مظہر — بل امر حق سے فرمایا ہے سرور

روایت پنجم در بیان خبر دادن قطب مقام سری شیخ ابو محمد ابن عبداللہ
